سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

# صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(۲۰۴ھ۔۲۶۱ھ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد دہم

نور فاؤنڈیشن

نام کتاب : صحیح مسلم جلد دہم (اردو ترجمہ کے ساتھ)

ایڈیشن اوّل : قادیان انڈیا 2012

تعداد : 1000

ناشر : نظارت نشر واشاعت صدر انجمن احمدیہ قادیان
ضلع گورداسپور، پنجاب 143516

مطبع : فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان

ISBN : 978-81-7912-195-X

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

سید ولد آدم فخر المرسلین خاتم النبیّین رسول مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے لئے بطور رہنما مبعوث کیا اور فرمایا:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ
وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيرًا (الاحزاب ۲۲)

یعنی یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے۔

نیز فرمایا:

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (الحشر:۸)

رسول جو تمہیں عطا کرے تو اسے لے لو اور جس سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو جمع کر کے محدثین نے امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ بانئ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام فرماتے ہیں:

> ”قرآن شریف کی اور احادیث کی جو پیغمبر خدا سے ثابت ہیں اتباع کریں۔ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن شریف کے مخالف نہ ہو ہم واجب العمل سمجھتے ہیں اور بخاری اور مسلم کو بعد کتاب اللّٰہ اصحّ الکتب مانتے ہیں۔
>
> (ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۱۰۷،۱۰۸)

نیز آپؑ نے احادیث کو پرکھنے کا یہ بہترین اصول پیش فرمایا ہے کہ:

''اگر ایک حدیث ضعیف درجہ کی بھی ہو بشرطیکہ وہ قرآن اور سنت اور ایسی احادیث کے مخالف نہیں جو قرآن کے موافق ہیں تو اس حدیث پر عمل کرو۔''

(روحانی خزائن جلد ۱۹، کشتی نوح، صفحہ نمبر ۶۴)

جو کتب صحاح ستہ میں شامل ہیں ان میں سے ایک صحیح مسلم ہے جسے حضرت امام مسلم نے جن کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری ہے جمع کیا۔ ان احادیث کے مختلف زبانوں میں تراجم بھی ہوئے۔ ہر مترجم نے اپنے اپنے علم اور فہم کے مطابق ترجمہ کرنے کی کوشش کی۔ اکثر ترجمے پرانی طرز کے ہیں جن کا سمجھنا عربی کا علم نہ رکھنے والوں اور مبتدیوں کے لئے آسان نہیں ہے۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ کی طرف سے احادیث کے تراجم کرنے کی غرض سے ''نور فاؤنڈیشن'' کا قیام فرمایا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں نور فاؤنڈیشن نے صحیح مسلم کا ترجمہ کر کے شائع کیا۔ اس ترجمہ میں حسب ضرورت حاشیہ میں ضروری نوٹ بھی دئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں کام کرنے والوں کی خدمت کو قبول فرما کر ان کو اس دنیا اور اگلے جہاں میں احسن جزا عطا فرمائے۔ آمین

نظارت نشر و اشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد اور اجازت سے صحیح مسلم کے ان تراجم کو ہندوستان میں پہلی بار شائع کر رہی ہے۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور آپؐ کے عملی نمونہ کے مطابق اپنی زندگیاں گذارنے اور سنوارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

حافظ مخدوم شریف

ناظر نشر و اشاعت قادیان

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

# مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری تھا۔ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکرالدین لقب تھا۔آپ قبیلہ بنو قشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔لیکن بعض علماء اور مؤرخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔جسے امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

**صحیح مسلم** کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دار الکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔اس میں 7563 روایات ہیں۔مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''**مثلہ**'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23،24 دار ابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصاً مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جا رہا ہے۔

اس وقت **صحیح مسلم** کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔ جس کی دسویں جلد **کتاب الامارة ، کتاب الصید والذبائح وما یؤکل من الحیوان** اور **کتاب الاضاحی** پر مشتمل ہے۔

**صحیح مسلم** جلد دہم میں ابواب کی ترقیم **دار الکتاب العربی بیروت الطبعة الاولٰی** کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفهرس**" کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر "**تحفة الاشراف للمزی**" کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفهرس للاحادیث**" کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔ اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہفتم حدیث نمبر 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہشتم حدیث نمبر 2766 سے 3142 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد نہم حدیث نمبر 3143 سے 3374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دہم حدیث نمبر 3375 سے 3645 تک کی احادیث پر مشتمل ہے اور جلد یازدہم انشاء اللہ، حدیث نمبر 3646 سے شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ **صحیح مسلم مطبوعه دار الکتاب العربی بیروت** کے مطابق ہے۔

جلد دہم میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔ اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔ اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ ان احادیث کی اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کردی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس عنوان یا

کتاب کے تحت آ رہی ہے۔مثلاً

مسلم جلد دہم کتاب الامارة کی روایت نمبر 3375 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی ہی کتاب کے کتاب الامارة میں روایت نمبر3376 باب الناس تبع لقریش و الخلافة فی قریش میں بھی موجود ہے۔جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔اسی طرح مسلم کتاب الامارة کی حدیث نمبر3375 بخاری میں کتاب المناقب روایت نمبر 3493 باب المناقب میں بھی موجود ہے،جس کا ذکر تخریج میں کر دیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور مسلم کی احادیث کی تخریج کے لئے بخاری کی احادیث کے نمبر فتح الباری کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ابو داؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر ابو غدة کی ترقیم کے مطابق ہیں۔سنن ابن ماجہ کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

## عناوین

### کتاب الامارة

صفحہ

## كتاب الصيدوالذبائح وما يوكل من الحيوان

## کتاب الاضاحی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# كِتَابُ الْإِمَارَةِ

# امارت کے بارہ میں کتاب

## [1]54:بَاب: النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ وَالْخِلَافَةُ فِي قُرَيْشٍ

## اس بات کا بیان کہ لوگ قریش کے تابع ہیں اور خلافت قریش میں ہے

3375{1} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِيَانِ الْحِزَامِيَّ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي حَدِيثِ زُهَيْرٍ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و قَالَ عَمْرٌو رِوَايَةً النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي هَذَا الشَّأْنِ مُسْلِمُهُمْ لِمُسْلِمِهِمْ وَكَافِرُهُمْ لِكَافِرِهِمْ [4701]

3375: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگ اس بات میں قریش کے تابع ہیں۔ان کے مسلمان ان کے مسلمان کے اور ان کے کافر ان کے کافر (کے تابع ہیں۔)

3376{2} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ

3376: ہمام بن منبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں یہ وہ باتیں ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کرکے بتائیں۔ پھر

**3375** : اطراف : مسلم کتاب الامارۃ باب الناس تبع لقریش والخلافۃ فی قریش 3376
تخریج : بخاری کتاب المناقب باب المناقب 3493، 3495، 3496

**3376** : اطراف: مسلم کتاب الامارۃ باب الناس تبع لقریش والخلافۃ فی قریش 3375
تخریج : بخاری کتاب المناقب باب المناقب 3493، 3495، 3496

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي هَذَا الشَّأْنِ مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ وَكَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ [4702]

انہوں نے اس میں سے کچھ احادیث کا ذکر کیا۔ ان میں (سے ایک یہ) ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگ اس بات میں قریش کے تابع ہیں ان کے مسلمان ان کے مسلمان کے اور ان کے کافران کے کافر کے تابع ہیں۔

3377{3} و حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ [4703]

**3377**: حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا لوگ خیر اور شر میں قریش کے تابع ہیں۔

3378{4} و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ هَذَا الْأَمْرُ فِي قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ اثْنَانِ [4704]

**3378**: حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ اختیار قریش میں رہے گا جب تک کہ دو شخص بھی باقی ہیں۔

3379{5}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ح و حَدَّثَنَا رِفَاعَةُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْوَاسِطِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللَّهِ

**3379**: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں اپنے والد کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا۔ یہ معاملہ ختم نہیں ہوگا یہانتک کہ ان میں بارہ خلفاء ہوجائیں۔ وہ (حضرت جابر بن سمرہؓ)

---

**3377** : تخریج : **ترمذی** کتاب الفتن باب ما جاء ان الخلفاء من قریش 2227

**3378** : تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب مناقب قریش 3501 کتاب الاحکام باب الامراء من قریش 7140

**3379** : اطراف : **مسلم** کتاب الامارة باب الناس تبع لقریش.... 3380 ،3381، 3382 ، 3383 ، 3384 **بخاری** کتاب الاحکام باب الاستخلاف 7223 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی الخلفاء 2223 **ابو داؤد** کتاب المهدی 4279 ، 4280

الطَّحَّانَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنَّ هَذَا الْأَمْرَ لَا يَنْقَضِي حَتَّى يَمْضِيَ فِيهِمْ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ ثُمَّ تَكَلَّمَ بِكَلَامٍ خَفِيَ عَلَيَّ قَالَ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ[4705]

کہتے ہیں پھر آپؐ نے کچھ فرمایا جو مجھ پر مخفی رہا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟ انہوں نے کہا کہ سب قریش میں سے ہوں گے۔

3380{6}حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَزَالُ أَمْرُ النَّاسِ مَاضِيًا مَا وَلِيَهُمْ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا ثُمَّ تَكَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلِمَةٍ خَفِيَتْ عَلَيَّ فَسَأَلْتُ أَبِي مَاذَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَلَمْ يَذْكُرْ لَا يَزَالُ أَمْرُ النَّاسِ مَاضِيًا[4707,4706]

**3380**: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا لوگوں کا معاملہ چلتا رہے گا یہاں تک کہ ان میں بارہ سردار ہو جائیں۔ پھر نبی ﷺ نے ایک بات کہی جو مجھ پر مخفی رہی۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟ انہوں نے کہا کہ سب قریش میں سے ہوں گے۔

ایک اور روایت میں لَا يَزَالُ اَمْرُ النَّاسِ مَاضِيًا کے الفاظ نہیں ہیں۔

3381{7}حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ

**3381**: حضرت جابر بن سمرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا اسلام بارہ

**3380** : اطراف : مسلم کتاب الامارة باب الناس تبع لقریش ...3379 ،3381 ، 3382 ، 3383 ، 3384

بخاری کتاب الاحکام باب الاستخلاف7223 ترمذی کتاب الفتن باب ماجاء فی الخلفاء 2223 ابو داؤد کتاب المهدی 4279 ، 4280

**3381** : اطراف : مسلم کتاب الامارة باب الناس تبع لقریش .... 3379 ، 3380، 3382 ، 3383 ، 3384 =

حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَزَالُ الْإِسْلَامُ عَزِيزًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً لَمْ أَفْهَمْهَا فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ فَقَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ [4708]

خلفاء ہونے تک غالب رہے گا۔ پھر آپ (ﷺ) نے ایک بات کہی جو میں نہ سمجھ سکا۔ میں نے اپنے والد سے کہا کہ آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟ انہوں نے کہا کہ وہ سب قریش میں سے ہوں گے۔

3382{8} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ هَذَا الْأَمْرُ عَزِيزًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ أَفْهَمْهُ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ فَقَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ [4709]

**3382**: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا یہ معاملہ بارہ خلفاء ہونے تک غالب رہے گا۔ وہ (حضرت جابر بن سمرہؓ) کہتے ہیں کہ پھر آپؐ نے کچھ فرمایا جو میں سمجھ نہ سکا۔ میں نے اپنے والد سے کہا کہ آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟ انہوں نے کہا کہ سب قریش میں سے ہوں گے۔

3383{9} حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ح و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَزْهَرُ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ انْطَلَقْتُ إِلَى

**3383**: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اپنے والد کے ساتھ گیا۔ میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا یہ دین بارہ خلفاء ہونے تک ہمیشہ غالب اور مضبوط رہے گا۔ پھر آپؐ نے کوئی بات کہی جو

= **بخاری** كتاب الاحكام باب الاستخلاف 7223 **ترمذی** كتاب الفتن باب ماجاء فی الخلفاء 2223 **ابوداؤد** كتاب المهدی 4279، 4280

**3382** : **اطراف** : **مسلم** كتاب الامارة باب الناس تبع لقريش .... 3379، 3380، 3381، 3383، 3384
**بخاری** كتاب الاحكام باب الاستخلاف 7223 **ترمذی** كتاب الفتن باب ماجاء فی الخلفاء 2223 **ابوداؤد** كتاب المهدی 4279، 4280

**3383** : **اطراف** : **مسلم** كتاب الامارة باب الناس تبع لقريش .... 3379، 3380، 3381، 3382، 3384
**بخاری** كتاب الاحكام باب الاستخلاف 7223 **ترمذی** كتاب الفتن باب ماجاء فی الخلفاء 2223 **ابوداؤد** كتاب المهدی 4279، 4280

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي أَبِي فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ لَا يَزَالُ هَذَا الدِّينُ عَزِيزًا مَنِيعًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً فَقَالَ كَلِمَةً صَمَّنِيهَا النَّاسُ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا قَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ [4710]

لوگوں نے مجھے سننے نہ دی۔ میں نے اپنے والد سے کہا کہ آپؐ نے کیا فرمایا؟ انہوں نے کہا کہ سب قریش میں سے ہوں گے۔

3384{10}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا حَاتِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِسْمَعِيلَ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ كَتَبْتُ إِلَى جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ مَعَ غُلَامِي نَافِعٍ أَنْ أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَكَتَبَ إِلَيَّ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جُمُعَةٍ عَشِيَّةَ رُجِمَ الْأَسْلَمِيُّ يَقُولُ لَا يَزَالُ الدِّينُ قَائِمًا حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ أَوْ يَكُونَ عَلَيْكُمُ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ عُصَيْبَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَفْتَتِحُونَ الْبَيْتَ الْأَبْيَضَ بَيْتَ كِسْرَى أَوْ آلِ كِسْرَى وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ فَاحْذَرُوهُمْ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ إِذَا أَعْطَى اللَّهُ أَحَدَكُمْ خَيْرًا فَلْيَبْدَأْ بِنَفْسِهِ وَأَهْلِ بَيْتِهِ

**3384**: عامر بن سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن سمرہؓ کو لکھا اور اپنے غلام نافع کے ہاتھ بھیجا کہ مجھے کوئی ایسی بات بتائیں جو آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو۔ عامر کہتے ہیں انہوں نے میری طرف لکھا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے جمعہ کے دن شام کے وقت جب اسلمی کو رجم کیا گیا تھا سنا۔ آپؐ نے فرمایا دین ہمیشہ قائم رہے گا یہانتک کہ قیامت آجائے یا فرمایا تم میں بارہ خلفاء ہوں گے۔ وہ سب قریش میں سے ہوں گے۔ میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مسلمانوں کا ایک چھوٹا گروہ کسریٰ کا سفید محل فتح کرے گا یا کسریٰ کا گھر یا آلِ کسریٰ کا اور میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت سے پہلے کذّاب ہوں گے۔ ان سے بچو اور میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب اللہ تم میں سے کسی کو مال دے تو وہ اپنے نفس سے اور اپنے اہل بیت سے

**3384**: اطراف : **مسلم** كتاب الامارة باب الناس تبع لقريش .... 3379، 3380 ، 3381 ، 3382 ، 3383

**بخاری** كتاب الاحكام باب الاستخلاف 7223 **ترمذی** كتاب الفتن باب ماجاء فى الخلفاء 2223 **ابو داؤد** كتاب المهدى 4279 ، 4280

وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ أَنَا الْفَرَطُ عَلَى الْحَوْضِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ مُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ أَرْسَلَ إِلَى ابْنِ سَمُرَةَ الْعَدَوِيِّ حَدِّثْنَا مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ حَاتِمٍ [4712,4711]

شروع کرے اور میں نے آپؐ کوفرماتے ہوئے سنا کہ میں حوض پر پہلے پہنچا ہوں گا۔

## [2]55:بَاب الِاسْتِخْلَافِ وَتَرْكِهِ

## خلیفہ کے تقرر کرنے یا نہ کرنے کا بیان

3385{11} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَضَرْتُ أَبِي حِينَ أُصِيبَ فَأَثْنَوْا عَلَيْهِ وَقَالُوا جَزَاكَ اللَّهُ خَيْرًا فَقَالَ رَاغِبٌ وَرَاهِبٌ قَالُوا اسْتَخْلِفْ فَقَالَ أَتَحَمَّلُ أَمْرَكُمْ حَيًّا وَمَيِّتًا لَوَدِدْتُ أَنَّ حَظِّي مِنْهَا الْكَفَافُ لَا عَلَيَّ وَلَا لِي فَإِنْ أَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي يَعْنِي أَبَا بَكْرٍ وَإِنْ أَتْرُكْكُمْ فَقَدْ تَرَكَكُمْ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

**3385**: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جب میرے والد پر حملہ ہوا تو میں ان کے پاس موجود تھا۔ لوگوں نے ان کی تعریف کی اور کہا ''جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا'' اللہ تعالیٰ آپؓ کو بہترین بدلہ دے۔ آپؓ نے فرمایا (میں) رغبت رکھنے والا (بھی ہوں) اور ڈرنے والا (بھی ہوں) انہوں نے کہا کہ خلیفہ مقرر کر دیجئے۔ آپؓ نے کہا کیا میں تمہارا بوجھ زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی اُٹھاؤں؟ میں چاہتا ہوں کہ اس میں میرا حصہ برابر کا ہو۔ نہ مجھ پر کوئی گرفت ہو نہ مجھے کچھ ملے۔

**3385** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب الناس تبع لقريش.... 3386

**تخريج** : **بخاری** کتاب الاحکام باب الاستخلاف 7218 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی الخلافة 2225 **ابوداؤد** کتاب الخراج والفيء والامارة باب فی الخليفة يستخلف 2939

وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ اللَّه فَعَرَفْتُ أَنَّهُ حِينَ ذَكَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ [4713]

اگر میں کسی کو جانشین بناؤں تو انہوں نے بھی جانشین بنایا جو مجھ سے بہتر تھے یعنی حضرت ابوبکرؓ۔ اگر میں تمہیں (بغیر جانشین مقرر کرنے کے ) چھوڑ جاؤں تو وہ تمہیں (بغیر جانشین مقرر کرنے کے ) چھوڑ گئے تھے جو مجھ سے بہتر تھے (یعنی ) رسول اللہ ﷺ۔ حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں کہ جب آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کا ذکر کیا تو میں جان گیا کہ آپؓ جانشین مقرر نہیں کریں گے۔

3386{12} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالَ إِسْحَقُ وَعَبْدٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي سَالِمٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى حَفْصَةَ فَقَالَتْ أَعَلِمْتَ أَنَّ أَبَاكَ غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ قَالَ قُلْتُ مَا كَانَ لِيَفْعَلَ قَالَتْ إِنَّهُ فَاعِلٌ قَالَ فَحَلَفْتُ أَنِّي أُكَلِّمُهُ فِي ذَلِكَ فَسَكَتُّ حَتَّى غَدَوْتُ وَلَمْ أُكَلِّمْهُ قَالَ فَكُنْتُ كَأَنَّمَا أَحْمِلُ بِيَمِينِي جَبَلًا حَتَّى رَجَعْتُ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَسَأَلَنِي عَنْ حَالِ النَّاسِ وَأَنَا أُخْبِرُهُ قَالَ ثُمَّ قُلْتُ لَهُ إِنِّي سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ مَقَالَةً فَآلَيْتُ أَنْ أَقُولَهَا لَكَ زَعَمُوا أَنَّكَ

**3386**: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت حفصہؓ کے پاس گیا انہوں نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے باپؓ جانشین مقرر کرنے والے نہیں؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا وہ ایسا نہیں کریں گے۔ انہوں نے فرمایا وہ ایسا کریں گے۔ وہ کہتے ہیں میں نے قسم کھائی کہ میں آپؓ سے اس بارہ میں بات کروں گا۔ میں صبح تک خاموش رہا اور آپؓ سے کوئی بات نہ کی۔ وہ کہتے ہیں کہ میرا حال یہ تھا گویا میں اپنی قسم کی وجہ سے پہاڑ اُٹھانے والا ہوں۔ میں لوٹا اور ان کے پاس گیا انہوں نے مجھ سے لوگوں کا حال دریافت کیا اور میں نے آپؓ کو بتایا وہ کہتے ہیں پھر میں نے آپؓ سے کہا کہ میں نے لوگوں کو ایک بات کہتے سنا تو میں نے قسم کھائی کہ آپ سے وہ بات ضرور کہوں گا۔ ان کا خیال ہے کہ آپؓ جانشین مقرر

**3386** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب الناس تبع لقریش.... 3385

**تخریج** : **بخاری** کتاب الاحکام باب الاستخلاف 7218 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی الخلافة 2225 **ابوداؤد** کتاب الخراج والفیء والامارة باب فی الخلیفة یستخلف 2939

غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ وَإِنَّهُ لَوْ كَانَ لَكَ رَاعِي إِبِلٍ أَوْ رَاعِي غَنَمٍ ثُمَّ جَاءَكَ وَتَرَكَهَا رَأَيْتَ أَنْ قَدْ ضَيَّعَ فَرِعَايَةُ النَّاسِ أَشَدُّ قَالَ فَوَافَقَهُ قَوْلِي فَوَضَعَ رَأْسَهُ سَاعَةً ثُمَّ رَفَعَهُ إِلَيَّ فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَحْفَظُ دِينَهُ وَإِنِّي لَئِنْ لَا أَسْتَخْلِفْ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسْتَخْلِفْ وَإِنْ أَسْتَخْلِفْ فَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ قَدِ اسْتَخْلَفَ قَالَ فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ ذَكَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ فَعَلِمْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَعْدِلَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدًا وَأَنَّهُ غَيْرُ مُسْتَخْلِفٍ [4714]

نہیں کریں گے۔ بات یہ ہے کہ اگر کوئی آپؓ کے اونٹوں کو چرانے والا ہو یا بکریوں کا چرواہا ہو۔ پھر وہ آپؓ کے پاس آئے اور انہیں چھوڑ دے۔ تو آپ دیکھیں گے کہ اس نے ان کو ضائع کر دیا۔ پس لوگوں کی نگہبانی تو زیادہ ضروری ہے۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے میری بات سے اتفاق کیا۔ اور کچھ دیر کے لئے اپنا سر جھکایا پھر آپؓ نے سر اٹھایا اور میری طرف توجہ کی اور فرمایا اللہ عزّ وجل اپنے دین کی حفاظت کرے گا۔ اگر میں کسی کو خلیفہ نہ بناؤں تو رسول اللہ ﷺ نے خلیفہ تو نہیں بنایا تھا اور اگر میں خلیفہ بناؤں تو حضرت ابوبکرؓ نے خلیفہ بنایا تھا۔ انہوں (ابن عمرؓ) نے کہا پس اللہ کی قسم! جب انہوں نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کا ذکر کیا تو میں سمجھ گیا کہ آپؓ کسی کو رسول اللہ ﷺ کے برابر نہیں کریں گے اور یہ کہ آپؓ کسی کو جانشین نہیں بنائیں گے۔

## [3]56: بَاب النَّهْيِ عَنْ طَلَبِ الْإِمَارَةِ وَالْحِرْصِ عَلَيْهَا

## امارت طلب کرنے اور اس کی خواہش کرنے کی ممانعت کا بیان

3387{13} حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ حَدَّثَنَا عَبْدُ

**3387**: حضرت عبدالرحمان بن سمرہؓ نے بتایا وہ کہتے ہیں مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عبدالرحمان!

---

**3387**: **اطراف** : **مسلم** کتاب الاَیمان باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها ..... 3106

**تخریج** : **بخاری** کتاب الاَیمان والنذور باب قول الله تعالیٰ لایؤاخذکم الله باللغو فی ایمانکم .... 6622 کتاب کفارات الاَیمان باب الکفارة قبل الحنث وبعده 6722 کتاب الاحکام باب من لم یسأل الامارة اعانه ا لله علیها 7146 باب من سأل الامارة وکل الیها 7147 **ترمذی** کتاب النذور والایمان باب ماجاء فیمن خلف علی یمین 1529 **نسائی** کتاب آداب القضاة ،النهی عن مسألة الامارة 5384 **ابو داؤد** کتاب الخراج والفیء والامارة باب ما جاء فی طلب الامارة 2929

الرَّحْمَنِ بْنُ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ أُكِلْتَ إِلَيْهَا وَإِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ يُونُسَ ح و حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُونُسَ وَمَنْصُورٍ وَحُمَيْدٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ عَطِيَّةَ وَيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانَ كُلُّهُمْ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ جَرِيرٍ [4716,4715]

امارت نہ مانگنا کیونکہ اگر وہ مانگنے پر تمہیں دی گئی تو تو اس کے سپرد ہو جائے گا۔(اور تمہاری مدد نہیں کی جائے گی۔) اور اگر وہ تمہیں بغیر مانگے کے دی گئی تو اس کے لئے تیری مدد کی جائے گی۔

3388{14}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِي عَمِّي فَقَالَ أَحَدُ الرَّجُلَيْنِ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَمِّرْنَا عَلَى

**3388:** حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ میں اور میرے چچا زاد بھائیوں میں سے دو رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے۔ ان میں سے ایک نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! اللہ عزّ وجل نے جن علاقوں کا والی آپؐ کو بنایا ہے۔ان میں سے ایک کا ہمیں امیر بنا دیجئے اور دوسرے نے بھی اسی طرح کہا۔آپؐ نے فرمایا

**3388** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب النهی عن طلب الامارة والحرص علیه 3389

**تخریج** : **بخاری** کتاب الاحکام باب ما یکره من الحرص علی الامارة 7149 کتاب الاجارة باب استجار الرجل الصالح 2261 **نسائی** کتاب الطهارة باب هل یستاک الامام بحضرة رعیته 4 کتاب تحریم الدم الحکم فی المرتد 4066 **ابو داؤد** کتاب الحدود باب الحکم فیمن ارتد...4354

بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَقَالَ الْآخَرُ مِثْلَ ذَلِكَ فَقَالَ إِنَّا وَاللَّهِ لَا نُوَلِّي عَلَى هَذَا الْعَمَلِ أَحَدًا سَأَلَهُ وَلَا أَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ[4717]

اللہ کی قسم ہم کسی ایسے شخص کے سپرد یہ کام نہیں کرتے جو اسے مانگتا ہے یا کسی ایسے کو جو اس کی طمع رکھتا ہے۔

3389{15}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ حَاتِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ قَالَ قَالَ أَبُو مُوسَى أَقْبَلْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي رَجُلَانِ مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِينِي وَالْآخَرُ عَنْ يَسَارِي فَكِلَاهُمَا سَأَلَ الْعَمَلَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ فَقَالَ مَا تَقُولُ يَا أَبَا مُوسَى أَوْ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ قَالَ فَقُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَطْلَعَانِي عَلَى مَا فِي أَنْفُسِهِمَا وَمَا شَعَرْتُ أَنَّهُمَا يَطْلُبَانِ الْعَمَلَ قَالَ وَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى سِوَاكِهِ تَحْتَ شَفَتِهِ وَقَدْ قَلَصَتْ فَقَالَ لَنْ أَوْ لَا نَسْتَعْمِلُ عَلَى عَمَلِنَا مَنْ أَرَادَهُ وَلَكِنِ اذْهَبْ أَنْتَ يَا أَبَا مُوسَى أَوْ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ فَبَعَثَهُ عَلَى

3389: ابوبُردہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰؓ نے کہا کہ میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور میرے ساتھ اشعر (قبیلہ) کے دو آدمی تھے۔ ان میں سے ایک میرے دائیں اور دوسرا بائیں طرف تھا۔ ان دونوں نے کام (عہدہ) کی درخواست کی اور نبی ﷺ مسواک کر رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا اے ابوموسیٰؓ! یا فرمایا اے عبداللہؓ بن قیس! تم کیا کہتے ہو؟ وہ کہتے ہیں میں عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ مجھے انہوں نے نہیں بتایا جو ان دونوں کے دل میں ہے اور مجھے یہ خیال بھی نہ تھا کہ وہ کام (عہدہ) کی درخواست کریں گے۔ وہ کہتے ہیں گویا میں ہونٹ کے نیچے آپؐ کی مسواک کی طرف دیکھ رہا ہوں اور ہونٹ اٹھا ہوا ہے۔ آپؐ نے فرمایا ہم اس شخص کو ہرگز اپنے کام پر عامل نہیں بناتے جو اسے چاہتا ہو۔ لیکن اے ابوموسیٰؓ! یا فرمایا اے عبداللہؓ بن قیس! تم جاؤ، پھر آپؐ نے ان کو یمن کا والی بنا کر

**3389** : **اطراف** : **مسلم** كتاب الامارة باب النهى عن طلب الامارة و الحرص عليه 3388

**تخريج** : **بخارى** كتاب المغازى باب بعث ابى موسىٰ ومعاذ الى اليمن قبل حجة الوداع 4342 ، 4354 ، 4355 كتاب استتابة المرتدين والمعاندين 6923 كتاب الاحكام باب الحاكم يحكم بالقتل 7157 **نسائى** كتاب الطهارة باب هل يستاک الامام بحضرة رعيته 4 كتاب تحريم الدم الحكم فى المرتد 4066 **ابو داؤد** كتاب الحدود باب الحكم فيمن ارتدّ ... 4354 ، 4355

الْيَمَنِ ثُمَّ أَتْبَعَهُ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ قَالَ انْزِلْ وَأَلْقَى لَهُ وِسَادَةً وَإِذَا رَجُلٌ عِنْدَهُ مُوثَقٌ قَالَ مَا هَذَا قَالَ هَذَا كَانَ يَهُودِيًّا فَأَسْلَمَ ثُمَّ رَاجَعَ دِينَهُ دِينَ السَّوْءِ فَتَهَوَّدَ قَالَ لَا أَجْلِسُ حَتَّى يُقْتَلَ قَضَاءُ اللَّهِ وَرَسُولِهِ فَقَالَ اجْلِسْ نَعَمْ قَالَ لَا أَجْلِسُ حَتَّى يُقْتَلَ قَضَاءُ اللَّهِ وَرَسُولِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَأَمَرَ بِهِ فَقُتِلَ ثُمَّ تَذَاكَرَا الْقِيَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا مُعَاذٌ أَمَّا أَنَا فَأَنَامُ وَأَقُومُ وَأَرْجُو فِي نَوْمَتِي مَا أَرْجُو فِي قَوْمَتِي [4718]

بھیجا پھر اُن کے پیچھے معاذ ؓ بن جبل کو بھیجا جب وہ اُن کے پاس پہنچے۔ تو انہوں نے کہا اُتریں اور اُن کے لئے تکیہ (کشن) رکھا۔ انہوں نے کیا دیکھا کہ اُن کے پاس ایک شخص بندھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا یہ کیا (بات) ہے؟ انہوں نے جواب دیا یہ یہودی تھا۔ پھر اس نے اسلام قبول کیا پھر یہ اپنے بُرے دین کی طرف لوٹ گیا اور یہودی ہو گیا ☆۔ انہوں (معاذ ؓ) نے کہا میں نہیں بیٹھوں گا یہانتک کہ وہ اللہ اور رسول ؐ کے فیصلہ کے مطابق قتل نہ کیا جائے، انہوں (ابوموسیٰ ؓ) نے کہا ہاں، آپ ؓ بیٹھیں۔ انہوں نے کہا میں نہیں بیٹھوں گا جب تک وہ اللہ اور اس کے رسول ؐ کے فیصلہ کے مطابق قتل نہ کیا جائے گا۔ تین دفعہ کہا۔ پس انہوں نے اس کے بارہ میں حکم دیا اور وہ قتل کیا گیا۔ پھر ان دونوں نے رات کی عبادت کا ذکر کیا۔ ان میں سے ایک یعنی معاذ نے کہا جہاں تک میرا تعلق ہے میں سوتا بھی ہوں اور بیدار بھی ہوتا ہوں اور میں سونے میں بھی وہی امید رکھتا ہوں جو بیداری میں رکھتا ہوں۔

## [4]57: بَاب كَرَاهَةِ الْإِمَارَةِ بِغَيْرِ ضَرُورَةٍ

## بلاضرورت امارت کی ناپسندیدگی کا بیان

3390{16} حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي

**3390**: حضرت ابوذر ؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے کہا یا رسول ؐ اللہ! کیا آپ ؐ مجھے عامل نہیں بنائیں گے؟ وہ کہتے ہیں آپ ؐ نے اپنا ہاتھ میرے

**3390** : اطراف: مسلم کتاب الامارة باب کراهة الامارة بغیر ضرورة 3391

☆ یہ شخص حربی مرتد تھا۔

حَبِيبٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ الْحَضْرَمِيِّ عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ الْأَكْبَرِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا تَسْتَعْمِلُنِي قَالَ فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى مَنْكِبِي ثُمَّ قَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنَّكَ ضَعِيفٌ وَإِنَّهَا أَمَانَةٌ وَإِنَّهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِزْيٌ وَنَدَامَةٌ إِلَّا مَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَأَدَّى الَّذِي عَلَيْهِ فِيهَا [4719]

کندھے پر مارا پھر فرمایا اے ابوذرؓ! تم کمزور وناتواں ہو اور یہ امانت ہے اور یہ قیامت کے دن رسوائی اور ندامت کا موجب ہوگی۔ سوائے اس کے کہ جو اسے حق کے ساتھ لے لے اور اس کے بارہ میں اپنی ذمہ داری ادا کرے۔

3391{17}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ كِلَاهُمَا عَنِ الْمُقْرِئِ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي سَالِمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنِّي أَرَاكَ ضَعِيفًا وَإِنِّي أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِي لَا تَأَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلَّيَنَّ مَالَ يَتِيمٍ [4720]

**3391**: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ابوذرؓ! میں تمہیں کمزور پاتا ہوں اور میں تمہارے لئے وہی پسند کرتا ہوں جو اپنے لئے پسند کرتا ہوں۔ دو آدمیوں پر (بھی) امیر نہ بننا اور نہ ہی یتیم کے مال کے والی بننا۔

---

**3391** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب کراهة الامارة بغير ضرورة 3390

**تخریج** : **ابوداود**: كتاب الوصايا باب ماجاء في الدخول في الوصايا 2862 **نسائی** كتاب الوصاياالنهي الولاية على مال اليتيم 3667

## [5]58:بَاب فَضِيلَةِ الْإِمَامِ الْعَادِلِ وَعُقُوبَةِ الْجَائِرِ وَالْحَثِّ عَلَى الرِّفْقِ بِالرَّعِيَّةِ وَالنَّهْيِ عَنْ إِدْخَالِ الْمَشَقَّةِ عَلَيْهِمْ

## انصاف کرنے والے امام کی فضیلت اور ظلم کرنے والے کی سزا اور رعیّت پر نرمی کرنے کی ترغیب اور ان پر مشقت ڈالنے کی ممانعت کا بیان

3392{18}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ دِينَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو بَكْرٍ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي حَدِيثِ زُهَيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمُقْسِطِينَ عِنْدَ اللَّهِ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُورٍ عَنْ يَمِينِ الرَّحْمَنِ عَزَّ وَجَلَّ وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِينٌ الَّذِينَ يَعْدِلُونَ فِي حُكْمِهِمْ وَأَهْلِيهِمْ وَمَا وَلُوا [4721]

**3392**:حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً انصاف کرنے والے اللہ تعالیٰ کے پاس نور کے منبروں پر رحمان عزّ وجل کے دائیں ہاتھ ہوں گے اور اس کے دونوں ہاتھ ہی دائیں ہیں۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے فیصلہ اور اپنے اہل وعیال اور جن کے وہ والی بنے ان میں عدل وانصاف کرتے ہیں۔

3393{19} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شُمَاسَةَ قَالَ أَتَيْتُ عَائِشَةَ أَسْأَلُهَا عَنْ شَيْءٍ فَقَالَتْ مِمَّنْ أَنْتَ فَقُلْتُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ مِصْرَ فَقَالَتْ كَيْفَ كَانَ صَاحِبُكُمْ لَكُمْ فِي غَزَاتِكُمْ هَذِهِ فَقَالَ مَا

**3393**:عبدالرحمان بن شماسہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہؓ کے پاس ایک بات پوچھنے کے لئے حاضر ہوا تو انہوں نے کہا کہ تم کن لوگوں میں سے ہو؟ میں نے کہا میں اہل مصر کا ایک شخص ہوں۔ انہوں نے کہا کہ تمہارے اس غزوہ میں تمہارے افسر کا تمہارے ساتھ رویہ کیسا تھا؟ انہوں

---

**3392**: تخريج : نسائی كتاب آداب القضاة.فضل الحاكم العادل فی حكمه 5379

نَقِمْنَا مِنْهُ شَيْئًا إِنْ كَانَ لَيَمُوتُ لِلرَّجُلِ مِنَّا الْبَعِيرُ فَيُعْطِيهِ الْبَعِيرَ وَالْعَبْدُ فَيُعْطِيهِ الْعَبْدَ وَيَحْتَاجُ إِلَى النَّفَقَةِ فَيُعْطِيهِ النَّفَقَةَ فَقَالَتْ أَمَا إِنَّهُ لَا يَمْنَعُنِي الَّذِي فَعَلَ فِي مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَخِي أَنْ أُخْبِرَكَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي بَيْتِي هَذَا اللَّهُمَّ مَنْ وَلِيَ مِنْ أَمْرِ أُمَّتِي شَيْئًا فَشَقَّ عَلَيْهِمْ فَاشْقُقْ عَلَيْهِ وَمَنْ وَلِيَ مِنْ أَمْرِ أُمَّتِي شَيْئًا فَرَفَقَ بِهِمْ فَارْفُقْ بِهِ و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ حَرْمَلَةَ الْمِصْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شُمَاسَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [4723,4722]

نے کہا کہ ہم نے ان میں کوئی خرابی نہیں دیکھی اگر کسی شخص کا اونٹ مرتا تو وہ اسے اونٹ دیتے اور غلام مرتا تو غلام دیتے اور جو خرچ کامحتاج ہوتا اسے خرچ مہیا کرتے۔انہوں (حضرت عائشہؓ) نے کہا کہ اس نے میرے بھائی محمد بن ابوبکر کے ساتھ جو کیا وہ مجھے اس بات سے منع نہیں کرتا کہ میں نے جو رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے وہ تمہیں بتاؤں۔آپؐ نے میرے اس گھر میں فرمایا اے اللہ جو شخص میری اُمّت کا حاکم بنایا جائے اور وہ ان پر سختی کرے تو بھی اس پر سختی کر۔جو شخص میری امّت کا حاکم بنایا جائے پھر وہ ان پر نرمی کرے تو بھی اس پر نرمی کر۔

3394{20}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ أَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ فَالْأَمِيرُ

**3394**: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیّت کے بارہ میں پوچھا جائے گا۔پس حاکم لوگوں کا نگران ہے۔وہ اپنی رعیّت کے بارہ میں پوچھا جائے گا اور ایک شخص اپنے گھر والوں کا

**3394** : **تخریج** : **بخاری** کتاب الجمعة باب الجمعة فی القری والمدن 893 کتاب الاستقراض باب العبد راع فی مال سیده 2409 کتاب العتق باب کراهیة التطاول علی الرقیق 2554 باب العبد راعٍ فی مال سیّده 2558 کتاب الوصایا باب تاویل قوله تعالیٰ من بعد وصیته یوصی بها او دین 2751 کتاب النکاح باب قوآ انفسکم و اهلیکم نارا 5188 باب المرأة راعیة فی بیت زوجها 5200 کتاب الاحکام باب قول الله تعالیٰ اطیعو ا الله واطیعواالرسول 7138 **ترمذی** کتاب الجهاد باب ماجاء فی الامام 1705 **ابوداؤد** کتاب الخراج والفیء باب مایلزم الامام من حق الرعیة 2928

الَّذِي عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْؤُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ وَهُوَ مَسْؤُولٌ عَنْهُمْ وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ عَلَى بَيْتِ بَعْلِهَا وَوَلَدِهِ وَهِيَ مَسْؤُولَةٌ عَنْهُمْ وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلَى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْؤُولٌ عَنْهُ أَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي الْقَطَّانَ كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ جَمِيعًا عَنْ أَيُّوبَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنَا الضَّحَّاكُ يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ ح و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي أُسَامَةُ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَ حَدِيثِ اللَّيْثِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِهَذَا مِثْلَ حَدِيثِ اللَّيْثِ عَنْ نَافِعٍ و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ

نگران ہے وہ ان سے متعلق پوچھا جائے گا اور عورت اپنے خاوند کے گھر اور اس کے بچوں کی نگران ہے اور اس سے ان کے بارہ میں پوچھا جائے گا اور غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے وہ اس کے متعلق پوچھا جائے گا۔تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیّت کے بارہ میں پوچھا جائے گا۔

زہری کی روایت میں یہ اضافہ ہے وہ کہتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ آپؐ نے فرمایا آدمی اپنے والد کے مال کا نگران ہے اور اپنی رعیّت کے بارہ میں پوچھا جائے گا۔

حُجْرٍ كُلُّهُمْ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِمَعْنَى حَدِيثِ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَزَادَ فِي حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ قَالَ وَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَدْ قَالَ الرَّجُلُ رَاعٍ فِي مَالِ أَبِيهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمِّي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي رَجُلٌ سَمَّاهُ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْمَعْنَى
[4728,4727,4726,4725,4724]

3395 {21} و حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ عَادَ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ زِيَادٍ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ الْمُزَنِيَّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَقَالَ مَعْقِلٌ إِنِّي مُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ عَلِمْتُ أَنَّ لِي

**3395**: حسن سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ عبیداللہ بن زیاد، حضرت معقل بن یسارؓ المُزَنی کی عیادت کرنے اس بیماری میں جس میں انہوں نے وفات پائی آئے۔ حضرت معقلؓ نے کہا میں تم سے ایسی حدیث بیان کرنے لگا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔ اگر مجھے زندگی کی

**3395** : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب استحقاق الوالی الغاش لرعیته النار 195 ، 196 ، 197 کتاب الامارة باب فضیلة الامام العادل وعقوبة الجائر.... 3396

تخریج : بخاری کتاب الاحکام باب من استرعی رعیة فلم ینصح 7150 ، 7151

حَيَاةً مَا حَدَّثْتُكَ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللَّهُ رَعِيَّةً يَمُوتُ يَوْمَ يَمُوتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ و حَدَّثَنَاه يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ دَخَلَ ابْنُ زِيَادٍ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ وَهُوَ وَجِعٌ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي الْأَشْهَبِ وَزَادَ قَالَ أَلَّا كُنْتَ حَدَّثْتَنِي هَذَا قَبْلَ الْيَوْمِ قَالَ مَا حَدَّثْتُكَ أَوْ لَمْ أَكُنْ لِأُحَدِّثَكَ [4730,4729]

اُمید ہوتی تو میں تم سے بیان نہ کرتا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپؐ نے فرمایا جس شخص کو اللہ رعیّت کا نگران بنائے اور جب وہ مرے تو اس حال میں مرے کہ وہ اپنی رعیّت سے خیانت کرنے والا ہو تو اللہ اس پر جنت حرام کر دے گا۔
حسن سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ابن زیاد حضرت معقلؓ بن یسار کے پاس آئے وہ بیمار تھے۔ انہوں نے یہ بات بھی بیان کی کہ ابن زیاد نے حضرت معقلؓ سے کہا آپؓ نے مجھ سے یہ بات پہلے کیوں نہ بیان کی۔ انہوں نے کہا میں نے تم سے بیان نہیں کی یا (کہا) میں تم سے بیان کرنے والا نہیں تھا۔

3396{22} و حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ زِيَادٍ دَخَلَ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ إِنِّي مُحَدِّثُكَ بِحَدِيثٍ لَوْلَا أَنِّي فِي الْمَوْتِ لَمْ أُحَدِّثْكَ بِهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ أَمِيرٍ يَلِي أَمْرَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ لَا يَجْهَدُ لَهُمْ وَيَنْصَحُ إِلَّا لَمْ يَدْخُلْ مَعَهُمُ الْجَنَّةَ و حَدَّثَنَا

3396: ابوالملیح سے روایت ہے کہ عبیداللہ بن زیاد حضرت معقلؓ بن یسار کے پاس ان کی بیماری میں آیا۔ حضرت معقلؓ نے اس سے کہا میں تم سے ایک حدیث بیان کرنے لگا ہوں کہ اگر میں موت کی حالت میں نہ ہوتا تو ہرگز تم سے بیان نہ کرتا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپؐ نے فرمایا جو کوئی امیر مسلمانوں کے معاملات کا والی ہو پھر وہ ان کے لئے جدوجہد اور خیرخواہی نہ کرے تو وہ ان کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔
ایک اور روایت میں ہے حضرت معقلؓ بن یزید بیمار ہوئے اور عبیداللہ بن زیاد ان کی عیادت کے لئے آیا۔

3396 : اطراف : مسلم کتاب الایمان با ب 203 ، 204 ، 205 کتاب الامارۃ باب فضیلۃ الامام العادل... 3395
تخریج : بخاری کتاب الاحکام باب من استرعی رعیۃ فلم ینصح 7150 ، 7151

عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَقَ أَخْبَرَنِي سَوَادَةُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ مَرِضَ فَأَتَاهُ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ زِيَادٍ يَعُودُهُ نَحْوَ حَدِيثِ الْحَسَنِ عَنْ مَعْقِلٍ [4731,4732]

3397{23} حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ أَنَّ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ فَقَالَ أَيْ بُنَيَّ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ شَرَّ الرِّعَاءِ الْحُطَمَةُ فَإِيَّاكَ أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ فَقَالَ لَهُ اجْلِسْ فَإِنَّمَا أَنْتَ مِنْ نُخَالَةِ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَهَلْ كَانَتْ لَهُمْ نُخَالَةٌ إِنَّمَا كَانَتِ النُّخَالَةُ بَعْدَهُمْ وَفِي غَيْرِهِمْ [4733]

**3397:** حسن بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائذ ؓ بن عمرو اور وہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ میں سے تھے عبید اللہ بن زیاد کے پاس آئے اورانہوں نے کہا اے میرے بیٹے! میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپؐ نے فرمایا سب سے بُرا حاکم ظلم کرنے والا ہے۔ پس تم بچو کہ تم ان میں سے ہو۔ اس نے ان سے کہا تشریف رکھیئے کیونکہ آپؓ محمد ﷺ کے صحابہؓ کا چھان☆ ہو۔ انہوں نے کہا کیا ان کا بھی چھان ہے؟ چھان تو ان کے بعد والوں میں اور ان کے غیروں میں ہے۔

## [6]59: بَاب: غِلَظُ تَحْرِيمِ الْغُلُولِ

## باب: بددیانتی کے حرام ہونے کی شدّت

3398{24} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ فِينَا

**3398:** حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور (قومی مال میں) خیانت کا ذکر

☆ یعنی آپؓ، محمد ﷺ کے صحابہؓ میں سے جو باقی رہ گئے ہیں ان میں سے ہو۔

**3398** : تخریج : بخاری كتاب الجهاد والسير باب الغلول 3073 كتاب الزكاة باب اثم مانع الزكاة 1402

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَذَكَرَ الْغُلُولَ فَعَظَّمَهُ وَعَظَّمَ أَمْرَهُ ثُمَّ قَالَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ يَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ فَرَسٌ لَهُ حَمْحَمَةٌ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ يَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ صَامِتٌ فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغِثْنِي فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي حَيَّانَ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا

فرمایا اور اس بات کو بہت بڑا (گناہ) قرار دیا اور اس معاملہ کو سنگین قرار دیا۔ پھر فرمایا میں تم میں سے کسی کو ایسا نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر ایک اُونٹ بلبلا رہا ہو اور وہ شخص کہے یا رسولؐ اللہ! میری مدد فرمائیے تو میں کہوں کہ میں تیری کوئی مدد نہیں کر سکتا میں نے تجھے کھول کر بتا دیا تھا۔ میں تم میں سے کسی کو ایسا نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر گھوڑا ہنہنا رہا ہو اور وہ شخص کہے یا رسولؐ اللہ! میری فریادرسی کیجئے۔ تو میں کہوں کہ میں تیری کوئی مدد نہیں کر سکتا میں نے تجھے کھول کر بتا دیا تھا۔ میں تم میں سے کسی کو ایسا نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر ایک بکری منمنا رہی ہو۔ وہ شخص کہے یا رسولؐ اللہ! میری فریادرسی کیجئے تو میں کہوں کہ میں تیری کچھ مدد نہیں کر سکتا۔ میں نے تجھے کھول کر بتا دیا تھا۔ میں تم میں سے کسی کو نہ پاؤں کہ کوئی تم میں سے قیامت کے دن اس طرح آئے کہ اس کی گردن پر کوئی جاندار چیخ رہا ہو اور وہ شخص کہے یا رسولؐ اللہ! میری فریادرسی کیجئے تو میں کہوں میں تیری کوئی مدد نہیں کر سکتا میں نے تجھے کھول کر بتا دیا تھا میں تم میں سے کسی کو نہ پاؤں کہ تم میں سے کوئی قیامت کے دن آئے کہ اس کی گردن پر کپڑے، اس پر (ہوا سے) ہل رہے ہوں اور وہ کہے یارسولؐ اللہ! میری فریادرسی کیجئے۔ تو میں کہوں کہ میں

جَرِيرٌ عَنْ أَبِي حَيَّانَ وَعُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ جَمِيعًا عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ بِمِثْلِ حَدِيثِ إِسْمَعِيلَ عَنْ أَبِي حَيَّانَ {25}و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ صَخْرٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُلُولَ فَعَظَّمَهُ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ قَالَ حَمَّادٌ ثُمَّ سَمِعْتُ يَحْيَى بَعْدَ ذَلِكَ يُحَدِّثُهُ فَحَدَّثَنَا بِنَحْوِ مَا حَدَّثَنَا عَنْهُ أَيُّوبُ و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ [4737,4736,4735,4734]

تیری کوئی مدد نہیں کرسکتا میں نے تجھے کھول کر بتا دیا تھا میں تم میں سے کسی کو نہ پاؤں کہ تم میں سے کوئی قیامت کے دن اس حال میں آئے کہ اس کی گردن پر سونا چاندی ہو اور وہ شخص کہے یا رسول اللہؐ! میری فریادرسی کیجئے۔تو میں کہوں کہ میں تیری کوئی مدد نہیں کرسکتا میں نے تجھے کھول کر بتا دیا تھا۔

## [8]60:بَاب: تَحْرِيمُ هَدَايَا الْعُمَّالِ

## باب: حکام کے تحائف کی حرمت

3399{26}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ

**3399**:حضرت ابوحُمیدؓ الساعدی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسد (قبیلہ) میں سے ایک شخص جسے ابن اللُّتبِيَّة کہتے تھے عامل بنایا

**3399** : اطراف : مسلم کتاب الامارة باب تحریم هدایا العمّال 3400 =

الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَ الْأَسْدِ يُقَالُ لَهُ ابْنُ اللُّتْبِيَّةِ قَالَ عَمْرٌو وَابْنُ أَبِي عُمَرَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ هَذَا لَكُمْ وَهَذَا لِي أُهْدِيَ لِي قَالَ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَقَالَ مَا بَالُ عَامِلٍ أَبْعَثُهُ فَيَقُولُ هَذَا لَكُمْ وَهَذَا أُهْدِيَ لِي أَفَلَا قَعَدَ فِي بَيْتِ أَبِيهِ أَوْ فِي بَيْتِ أُمِّهِ حَتَّى يَنْظُرَ أَيُهْدَى إِلَيْهِ أَمْ لَا وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يَنَالُ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْهَا شَيْئًا إِلَّا جَاءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ عَلَى عُنُقِهِ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ أَوْ بَقَرَةٌ لَهَا خُوَارٌ أَوْ شَاةٌ تَيْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى رَأَيْنَا عُفْرَتَيْ إِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ مَرَّتَيْنِ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ رَجُلًا مِنَ الْأَزْدِ عَلَى الصَّدَقَةِ فَجَاءَ بِالْمَالِ فَدَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ

عمروؓ اور ابن ابی عمر کہتے ہیں کہ صدقہ وصول کرنے پر (مقرر کیا) — جب وہ (واپس) آیا تو اس نے کہا یہ آپ لوگوں کے لئے ہے اور یہ میرے لئے ہے جو مجھے تحفہ دیا گیا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی اور فرمایا اُس عامل کو کیا ہوا؟ کہ میں بھیجتا ہوں اور وہ کہتا ہے یہ آپ لوگوں کا اور یہ مجھے تحفہ دیا گیا ہے۔ ایسا کیوں نہ ہوا وہ اپنے باپ کے گھر یا ماں کے گھر بیٹھا رہتا پھر وہ دیکھتا کہ اسے تحفہ دیا جاتا ہے یا نہیں، اس کی قسم جس کے قبضہ میں محمدؐ کی جان ہے تم میں سے کوئی بھی اس میں سے کوئی چیز نہ لے گا مگر وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ وہ اپنی گردن پر بلبلاتا ہوا اونٹ اُٹھائے ہوئے ہوگا۔ یا گائے جو آواز نکال رہی ہوگی یا بکری جو چیخ رہی ہوگی پھر آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے یہانتک کہ ہم نے آپؐ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی پھر آپؐ نے دومرتبہ فرمایا اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا!

حضرت ابوحُمیدؓ الساعدی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ازدقبیلہ کے ابنُ اللُّتبیَّۃِ کو صدقات جمع کرنے کے لئے عامل مقرر فرمایا۔ وہ مال لے کر آیا اور اسے نبی ﷺ کو پیش کیا اور کہا یہ

= **تخريج : بخارى** كتاب الحيل باب احتيال العامل ليهدى له 6979 كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها باب من لم يقبل الهدية لعلّة 2597 كتاب الايمان والنذور باب كيف كانت يمين النبى ﷺ 6636 كتاب الاحكام باب هدايا العمّال 7174 باب محاسبة الامام عمّاله 7197 **ابو داؤد** كتاب الخراج والفىء.باب فى هدايا العمّال 2946

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَذَا مَالُكُمْ وَهَذِهِ هَدِيَّةٌ أُهْدِيَتْ لِي فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَلَا قَعَدْتَ فِي بَيْتِ أَبِيكَ وَأُمِّكَ فَتَنْظُرَ أَيُهْدَى إِلَيْكَ أَمْ لَا ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ سُفْيَانَ[4739,4738]

آپ لوگوں کا مال ہے اور یہ تحفہ ہے جو مجھے دیا گیا ہے۔ نبی ﷺ نے اسے فرمایا کہ تم کیوں اپنے باپ اور ماں کے گھر نہیں بیٹھے رہے اور دیکھتے کہ تمہیں تحائف دیئے جاتے ہیں یا نہیں۔ پھر نبی ﷺ خطاب فرمانے کے لئے کھڑے ہوئے ۔باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

3400{27}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَ الْأَزْدِ عَلَى صَدَقَاتِ بَنِي سُلَيْمٍ يُدْعَى ابْنَ الْأُتْبِيَّةِ فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ قَالَ هَذَا مَالُكُمْ وَهَذَا هَدِيَّةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلَّا جَلَسْتَ فِي بَيْتِ أَبِيكَ وَأُمِّكَ حَتَّى تَأْتِيَكَ هَدِيَّتُكَ إِنْ كُنْتَ صَادِقًا ثُمَّ خَطَبَنَا فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَسْتَعْمِلُ الرَّجُلَ مِنْكُمْ عَلَى الْعَمَلِ مِمَّا وَلَّانِي اللَّهُ فَيَأْتِي فَيَقُولُ هَذَا مَالُكُمْ وَهَذَا هَدِيَّةٌ أُهْدِيَتْ لِي أَفَلَا جَلَسَ فِي بَيْتِ أَبِيهِ وَأُمِّهِ حَتَّى تَأْتِيَهُ هَدِيَّتُهُ

**3400**: حضرت ابوحُمیدؓ الساعدی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ازدقبیلہ کے ایک شخص کو جو ابنُ الاُتبیَّۃِ کہلاتا تھا بنوسُلیم کے صدقات کے لئے عامل بنایا۔ جب وہ آیا تو آپؐ نے اس سے حساب لیا۔ اس نے کہا یہ آپ لوگوں کا مال ہے اور یہ تحفہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم اپنے باپ اور ماں کے گھر میں کیوں نہ بیٹھے رہے۔ اگر تم درست کہہ رہے ہو تو تمہارے پاس تحفہ آتا۔ پھر آپؐ نے ہم سے خطاب فرمایا۔ آپؐ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر فرمایا امّا بعد میں تم میں سے کسی شخص کو ان کاموں پر جن پر اللہ نے مجھے والی بنایا ہے مقرر کرتا ہوں وہ میرے پاس آتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ آپ لوگوں کا مال ہے اور یہ ہدیہ ہے جو مجھے دیا گیا ہے۔ وہ کیوں اپنے باپ اور ماں کے گھر نہیں بیٹھا کہ

**3400** : اطراف : مسلم کتاب الامارة باب تحريم هدايا العمّال 3399

تخريج : بخاری کتاب الحيل باب احتيال العامل ليهدى له 6979 كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها باب من لم يقبل الهدية لعلّة 2597 كتاب الايمان والنذور باب كيف كانت يمين النبی ﷺ 6636 كتاب الاحكام باب هدايا العمّال 7174 باب محاسبة الامام عمّاله 7197 ابو داؤد كتاب الخراج والفیء. باب فی هدايا العمّال 2946

إِنْ كَانَ صَادِقًا وَاللَّهِ لَا يَأْخُذُ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْهَا شَيْئًا بِغَيْرِ حَقِّهِ إِلَّا لَقِيَ اللَّهَ تَعَالَى يَحْمِلُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَأَعْرِفَنَّ أَحَدًا مِنْكُمْ لَقِيَ اللَّهَ يَحْمِلُ بَعِيرًا لَهُ رُغَاءٌ أَوْ بَقَرَةً لَهَا خُوَارٌ أَوْ شَاةً تَيْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى رُئِيَ بَيَاضُ إِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ بَصُرَ عَيْنِي وَسَمِعَ أُذُنِي{28} و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَفِي حَدِيثِ عَبْدَةَ وَابْنِ نُمَيْرٍ فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ كَمَا قَالَ أَبُو أُسَامَةَ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ تَعْلَمُنَّ وَاللَّهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَأْخُذُ أَحَدُكُمْ مِنْهَا شَيْئًا وَزَادَ فِي حَدِيثِ سُفْيَانَ قَالَ بَصُرَ عَيْنِي وَسَمِعَ أُذُنَايَ وَسَلُوا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَإِنَّهُ كَانَ حَاضِرًا مَعِي{29} و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ذَكْوَانَ وَهُوَ أَبُو الزِّنَادِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلَى الصَّدَقَةِ فَجَاءَ بِسَوَادٍ

اگر وہ درست بات کرتا ہے تو اس کے پاس تحفہ آتا۔ بخدا تم میں سے کوئی شخص اس میں سے اپنے حق کے علاوہ کوئی چیز نہیں لیتا مگر وہ قیامت کے دن اسے اُٹھائے ہوئے اللہ کو ملے گا۔ میں ضرور تم میں سے اسے پہچان لوں گا کہ جو بلبلاتا ہوا اونٹ یا ڈکراتی ہوئی گائے یا ممناتی ہوئی بکری اُٹھائے ہوئے ملے گا۔ پھر آپؐ نے دونوں بازو اُٹھائے یہانتک کہ آپؐ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی گئی۔ پھر آپؐ نے کہا اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا۔ (راوی کہتے ہیں) میری آنکھ نے دیکھا اور میرے کان نے سنا۔

ایک اور روایت میں (وَاللَّهِ لَا يَأْخُذُ اَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْهَا شَيْئًا کی بجائے) تَعْلَمُنَّ وَاللَّهِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَا يَأْخُذُ اَحَدُكُمْ مِنْهَا شَيْئًا کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ حضرت ابوحُمیدؓ ساعدی نے کہا میری آنکھ نے دیکھا اور میرے کانوں نے سنا اور (کہا) حضرت زیدؓ بن ثابت سے پوچھ لو کیونکہ وہ میرے ساتھ تھے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص صدقہ پر عامل مقرر فرمایا تو وہ بہت سا سامان لے کر آیا اور کہنے لگا یہ آپ لوگوں کے لئے ہے اور یہ مجھے تحفہ دیا گیا ہے۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔ راوی عروہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابوحُمیدؓ الساعدی سے کہا کیا آپؐ نے

كَثِيرٍ فَجَعَلَ يَقُولُ هَذَا لَكُمْ وَهَذَا أُهْدِيَ إِلَيَّ فَذَكَرَ نَحْوَهُ قَالَ عُرْوَةُ فَقُلْتُ لأَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ أَسَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مِنْ فِيهِ إِلَى أُذُنِي [4742,4741,4740]

رسول اللہ ﷺ سے خود سنا ہے؟ انہوں نے جواب دیا مِنْ فِيهِ اِلَى اُذُنِي آپؐ کی زبان مبارک سے میرے کان تک . . . .

3401{30}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَمِيرَةَ الْكِنْدِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلَى عَمَلٍ فَكَتَمْنَا مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ كَانَ غُلُولًا يَأْتِي بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ أَسْوَدُ مِنَ الْأَنْصَارِ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ اقْبَلْ عَنِّي عَمَلَكَ قَالَ وَمَا لَكَ قَالَ سَمِعْتُكَ تَقُولُ كَذَا وَكَذَا قَالَ وَأَنَا أَقُولُهُ الْآنَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلَى عَمَلٍ فَلْيَجِئْ بِقَلِيلِهِ وَكَثِيرِهِ فَمَا أُوتِيَ مِنْهُ أَخَذَ وَمَا نُهِيَ عَنْهُ انْتَهَى و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ بِمِثْلِهِ و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا

3401: حضرت عدیؓ بن عمیرہ الکندی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ نے فرمایا ہم تم میں سے جسے کسی کام پر مقرر کریں پھر وہ سوئی یا اس سے کم یا زیادہ ہم سے چھپاتا ہے تو یہ خیانت ہے۔ جسے وہ قیامت کے دن لے کر آئے گا۔ راوی کہتے ہیں اس پر انصار کا ایک سیاہ رنگ کا شخص کھڑا ہوا گویا میں (اس وقت بھی) اسے دیکھ رہا ہوں اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! اپنا کام مجھ سے لے لیجئے۔ آپؐ نے فرمایا تمہیں کیا ہوا؟ اس نے کہا میں نے آپ کو یہ بات کہتے سنا ہے۔ آپؐ نے فرمایا میں اسے اب بھی کہتا ہوں ہم تم میں سے کسی کو کسی کام پر مقرر کریں تو وہ سب چیزیں لے کر آوے، تھوڑی ہوں یا بہت۔ پس اسے اس میں سے جو کچھ دیا جاوے لے لے اور جس سے اسے منع کیا جائے تو وہ رک جائے۔

3401 : تخريج : ابو داؤد كتاب القضاء باب فى هدايا العمّال 3581

الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ أَخْبَرَنَا قَيْسُ بْنُ أَبِي حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ عَمِيرَةَ الْكِنْدِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ [4745,4744,4743]

## [8]61: بَاب وُجُوبِ طَاعَةِ الْأُمَرَاءِ فِي غَيْرِ مَعْصِيَةٍ وَتَحْرِيمِهَا فِي الْمَعْصِيَةِ

## وہ کام جو معصیت نہیں ان میں امراء کی اطاعت واجب ہونے اور معصیت کے کاموں میں اطاعت حرام ہونے کا بیان

3402{31} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ نَزَلَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ☆ فِي عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَدِيٍّ السَّهْمِيِّ بَعَثَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ أَخْبَرَنِيهِ يَعْلَى بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ [4746]

**3402**: حجاج بن محمد بیان کرتے ہیں کہ ابن جریج نے کہا کہ یہ آیت یٰاَیُّھَا الَّذِینَ اٰمَنُوا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُولَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ☆ یعنی اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اولی الامر کی۔ عبداللہ بن حذافہ بن قیس بن عدی سہمی کے بارہ میں نازل ہوئی نبی ﷺ نے انہیں ایک سریّہ میں بھیجا تھا۔

---

**3402** : **تخریج** : **بخاری** کتاب التفسیر باب اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم 4584 **ابو داؤد** کتاب الجھاد باب فی الطاعة 2624 **نسائی** کتاب البیعة قولہ تعالیٰ واولی الامر منکم 4194 **ترمذی** کتاب الجھاد باب ماجاء فی الرجل یبعث وحدہٗ سریة 1672

☆ (النساء : 60)

3403{32} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ وَمَنْ يَعْصِنِي فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَمَنْ يُطِعِ الْأَمِيرَ فَقَدْ أَطَاعَنِي وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي و حَدَّثَنِيه زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي [4747,4748]

3403: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جس نے میری اطاعت کی اس نے یقیناً اللہ کی اطاعت کی اور جو میری نافرمانی کرتا ہے وہ اللہ کی نافرمانی کرتا ہے اور جو امیر کی اطاعت کرتا ہے اس نے میری اطاعت کی اور جو امیر کی نافرمانی کرتا ہے اس نے یقیناً میری نافرمانی کی۔

ایک اور روایت میں مَنْ یَعْصِ الْاَمِیْرَ فَقَدْ عَصَانِیْ کے الفاظ مذکور نہیں ہیں۔

3404{33} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَمَنْ أَطَاعَ أَمِيرِي فَقَدْ أَطَاعَنِي وَمَنْ

3404: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے میری اطاعت کی اس نے یقیناً اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے یقیناً اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے میرے امیر کی اطاعت کی اس نے یقیناً میری اطاعت کی اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے یقیناً میری نافرمانی کی۔

**3403** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء فی غیر معصیة.... 3404

**تخریج** : **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب یقاتل من وراء الامام ویتقی به 2957 کتاب الاحکام باب قول الله تعالیٰ اطیعوا الله واطیعوا الرسول 7137 **نسائی** کتاب البیعة.الترغیب فی طاعة الامام 4193 کتاب الاستعاذة ،الاستعاذة من فتنة المحیا 5510 **ابن ماجه** مقدمة باب اتباع سنة رسول الله ﷺ 3 کتاب الجهاد باب طاعة الامام 2859

**3404** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء فی غیر معصیة.... 3403

**تخریج** : **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب یقاتل من وراء الامام ویتقی به 2957 کتاب الاحکام باب قول الله تعالیٰ اطیعوا الله واطیعوا الرسول 7137 **نسائی** کتاب البیعة.الترغیب فی طاعة الامام 4193 کتاب الاستعاذة ،الاستعاذة من فتنة المحیا 5510 **ابن ماجه** مقدمة باب اتباع سنة رسول الله ﷺ 3 کتاب الجهاد باب طاعة الامام 2859

عَصَى أَمِيرِي فَقَدْ عَصَانِي و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ سَوَاءً و حَدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ مِنْ فِيهِ إِلَى فِيَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ سَمِعَ أَبَا عَلْقَمَةَ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ {34} وحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ حَيْوَةَ أَنَّ أَبَا يُونُسَ مَوْلَى أَبِي هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ وَقَالَ مَنْ أَطَاعَ الْأَمِيرَ

ایک اورروایت میں مَنْ اَطَاعَ الْاَمِیْرَ کے الفاظ ہیں مگر اَمِیْرِیْ کا لفظ نہیں۔

وَلَمْ يَقُلْ أَمِيرِي وَكَذَلِكَ فِي حَدِيثِ هَمَّامٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ [4751,4750,4749] [4753,4752]

3405{35} و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ كِلَاهُمَا عَنْ يَعْقُوبَ قَالَ سَعِيدٌ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِي عُسْرِكَ وَيُسْرِكَ وَمَنْشَطِكَ وَمَكْرَهِكَ وَأَثَرَةٍ عَلَيْكَ [4754]

3405:حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم پر مشکل اور سہولت اور بشاشت اور ناپسندیدگی اور اپنے پر ترجیح دیئے جانے پر (بھی) سننا اور اطاعت کرنا فرض ہے۔

3406{36} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ إِنَّ خَلِيلِي أَوْصَانِي أَنْ أَسْمَعَ وَأُطِيعَ وَإِنْ كَانَ عَبْدًا مُجَدَّعَ الْأَطْرَافِ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ جَمِيعًا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَا فِي الْحَدِيثِ عَبْدًا

3406:حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے میرے دوستؐ نے وصیت کی کہ میں سنوں اور اطاعت کروں اگرچہ وہ ایسا غلام ہو جس کے اعضاء کٹے ہوئے ہوں۔
ایک روایت میں عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعَ الْاَطْرَافِ کے الفاظ ہیں

3405 : تخریج : نسائی کتاب البیعة. البیعة علی الاثرة 4155

3406 : تخریج :ترمذی کتاب الجهاد باب ما جاء فی طاعة الامام 1706 ابن ماجه کتاب الجهاد باب طاعة الامام 2862

حَبَشِيًّا مُجَدَّعَ الْأَطْرَافِ و حَدَّثَنَاه عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ كَمَا قَالَ ابْنُ إِدْرِيسَ عَبْدًا مُجَدَّعَ الْأَطْرَافِ
[4757,4756,4755]

3407{37} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَحْيَى بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ جَدَّتِي تُحَدِّثُ أَنَّهَا سَمِعَتْ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يَقُولُ وَلَوِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ يَقُودُكُمْ بِكِتَابِ اللَّهِ فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا و حَدَّثَنَاه ابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ عَبْدًا حَبَشِيًّا و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا و حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا وَزَادَ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى أَوْ بِعَرَفَاتٍ [4761,4760,4759,4758]

3407: یحیٰ بن حُصین سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنی دادی سے سنا۔ وہ بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے نبی ﷺ کو حجۃ الوداع کا خطبہ دیتے ہوئے سنا اور آپؐ فرمار ہے تھے اگر چہ ایک غلام تمہارا حاکم بنایا جائے جو کتاب اللہ کے مطابق تمہاری قیادت کرے تو اس کی سنو اور اطاعت کرو۔

ایک روایت میں (عَبْدٌ کی بجائے) عَبْدًا حَبَشِيًّا کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا کے الفاظ کا ذکر نہیں مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ انہوں (حضرت ام حصینؓ) نے رسول اللہ ﷺ کو منٰی یا عرفات میں فرماتے ہوئے سنا تھا۔

3407 : اطراف : مسلم کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء فی غیر معصیة .... 3408

تخریج : ترمذی کتاب الجهاد باب ماجاء فی طاعة الامام 1706 نسائی کتاب البیعة الحض علی طاعة الامام 4192 ابن ماجه کتاب الجهاد باب طاعة الامام 2861

3408{...} و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ جَدَّتِه أُمِّ الْحُصَيْنِ قَالَ سَمِعْتُهَا تَقُولُ حَجَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ قَالَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْلًا كَثِيرًا ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنْ أُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ مُجَدَّعٌ حَسِبْتُهَا قَالَتْ أَسْوَدُ يَقُودُكُمْ بِكِتَابِ اللَّهِ فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا [4762]

**3408:** یحییٰ بن حصین اپنی دادی حضرت ام حصینؓ سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں وہ بیان کرتی تھیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع کا حج کیا۔ وہ کہتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے بہت سی باتیں ارشاد فرمائیں اور میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا اگرچہ تم پر ایک کٹے ہوئے اعضاء والا غلام — میرا خیال ہے انہوں (حضرت ام حصینؓ) نے کہا تھا سیاہ رنگ کا — اگر وہ تمہاری قیادت اللہ کی کتاب کے مطابق کرے تو اس کی سنو اور اطاعت کرو۔

3409{38}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ إِلَّا أَنْ يُؤْمَرَ بِمَعْصِيَةٍ فَإِنْ أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ و حَدَّثَنَاه زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ

**3409:** حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا ایک مسلمان شخص پر سننا اور اطاعت کرنا فرض ہے۔ اس میں جو وہ پسند کرے یا ناپسند کرے سوائے اس کے کہ اسے معصیت کا حکم دیا جائے۔ اگر اسے معصیت کا حکم دیا جائے تو نہ سننا ہے نہ اطاعت کرنا ہے۔

**3408:** **اطراف:** **مسلم** کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء فی غیر معصیة .... 3407

**تخریج: ترمذی** کتاب الجهاد باب ماجاء فی طاعة الامام 1706 **نسائی** کتاب البیعة الحض علی طاعة الامام 4192 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب طاعة الامام 2861

**3409:** **تخریج : ابن ماجه** کتاب الجهاد باب لاطاعة فی معصیة الله 2864 ، 2865 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی الطاعة 2625 ، 2626 کتاب الخراج والامارة باب ماجاء فی البیعة 2940 **نسائی** کتاب البیعة.البیعة فیما یستطیع الانسان 4187 ، 4188 **ترمذی** کتاب السیر باب ماجاء فی بیعة النبی ﷺ 1593 کتاب الجهاد باب ماجاء لاطاعة لمخلوق فی معصیة الخالق 1707 **بخاری** کتاب الجهاد باب السمع والطاعة للامام 2955 کتاب الاحکام کیف یبالغ الامام الناس 7202 باب السمع والطاعة للامام 7144

حَدَّثَنَا أَبِي كِلَاهُمَا عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [4764,4763]

3410{39}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ جَيْشًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا فَأَوْقَدَ نَارًا وَقَالَ ادْخُلُوهَا فَأَرَادَ نَاسٌ أَنْ يَدْخُلُوهَا وَقَالَ الْآخَرُونَ إِنَّا قَدْ فَرَرْنَا مِنْهَا فَذُكِرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِلَّذِينَ أَرَادُوا أَنْ يَدْخُلُوهَا لَوْ دَخَلْتُمُوهَا لَمْ تَزَالُوا فِيهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَقَالَ لِلْآخَرِينَ قَوْلًا حَسَنًا وَقَالَ لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللَّهِ إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوفِ[4765]

**3410**: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر روانہ فرمایا اور اس پر ایک شخص کو امیر بنایا اس نے آگ جلائی اور کہا اس میں داخل ہو جاؤ۔ بعض لوگوں نے اس میں داخل ہونے کا ارادہ کیا مگر دوسروں نے کہا اسی سے تو ہم بھاگے ہیں۔ پھر اس بات کا رسول اللہ ﷺ سے ذکر کیا گیا۔ آپؐ نے ان لوگوں سے جنہوں نے اس میں داخل ہونے کا ارادہ کیا تھا فرمایا اگر تم اس میں داخل ہو جاتے تو قیامت تک اس میں رہتے اور دوسروں کے بارہ میں اچھی بات فرمائی اور فرمایا اللہ کی نافرمانی میں کوئی اطاعت نہیں ہے۔ اطاعت تو صرف معروف میں ہے۔

3411{40} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو سَعِيدٍ

**3411**: حضرت علیؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک مہم بھیجی اور انصارؓ کے ایک

**3410** : اطراف : **مسلم** کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء فی غیر معصیة.... 3411

**تخریج : بخاری** کتاب المغازی باب سریة عبد الله بن حذافة السهمی 4340 کتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فی اجازة خبر الواحد 7257 **نسائی** کتاب البیعة جزاء من امر بمعصیة فاطاع 4205، 4206 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی الطاعة 2625

**3411** : اطراف : **مسلم** کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء فی غیر معصیة.... 3410

**تخریج : بخاری** کتاب المغازی باب سریة عبد الله بن حذافة السهمی 4340 کتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فی اجازة خبر الواحد 7257 **نسائی** کتاب البیعة جزاء من امر بمعصیة فاطاع 4205، 4206 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی الطاعة 2625

الْأَشَجُّ وَتَقَارَبُوا فِي اللَّفْظِ قَالُوا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَسْمَعُوا لَهُ وَيُطِيعُوا فَأَغْضَبُوهُ فِي شَيْءٍ فَقَالَ اجْمَعُوا لِي حَطَبًا فَجَمَعُوا لَهُ ثُمَّ قَالَ أَوْقِدُوا نَارًا فَأَوْقَدُوا ثُمَّ قَالَ أَلَمْ يَأْمُرْكُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَسْمَعُوا لِي وَتُطِيعُوا قَالُوا بَلَى قَالَ فَادْخُلُوهَا قَالَ فَنَظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ فَقَالُوا إِنَّمَا فَرَرْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّارِ فَكَانُوا كَذَلِكَ وَسَكَنَ غَضَبُهُ وَطُفِئَتِ النَّارُ فَلَمَّا رَجَعُوا ذَكَرُوا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ دَخَلُوهَا مَا خَرَجُوا مِنْهَا إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوفِ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [4767,4766]

شخص کو اُن پر امیر مقرر فرمایا اور انہیں اس کی بات سننے اور اطاعت کرنے کا حکم دیا۔ کسی معاملے میں انہوں نے اسے غصہ دلایا تو اس نے کہا میرے لئے لکڑیاں جمع کرو انہوں نے اس کے لئے جمع کیں پھر اس نے کہا آگ جلاؤ انہوں نے آگ جلائی پھر انہیں کہا کیا تمہیں رسول اللہ ﷺ نے نہیں کہا تھا کہ تم میری بات سنو اور اطاعت کرو؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں۔ اس نے کہا تو اس میں داخل ہو جاؤ۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور کہا ہم تو آگ سے بچنے کے لئے رسول اللہ ﷺ کی طرف بھاگ کر آئے ہیں۔ وہ اسی طرح رہے اور اس کا غصہ جاتا رہا اور آگ بجھ گئی۔ جب وہ لوٹے تو انہوں نے اس کا ذکر نبی ﷺ سے کیا۔ آپؐ نے فرمایا اگر وہ اس میں داخل ہو جاتے تو ہرگز اس میں سے نہ نکلتے۔ اطاعت تو صرف معروف میں ہے۔

3412{41}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ وَعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ

**3412:** عبادہ بن ولید بن عبادہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے (اغلباً عبادہ کے دادا مراد ہیں نہ کہ ولید کے) روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں ہم نے

**3412** : اطراف : مسلم کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء..... 3413 =

الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ بَايَعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي الْعُسْرِ وَالْيُسْرِ وَالْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ وَعَلَى أَثَرَةٍ عَلَيْنَا وَعَلَى أَنْ لَا نُنَازِعَ الْأَمْرَ أَهْلَهُ وَعَلَى أَنْ نَقُولَ بِالْحَقِّ أَيْنَمَا كُنَّا لَا نَخَافُ فِي اللَّهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ و حَدَّثَنَاه ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ إِدْرِيسَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيدِ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ الْهَادِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِيهِ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ بَايَعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ إِدْرِيسَ [4770,4769,4768]

رسول اللہ ﷺ کی سننے اور اطاعت کرنے پر بیعت کی تنگی اور سہولت ہو بشاشت اور ناپسندیدگی اور اوراپنے پر ترجیح (کی صورت) میں اور اس بات پر کہ اختیارات کے بارہ میں ذمہ دار لوگوں سے نزاع نہیں کریں گے اور اس بات پر کہ ہم جہاں بھی ہوں سچ کہیں گے اور اللہ کی راہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔

**3413**{42}حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبِ بْنِ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَمِّي عَبْدُ اللَّهِ

**3413**: جنادہ بن ابی امیہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم حضرت عبادہؓ بن صامت کے پاس گئے

= **تخریج : بخاری** کتاب الاحکام باب کیف یبالغ الامام الناس 7199 کتاب الفتن باب قول النبی ﷺ سترون بعدی امورًا 7056 **نسائی** کتاب البیعة .البیعة علی السمع والطاعة 4148 ، 4149 باب البیعة علی ان لا تنازع الامر 4151 باب البیعة علی القول بالحق 4152 البیعة علی القول بالعدل 4153 البیعة علی الاثرة 4154 ، 4155 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب البیعة 2866

**3413 : اطراف : مسلم** کتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء..... 3412

**تخریج : بخاری** کتاب الاحکام باب کیف یبالغ الامام الناس 7199 کتاب الفتن باب قول النبی ﷺ سترون بعدی امورًا 7056 **نسائی** کتاب البیعة .البیعة علی السمع والطاعة 4148 ، 4149 باب البیعة علی ان لا تنازع الامر 4151 باب البیعة علی القول بالحق 4152 البیعة علی القول بالعدل 4153 البیعة علی الاثرة 4154 ، 4155 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب البیعة 2866

بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنِي بُكَيْرٌ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ جُنَادَةَ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَهُوَ مَرِيضٌ فَقُلْنَا حَدِّثْنَا أَصْلَحَكَ اللَّهُ بِحَدِيثٍ يَنْفَعُ اللَّهُ بِهِ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْنَاهُ فَكَانَ فِيمَا أَخَذَ عَلَيْنَا أَنْ بَايَعَنَا عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي مَنْشَطِنَا وَمَكْرَهِنَا وَعُسْرِنَا وَيُسْرِنَا وَأَثَرَةٍ عَلَيْنَا وَأَنْ لَا نُنَازِعَ الْأَمْرَ أَهْلَهُ قَالَ إِلَّا أَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَكُمْ مِنَ اللَّهِ فِيهِ بُرْهَانٌ [4771]

اور وہ بیمار تھے ہم نے کہا اللہ آپؓ کو صحت دے، ہم سے کوئی ایسی حدیث بیان کریں جو آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو اور اللہ اس کے ذریعہ نفع دے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بلایا۔ ہم نے آپؐ کی بیعت کی آپؐ نے جو عہد ہم سے لیا اس میں یہ بھی تھا کہ ہم نے بیعت کی سننے اور اطاعت کرنے پر اپنی خوشی اور ناخوشی میں اور اپنی تنگی اور اپنی سہولت میں اور اپنے پر ترجیح (کی صورت) میں اور اس بارہ میں کہ صاحب اختیار سے اختیار کے بارہ میں کش مکش نہیں کریں گے۔ آپؐ نے فرمایا سوائے اس کے کہ تم کھلا کھلا کفر دیکھو اور اللہ کی طرف سے جس میں تمہارے پاس واضح دلیل موجود ہو۔

## [9]62: بَاب : الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ

## باب: امام ایک ڈھال ہے اس کے پیچھے ہو کر لڑا جاتا ہے اور اس کے ذریعہ بچا جاتا ہے

3414{43}حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ عَنْ مُسْلِمٍ حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ

**3414**: حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا امام ایک ڈھال ہے اور اس کے پیچھے ہو کر لڑا جاتا ہے اور اس کے ذریعہ بچا جاتا ہے۔ اگر وہ اللہ عزّ وجل کے تقویٰ کا حکم دے اور عدل سے کام لے تو اس کے لئے اس بات کا اجر ہے۔ اور اگر وہ اس

**3414** : **تخريج** : **بخاری** كتاب الجهادوالسير باب يقاتل من وراء الامام ويتقى به 2957 **نسائى** كتاب البيعة.ذكر مايجب للامام ومايجب عليه 4196 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى الامام يستجن به فى العهود 2757

وَيُتَّقَى بِهِ فَإِنْ أَمَرَ بِتَقْوَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَلَ كَانَ لَهُ بِذَلِكَ أَجْرٌ وَإِنْ يَأْمُرْ بِغَيْرِهِ كَانَ عَلَيْهِ مِنْهُ [4772]

کے علاوہ حکم دے تو اس کا وبال اس پر ہے۔

## [10]63:بَاب: وُجُوبُ الْوَفَاءِ بِبَيْعَةِ الْخُلَفَاءِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ

## باب: خلفاء کی بیعت میں وفاداری کا واجب ہونا پہلے کی پھر پہلے کی

3415{44}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ قَاعَدْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ خَمْسَ سِنِينَ فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ تَسُوسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَتَكُونُ خُلَفَاءُ تَكْثُرُ قَالُوا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ فُوا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ وَأَعْطُوهُمْ حَقَّهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ عَنْ أَبِيهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [4773,4774]

3415: ابی حازم سے روایت ہے کہ میں حضرت ابو ہریرہؓ کا پانچ سال ہم نشین رہا۔ میں نے ان کو نبی ﷺ سے حدیث بیان کرتے سنا آپؐ نے فرمایا بنی اسرائیل کی قیادت انبیاء کرتے تھے جب کوئی نبی فوت ہوتا تو اس کا جانشین نبی ہوتا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ میرے بعد خلفاء ہوں گے اور ایک وقت میں ایک سے زیادہ ہوں گے۔ انہوں نے عرض کی تو پھر آپؐ ہمیں کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا پہلے کی بیعت سے وفاداری کرو اور پھر پہلے کی اور ان کے حق انہیں دو کیونکہ اللہ ان سے ان کے بارہ میں پوچھے گا جن کا اس نے انہیں نگران بنایا تھا۔

3416{45}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ وَوَكِيعٌ ح و حَدَّثَنِي

3416: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے بعد ترجیحی سلوک

**3415** : تخریج : **بخاری** کتاب احادیث الانبیاء باب نزول عیسی ابن مریم علیها السلام 3455 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب الوفاء بالبیعة 2871

**3416** : تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3603 کتاب الفتن باب قول النبی ﷺ سترون بعدی اموراً تنکرونها 7052 **ترمذی** کتاب الفتن باب فی الاثرة وماجاء فیه 2190

أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَا أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ ح و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ بَعْدِي أَثَرَةٌ وَأُمُورٌ تُنْكِرُونَهَا قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ تَأْمُرُ مَنْ أَدْرَكَ مِنَّا ذَلِكَ قَالَ تُؤَدُّونَ الْحَقَّ الَّذِي عَلَيْكُمْ وَتَسْأَلُونَ اللَّهَ الَّذِي لَكُمْ [4775]

ہوگا اور ایسے معاملات ہوں گے جنہیں تم ناپسند کرو گے۔انہوں نے کہایارسولؐ اللہ!اگرکوئی ہم میں سے ایسے حالات سے دوچار ہوتو آپؐ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا جوتم پرحق ہیں وہ ادا کرو اوراپنے حقوق اللہ سے طلب کرو۔

3417{46} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ رَبِّ الْكَعْبَةِ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ جَالِسٌ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَالنَّاسُ مُجْتَمِعُونَ عَلَيْهِ فَأَتَيْتُهُمْ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَنَزَلْنَا

3417:عبدالرحمان بن عبدرب الکعبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ خانہ کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے اورلوگ ان کے گرد جمع تھے۔میں ان کے پاس آیااوران کے پاس بیٹھ گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ہم ایک جگہ اُترے۔ہم میں سے کوئی تو اپنا خیمہ ٹھیک کرنے لگا اورکوئی ہم میں سے تیر چلانے لگا اور کوئی ہم میں سے اپنے مویشیوں میں تھا۔

**3417** : **تخریج** : **نسائی** کتاب البیعة ذکر ماعلی من بایع الامام واعطاه صفقة یده .... 4191 **ابو داؤد** کتاب الفتن باب ذکر الفتن ودلائلها 4248 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب مایکون من الفتن 3956

مَنْزِلًا فَمِنَّا مَنْ يُصْلِحُ خِبَاءَهُ وَمِنَّا مَنْ يَنْتَضِلُ وَمِنَّا مَنْ هُوَ فِي جَشَرِهِ إِذْ نَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ جَامِعَةً فَاجْتَمَعْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَيْهِ أَنْ يَدُلَّ أُمَّتَهُ عَلَى خَيْرِ مَا يَعْلَمُهُ لَهُمْ وَيُنْذِرَهُمْ شَرَّ مَا يَعْلَمُهُ لَهُمْ وَإِنَّ أُمَّتَكُمْ هَذِهِ جُعِلَ عَافِيَتُهَا فِي أَوَّلِهَا وَسَيُصِيبُ آخِرَهَا بَلَاءٌ وَأُمُورٌ تُنْكِرُونَهَا وَتَجِيءُ فِتْنَةٌ فَيُرَقِّقُ بَعْضُهَا بَعْضًا وَتَجِيءُ الْفِتْنَةُ فَيَقُولُ الْمُؤْمِنُ هَذِهِ مُهْلِكَتِي ثُمَّ تَنْكَشِفُ وَتَجِيءُ الْفِتْنَةُ فَيَقُولُ الْمُؤْمِنُ هَذِهِ هَذِهِ فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُزَحْزَحَ عَنِ النَّارِ وَيُدْخَلَ الْجَنَّةَ فَلْتَأْتِهِ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلْيَأْتِ إِلَى النَّاسِ الَّذِي يُحِبُّ أَنْ يُؤْتَى إِلَيْهِ وَمَنْ بَايَعَ إِمَامًا فَأَعْطَاهُ صَفْقَةَ يَدِهِ وَثَمَرَةَ قَلْبِهِ فَلْيُطِعْهُ إِنِ اسْتَطَاعَ فَإِنْ جَاءَ آخَرُ يُنَازِعُهُ فَاضْرِبُوا عُنُقَ الْآخَرِ فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَقُلْتُ لَهُ أَنْشُدُكَ اللَّهَ آنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَهْوَى إِلَى أُذُنَيْهِ وَقَلْبِهِ بِيَدَيْهِ وَقَالَ سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ

جب رسول اللہ ﷺ کے منادی نے پکارا "اَلصَّلَاۃُ جَامِعَۃٌ"☆ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس اکٹھے ہو گئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ مجھ سے پہلے کوئی نبی نہیں گذرا مگر اس پر فرض تھا کہ وہ اپنی امت کو وہ بات جسے وہ ان کے لئے بہتر سمجھتا ہے بتائے اور اسی طرح انہیں اس بات سے ہوشیار کرے جسے وہ ان کے لئے ضرر رساں سمجھتا ہے اور تمہاری اس امت کے پہلے حصہ میں عافیت رکھی گئی ہے اور اس کے آخر میں آزمائش ہے اور ایسے امور ہیں جنہیں تم ناپسند کرتے ہو اور ایسے فتنے آئیں گے کہ ایک دوسرے کو بے حیثیت کر دے گا اور ایک فتنہ آئے گا تو مومن کہے گا یہ تو میری تباہی ہے۔ پھر وہ جاتا رہے گا اور ایک فتنہ آئے گا مومن کہے گا (اصل میں) یہ ہے وہ۔ پس تم میں سے جو چاہتا ہے کہ آگ سے بچایا جائے اور جنت میں داخل کیا جائے تو اس پر ایسی حالت میں موت آئے کہ وہ اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لاتا ہو اور چاہیے کہ لوگوں سے ایسا سلوک کرے جیسا وہ چاہتا ہے کہ اس سے کیا جائے۔ اور جس نے کسی امام کی بیعت کی اور اس کو اپنا ہاتھ دے دیا اور اپنا دل اس کو دے دیا اور وہ اپنی طاقت کے مطابق اس کی اطاعت کرے۔ پھر اگر دوسرا اس سے جھگڑنے کو آئے تو دوسرے کی گردن ماردو۔ میں ان کے قریب ہوا اور انہیں کہا

☆ یہ الفاظ نماز پر بلانے کے لئے استعمال ہوتے تھے۔

قَلْبِي فَقُلْتُ لَهُ هَذَا ابْنُ عَمِّكَ مُعَاوِيَةُ يَأْمُرُنَا أَنْ نَأْكُلَ أَمْوَالَنَا بَيْنَنَا بِالْبَاطِلِ وَنَقْتُلَ أَنْفُسَنَا وَاللَّهُ يَقُولُ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ وَلَا تَقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا قَالَ فَسَكَتَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ أَطِعْهُ فِي طَاعَةِ اللَّهِ وَاعْصِهِ فِي مَعْصِيَةِ اللَّهِ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ قَالُوا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ {47}و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُنْذِرِ إِسْمَعِيلُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَقَ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي السَّفَرِ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ رَبِّ الْكَعْبَةِ الصَّائِدِيِّ قَالَ رَأَيْتُ جَمَاعَةً عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ الْأَعْمَشِ
[4778,4777,4776]

میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا آپ نے یہ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ انہوں نے اپنے کانوں اور اپنے دل کی طرف اپنے ہاتھوں سے اشارہ کیا اور کہا کہ میرے دونوں کانوں نے سنا اور میرے دل نے اسے محفوظ رکھا۔ میں نے ان سے کہا کہ یہ تمہارا چچازاد معاویہ ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم ایک دوسرے کا مال ناحق کھائیں اور اپنے لوگوں کو قتل کریں حالانکہ اللہ فرماتا ہے۔ یٰاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوا لَا تَاْکُلُوْا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَکُوْنَ تِجَارَۃً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْکُمْ وَلَا تَقْتُلُوْااَنْفُسَکُمْ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُمْ رَحِیْمًا☆ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اپنے اموال آپس میں ناجائز طریق پر نہ کھایا کرو۔ ہاں اگر وہ ایسی تجارت ہو جو تمہاری باہمی رضامندی سے ہو اور تم اپنے لوگوں کو قتل نہ کرو۔ یقیناً اللہ تم پر بار بار رحم کرنے والا ہے۔ راوی کہتے ہیں وہ کچھ دیر خاموش ہوئے پھر انہوں نے کہا اللہ کی اطاعت میں اس کی اطاعت کرو اور اللہ کی معصیت میں اس کی نافرمانی کرو۔

☆ (النساء :30)

## [11]64:بَاب :اَلْأَمْرُ بِالصَّبْرِ عِنْدَ ظُلْمِ الْوُلَاةِ وَاسْتِئْثَارِهِمْ

## باب: حکام کے ظلم اوران کے ترجیحی سلوک کے وقت صبر کا حکم

3418{48} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ خَلَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَا تَسْتَعْمِلُنِي كَمَا اسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا فَقَالَ إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي عَلَى الْحَوْضِ و حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يُحَدِّثُ عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ خَلَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ و حَدَّثَنِيهِ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَقُلْ خَلَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [4781,4780,4779]

**3418**:حضرت انس بن مالکؓ حضرت اُسید بن حضیرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انصار کے ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے علیحدگی میں کہا کیا آپؐ مجھے بھی ویسے ہی حاکم نہیں بنائیں گے جیسے فلاں کو بنایا ہے۔ آپؐ نے فرمایا تم میرے بعد ترجیحی سلوک دیکھو گے تم صبر کرنا یہاں تک کہ تم مجھے حوض (کوثر) پر ملو۔
ایک اور روایت میں خَلَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ کے الفاظ نہیں ہیں۔

---

**3418 : تخریج : بخاری** کتاب مناقب الانصار باب قول النبی ﷺ للانصار اصبروا حتی تلقونی علی الحوض 3792 3793 کتاب الفتن باب قول النبی ﷺ سترون بعدی اموراً تنکرونها 7057 کتاب فرض الخمس باب ماکان النبی ﷺ یعطی المولفة قلوبهم 3147 **ترمذی** کتاب الفتن باب فی الاثرة وماجاء فیه 2189 ، 2190 **نسائی** کتاب آداب القضاة باب ترک استعمال من یحرص علی القضاة 5383

## [12]65:بَاب فِي طَاعَةِ الْأُمَرَاءِ وَإِنْ مَنَعُوا الْحُقُوقَ

## امراء کی اطاعت کا بیان اگر چہ وہ حقوق نہ دیں

3419{49}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَأَلَ سَلَمَةُ بْنُ يَزِيدَ الْجُعْفِيُّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ قَامَتْ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ يَسْأَلُونَا حَقَّهُمْ وَيَمْنَعُونَا حَقَّنَا فَمَا تَأْمُرُنَا فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَأَلَهُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ سَأَلَهُ فِي الثَّانِيَةِ أَوْ فِي الثَّالِثَةِ فَجَذَبَهُ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ وَقَالَ اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ {50}و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ فَجَذَبَهُ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ [4783,4782]

**3419**:حضرت علقمہ بن وائل حضرمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں سلمہؓ بن یزید جعفی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا اور کہا اے اللہ کے نبیؐ! اگر ہمارے حاکم ایسے ہوں کہ وہ ہم سے تو حق طلب کریں مگر ہمارا حق ادا نہ کریں تو اس بارہ میں آپؐ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ آپؐ نے اس سے اعراض کیا۔ پھر اس نے آپؐ سے سوال کیا۔ پھر آپؐ نے اس سے اعراض کیا۔ پھر اس نے دوسری یا تیسری بار پوچھا تو اشعثؓ بن قیس نے انہیں کھینچا اور آپؐ نے فرمایا کہ سنو اور اطاعت کرو۔ ان پر صرف ان کے اعمال کی ذمہ داری ہے اور تم پر تمہارے اعمال کی۔ ایک اور روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا کہ اشعثؓ بن قیس نے انہیں (سلمہ بن یزید جعفی کو) کھینچا پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سنو اور اطاعت کرو۔ جو ذمہ داری ان پر ہے وہ اس کے جواب دہ ہیں اور جو ذمہ داری تم پر ہے تم اس کے جوابدہ ہو۔

**3419** : تخریج : ترمذی کتاب الفتن باب ماجاء ستکون فتن کقطع اللیل المظلم 2199

## [13]66: بَاب اَلْاَمْرُ بِلُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ عِنْدَ ظُهُورِ الْفِتَنِ وَتَحْذِيْرُ الدِّعَاةِ اِلَى الْكُفْرِ

## باب: فتنوں کے ظہور کے وقت مسلمانوں کی جماعت سے وابستہ رہنے اور کفر کے بلاوے سے بچنے کا حکم

3420{51}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنِي بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ يَقُولُ كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ فَجَاءَنَا اللَّهُ بِهَذَا الْخَيْرِ فَهَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ فَقُلْتُ هَلْ بَعْدَ ذَلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ قَالَ نَعَمْ وَفِيهِ دَخَنٌ قُلْتُ وَمَا دَخَنُهُ قَالَ قَوْمٌ يَسْتَنُّونَ بِغَيْرِ سُنَّتِي وَيَهْدُونَ بِغَيْرِ هَدْيِي تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ فَقُلْتُ هَلْ بَعْدَ ذَلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ دُعَاةٌ عَلَى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا

**3420**:حضرت حذیفہ بن یمانؓ کہتے ہیں لوگ رسول اللہ ﷺ سے خیر کے متعلق پوچھتے تھے اور میں آپؐ سے اس ڈر سے کہ میں اس کا شکار نہ ہوجاؤں شر کے بارہ میں پوچھتا تھا میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم جاہلیت اور شر میں تھے تو اللہ تعالیٰ ہمارے پاس یہ خیر لایا۔ کیا اس خیر کے بعد پھر شر ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ میں نے پوچھا اس شر کے بعد پھر خیر ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا ہاں اور اس میں (کچھ) دھواں ہوگا۔ میں نے پوچھا اس کے دھوئیں سے کیا مراد ہے؟ آپؐ نے فرمایا کچھ لوگ ہوں گے جو میری سنت کی بجائے اور طریق اختیار کریں گے۔ اور میری ہدایت کے خلاف رہنمائی کریں گے۔ ان میں تم کچھ اچھائی پاؤ گے اور کچھ ناپسندیدہ بات بھی۔ میں نے عرض کیا کیا اس خیر کے بعد شر ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ جہنم کے دروازوں پر کچھ بلانے والے ہوں گے جو اس کی طرف جانے کے لئے ان

**3420** : **اطراف** : **مسلم کتاب** الامارة باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن.... 3421

**تخریج** : **بخاری** کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3606 کتاب الفتن باب کیف الامر اذا لم تکن جماعة 7084 **ابو داؤد** کتاب الفتن باب ذکر الفتن و دلائلها 4244، 4246 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب العزلة 3979

قَذَفُوهُ فِيهَا فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ صِفْهُمْ لَنَا قَالَ نَعَمْ قَوْمٌ مِنْ جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُونَ بِأَلْسِنَتِنَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَمَا تَرَى إِنْ أَدْرَكَنِي ذَلِكَ قَالَ تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَإِمَامَهُمْ فَقُلْتُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ قَالَ فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ عَلَى أَصْلِ شَجَرَةٍ حَتَّى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ عَلَى ذَلِكَ [4784]

کی بات مانے گا وہ اسے اس میں ڈال دیں گے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ للہ! ہمیں ان کی کیفیت بتایئے۔ آپؐ نے فرمایاہاں۔ وہ ہمارے لوگوں میں سے ہوں گے۔ وہ ہماری زبان بولیں گے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اگر یہ وقت مجھ پر آئے تو فرمایئے آپؐ کا کیا ارشاد ہے؟ آپؐ نے فرمایا مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کے ساتھ وابستہ رہنا۔ مَیں نے عرض کیا اگر ان کی جماعت نہ ہو، نہ ہی امام؟ آپؐ نے فرمایا پھر ان تمام فرقوں سے الگ رہنا اگرچہ درخت کی جڑ سے چمٹے رہنا پڑے یہانتک کہ اسی حال میں تمہیں موت آجائے۔

3421{52} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ أَبِي سَلَّامٍ قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا بِشَرٍّ فَجَاءَ اللَّهُ بِخَيْرٍ فَنَحْنُ فِيهِ فَهَلْ مِنْ وَرَاءِ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ هَلْ وَرَاءَ ذَلِكَ الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَهَلْ وَرَاءَ

**3421**: حضرت حذیفہ بن یمانؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! ہم برے حال میں تھے۔ تو اللہ خیر لے آیا اور ہم اس میں ہیں۔ کیا اس خیر کے بعد پھر شر ہے؟ آپؐ نے فرمایاہاں۔ میں نے عرض کیا اس شر کے بعد پھر خیر ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ میں نے عرض کیا اس خیر کے بعد پھر شر ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ میں نے عرض کیا کیسے؟ آپؐ نے فرمایا میرے بعد ایسے آئمہ ہوں گے جو نہ میری ہدایت پر چلیں گے اور نہ میری سنت اختیار کریں گے۔ ان میں ایسے لوگ کھڑے ہوں گے جن کے

**3421** : **اطراف** : **مسلم** كتاب الامارة باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن.... 3420

**تخریج** : **بخاری** كتاب المناقب باب علامات النبوة في الاسلام 3606 كتاب الفتن باب كيف الامر اذا لم تكن جماعة 7084 **ابو داؤد** كتاب الفتن باب ذكر الفتن ودلائلها 4244 ، 4246 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب العزلة 3979

ذَلِكَ الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ كَيْفَ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي أَئِمَّةٌ لَا يَهْتَدُونَ بِهُدَايَ وَلَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِي وَسَيَقُومُ فِيهِمْ رِجَالٌ قُلُوبُهُمْ قُلُوبُ الشَّيَاطِينِ فِي جُثْمَانِ إِنْسٍ قَالَ قُلْتُ كَيْفَ أَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذَلِكَ قَالَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ لِلْأَمِيرِ وَإِنْ ضُرِبَ ظَهْرُكَ وَأُخِذَ مَالُكَ فَاسْمَعْ وَأَطِعْ [4785]

دل انسانی جسم میں شیطان کے دل ہوں گے ۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اگر مجھ پر یہ وقت آئے تو آپؐ کا کیا ارشاد ہے؟ آپؐ نے فرمایا تم امیر کی سنو گے اور اطاعت کرو گے، اگر چہ تیری پیٹھ پر مارا جائے اور تیرا مال لے لیا جائے (پھر بھی) سننا اور اطاعت کرنا۔

3422{53}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ يَعْنِي ابْنَ حَازِمٍ حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي قَيْسِ بْنِ رِيَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَايَةٍ عُمِّيَّةٍ يَغْضَبُ لِعَصَبَةٍ أَوْ يَدْعُو إِلَى عَصَبَةٍ أَوْ يَنْصُرُ عَصَبَةً فَقُتِلَ فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ وَمَنْ خَرَجَ عَلَى أُمَّتِي يَضْرِبُ بَرَّهَا وَفَاجِرَهَا وَلَا يَتَحَا شَ مِنْ مُؤْمِنِهَا وَلَا يَفِي لِذِي عَهْدٍ عَهْدَهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَلَسْتُ مِنْهُ و حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ

**3422**: حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا جو اطاعت سے نکلا اور جماعت سے علیحدہ ہوا اور الگ رہا تو وہ جاہلیت کی موت مرا اور جو اندھے جھنڈے کے نیچے لڑے وہ عصبیت کی وجہ سے غصہ میں آیا ہو یا عصبیت کی طرف بلاتا ہو یا عصبیت کی مدد کرتا ہو اور وہ مارا جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہوگی اور جو میری امت کے خلاف نکلے اور ان کے اچھوں اور بُروں کو مارے نہ کسی مومن کو چھوڑے اور نہ عہد والے سے عہد پورا کرے۔ اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں اور نہ میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق ہے۔

---

**3422** : **اطراف**: **مسلم** کتاب الامارة باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن.... 3423

**تخریج** : **نسائی** کتاب تحریم الدم .التغليظ فيمن قاتل 4114 ، 4115 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب العصبية 3948

غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ الْقَيْسِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيثِ جَرِيرٍ وَقَالَ لَايَتَحَاشَى مِنْ مُؤْمِنِهَا [4787,4786]

3423{54} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ ثُمَّ مَاتَ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً وَمَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عُمِّيَّةٍ يَغْضَبُ لِلْعَصَبَةِ وَيُقَاتِلُ لِلْعَصَبَةِ فَلَيْسَ مِنْ أُمَّتِي وَمَنْ خَرَجَ مِنْ أُمَّتِي عَلَى أُمَّتِي يَضْرِبُ بَرَّهَا وَفَاجِرَهَا لَا يَتَحَاشَ مِنْ مُؤْمِنِهَا وَلَا يَفِي بِذِي عَهْدِهَا فَلَيْسَ مِنِّي و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ أَمَّا ابْنُ الْمُثَنَّى فَلَمْ يَذْكُرِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَدِيثِ وَأَمَّا ابْنُ بَشَّارٍ فَقَالَ فِي رِوَايَتِهِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ [4789,4788]

**3423**:حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جواطاعت سے باہر نکلا اور جماعت سے علیحدہ ہوا پھر مر گیا تو وہ جاہلیت کی موت مرا اور جو اندھے جھنڈے کے نیچے لڑا وہ عصبیت کے لئے غضب ناک ہوا اورعصبیت کے لئے لڑا تو وہ میری امت میں سے نہیں ہے اور جو میری امت میں سے میری امت کے خلاف نکلااور اس کے اچھے بروں کو مارا۔ نہ(اس امت کے ) کسی مومن کی پرواہ کی اور نہ(اس امت کے ) کسی عہدوالے کا عہد پورا کیا تو اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

---

**3423** : **اطراف:مسلم** کتاب الامارة باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عند ظھور الفتن.... 3422

**تخریج : نسائی** کتاب تحریم الدم .التغلیظ فیمن قاتل تحت رایة عمیة 4114 ، 4115 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب العصبية 3948

3424{55}حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْجَعْدِ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَرْوِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَأَى مِنْ أَمِيرِهِ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَصْبِرْ فَإِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَمَاتَ فَمِيتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ [4790]

**3424**: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے امیر میں ایسی بات دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہے تو صبر کرے کیونکہ جو جماعت سے ایک بالشت علیحدہ ہوا اور وہ مرگیا تو وہ جاہلیت کی موت ہوگی۔

## باب: اللہ کی راہ میں نکلنے والے کی سواری وغیرہ کے ذریعہ مدد کرنا اور اس کے اہل کی اس کی غیر حاضری میں اچھی دیکھ بھال کی فضیلت

3495{134} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كُرَيْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي أُبْدِعَ بِي فَاحْمِلْنِي فَقَالَ مَا عِنْدِي فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَا أَدُلُّهُ عَلَى مَنْ يَحْمِلُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِله و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ح و حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [4900,4899]

3495: حضرت ابومسعود انصاریؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا۔ میری سواری میرے لئے ناکارہ ہوگئی ہے مجھے سواری عطا فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا میرے پاس (سواری) نہیں ہے۔ اس پر ایک شخص نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں اسے ایک شخص کا پتہ بتاتا ہوں جو اسے سواری مہیّا کر دے گا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے بھلائی کی راہ بتائی اس کے لئے اس (بھلائی) کے کرنے والے کی مانند اجر ہے۔

3495 : تخریج : ترمذی کتاب العلم باب ماجاء الدال علی الخیر کفاعله 2670، 2671 ابو داؤد کتاب الادب باب فی الدال علی الخیر 5129

3496{135}و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ فَتًى مِنْ أَسْلَمَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أُرِيدُ الْغَزْوَ وَلَيْسَ مَعِي مَا أَتَجَهَّزُ قَالَ ائْتِ فُلَانًا فَإِنَّهُ قَدْ كَانَ تَجَهَّزَ فَمَرِضَ فَأَتَاهُ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَقُولُ أَعْطِنِي الَّذِي تَجَهَّزْتَ بِهِ قَالَ يَا فُلَانَةُ أَعْطِيهِ الَّذِي تَجَهَّزْتُ بِهِ وَلَا تَحْبِسِي عَنْهُ شَيْئًا فَوَاللَّهِ لَا تَحْبِسِي مِنْهُ شَيْئًا فَيُبَارَكَ لَكِ فِيهِ [4901]

3496: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ اسلم قبیلہ کے ایک شخص نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! میں جہاد کا ارادہ رکھتا ہوں لیکن میرے پاس سامان نہیں ہے۔ آپؐ نے فرمایا فلاں شخص کے پاس جاؤ کیونکہ اس نے تیاری کی تھی لیکن وہ بیمار ہوگیا۔ وہ شخص اس کے پاس آیا اور کہا رسول اللہ ﷺ تجھے سلام کہتے ہیں اور فرماتے ہیں وہ سامان جو تم نے تیار کیا تھا مجھے دے دو۔ اس نے کہا اے فلاں (عورت) جو سامان میں نے تیار کیا تھا اسے دے دو۔ اور اس میں سے کوئی چیز روک نہ رکھنا اللہ کی قسم! اس سے کوئی چیز روک نہ رکھنا تیرے لئے اس میں برکت رکھ دی جائے گی۔

3497{136} وحَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَأَبُو الطَّاهِرِ قَالَ أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ و قَالَ سَعِيدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ زَيْدِ

3497: حضرت زید بن خالدؓ جہنی سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کو سامان دیا تو گویا اس نے جہاد کیا اور جس نے اس کے اہل کی اچھی طرح دیکھ بھال کی تو اس نے بھی جہاد کیا۔

**3496** : تخریج : **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فیما یستحب من انفاد الزاد... 2780

**3497** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب فضل اعانة الغازی فی سبیل الله.... 3498

**تخریج** : **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب فضل من جهّز غازیا او خلفه بخیر2843 **ترمذی** کتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فی فضل من جهز غازیا 1628 ، 1629، 1631 **نسائی** کتاب الجهاد،فضل من جهز غازیا 3180 ، 3181 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب ما یجزیء من الغزو؟ 2509 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب من جهّز غازیا 2758 ، 2759

بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَهُ فِي أَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا [4902]

3498{137}حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي أَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا[4903]

**3498**:حضرت زید بن خالدؓ جہنی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا جوکسی مجاہد کو سامان دیتا ہے تو وہ گویا خود جہاد کرتا ہے اور جو اس کے گھر والوں کی خبر گیری کرتا ہے تو وہ بھی جہاد کرتا ہے۔

3499{138} و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا إِلَى بَنِي لِحْيَانَ مِنْ هُذَيْلٍ

**3499**:حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر بنولحیان جو ہذیل میں سے ہیں کی طرف بھیجا اور آپؐ نے فرمایا ہر دو آدمیوں میں سے ایک ضرور نکلے اور اجر دونوں میں (تقسیم) ہوگا۔

---

**3498** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب فضل اعانة الغازی فی سبیل الله.... 3497

**تخریج** : **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب فضل من جهّز غازیا او خلفه بخیر 2843 **ترمذی** کتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فی فضل من جهز غازیا 1628 ، 1629، 1631 **نسائی** کتاب الجهاد،فضل من جهز غازیا 3180 ، 3181 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب ما یجزئ من الغزو؟ 2509 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب من جهّز غازیا 2758 ، 2759

**3499** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب فضل اعانة الغازی فی سبیل الله.... 3500

**تخریج** : **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب مایجزئ من الغزو؟ 2510

فَقَالَ لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا وَالْأَجْرُ بَيْنَهُمَا و حَدَّثَنِيهِ إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ عَنْ يَحْيَى حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ بَعَثَ بَعْثًا بِمَعْنَاهُ و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ مُوسَى عَنْ شَيْبَانَ عَنْ يَحْيَى بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ[4907,4906,4905,4904]

3500{139}و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ إِلَى بَنِي لِحْيَانَ لِيَخْرُجْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ رَجُلٌ ثُمَّ قَالَ لِلْقَاعِدِ أَيُّكُمْ خَلَفَ الْخَارِجَ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ بِخَيْرٍ كَانَ لَهُ مِثْلُ نِصْفِ أَجْرِ الْخَارِجِ [4906,4905,4904]

3500: حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر بنولحیان کی طرف بھیجا (اور فرمایا) کہ ہر دو اشخاص میں سے ایک شخص ضرور نکلے پھر آپؐ نے پیچھے رہنے والے سے فرمایا جو کوئی تم میں سے (جہاد کے لئے) نکلنے والے کے گھر کی اور اس کے مال کی اچھی طرح دیکھ بھال کرے گا تو اسے نکلنے والے سے آدھا اجر ملے گا۔

---

3500 : اطراف: مسلم کتاب الامارۃ باب فضل اعانۃ الغازی فی سبیل اللہ... 3499

تخریج : ابو داؤد کتاب الجہاد باب مایجزئ من الغزو؟ 2510

## [39]12: بَاب حُرْمَةِ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ وَإِثْمِ مَنْ خَانَهُمْ فِيهِنَّ
## مجاہدین کی خواتین کا احترام اور جو شخص مجاہدین سے ان (کی خواتین) کے بارہ میں خیانت کرے اس کے گناہ کا بیان

3501{140}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ كَحُرْمَةِ أُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِينَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِينَ فِي أَهْلِهِ فَيَخُونُهُ فِيهِمْ إِلَّا وُقِفَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَأْخُذُ مِنْ عَمَلِهِ مَا شَاءَ فَمَا ظَنُّكُمْ و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ الثَّوْرِيِّ {141}و حَدَّثَنَاه سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَعْنَبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ فَقَالَ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهِ مَا شِئْتَ فَالْتَفَتَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَمَا ظَنُّكُمْ [4910,4909,4908]

3501:سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجاہدین کی خواتین کا احترام (پیچھے) بیٹھ رہنے والوں کے لئے ان کی ماؤں کے احترام کی طرح ہے اور پیچھے بیٹھ رہنے والوں میں سے جو شخص بھی مجاہدین کے گھر والوں کی خبر گیری کرتا ہے اور اس کی، اُن کے (اہل) کے بارہ میں خیانت کرتا ہے تو وہ قیامت کے دن اس مجاہد کے لئے کھڑا کیا جائے گا اور وہ (مجاہد) اس کے عمل میں سے جو چاہے گا لے لے گا۔ پس تمہارا کیا خیال ہے؟
ایک اور روایت میں (فَيَأْخُذُ مِنْ عَمَلِهِ مَاشَاءَ فَمَاظَنُّكُم کی بجائے) فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهِ مَاشِئْتَ فَالْتَفَتَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ فَمَاظَنُّكُمْ کے الفاظ ہیں۔ (اس کو کہا جائے گا کہ) اس کی نیکیوں میں سے جو چاہے لے لو۔ پھر رسول اللہ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ فَمَاظَنُّكُمْ

3501 : تخریج : نسائی کتاب الجهاد، حرمة نساء المجاهدين 3189 من خان غازيا فى اهله 3190، 3191 ابوداؤد كتاب الجهاد باب فى حرمة نساء المجاهدين على القاعدين 2496

## [40]13: بَاب سُقُوطِ فَرْضِ الْجِهَادِ عَنِ الْمَعْذُورِين

## معذوروں سے جہاد کی فرضیت کے ساقط ہونے کا بیان

3502{142}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ أَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ يَقُولُ فِي هَذِهِ الْآيَةِ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ... وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا فَجَاءَ بِكَتِفٍ يَكْتُبُهَا فَشَكَا إِلَيْهِ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ ضَرَارَتَهُ فَنَزَلَتْ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ قَالَ شُعْبَةُ وَأَخْبَرَنِي سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِي هَذِهِ الْآيَةِ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ بِمِثْلِ حَدِيثِ الْبَرَاءِ و قَالَ ابْنُ بَشَّارٍ فِي رِوَايَتِهِ سَعْدُ بْنُ

**3502**: ابو اسحاق سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت براءؓ کو اس آیت لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ... وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ[1] کہ: مومنوں میں سے بغیر کسی بیماری کے گھر بیٹھ رہنے والے اور (دوسرے) اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور جانوں کے ذریعہ جہاد کرنے والے برابر نہیں ہوسکتے... کے بارہ میں کہتے ہوئے سنا کہ (جب یہ آیت اتری تو) رسول اللہ ﷺ نے حضرت زیدؓ کو ارشاد فرمایا۔ وہ ایک کتف[2] لے کر آئے تاکہ وہ (آیت) لکھیں۔ اس پر حضرت ابن امّ مکتومؓ نے اپنی نابینائی کی شکایت کی۔ تو یہ آیت نازل ہوئی لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ[3]، مومنوں میں سے بغیر کسی بیماری کے گھر بیٹھ رہنے والے... برابر نہیں ہوسکتے۔

---

**3502**: اطراف : **مسلم** کتاب الامارة باب سقوط فرض الجهاد عن المعذورين 3503

**تخريج** : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب قول الله تعالىٰ "لا يستوى القٰعدون من المؤمنين غير اولى الضرر ..." 2831، 2832 كتاب التفسير باب لا يستوى القٰعدون من المؤمنين غير اولى الضرر ... 4592، 4593، 4594، 4595 كتاب فضائل القرآن باب كاتب النبيّ ﷺ 4990 **ترمذی** كتاب الجهاد باب ماجاء فى الرخصة لاهل العذر فى القعود 1670 كتاب تفسير القرآن ومن سورة النساء 3031، 3032، 3033 **نسائی** كتاب الجهاد ،فضل المجاهدين على القٰعدين 3099، 3100، 3101، 3102

1(النساء: 96) 2: جن چیزوں پر زمانہ قدیم میں لکھا جاتا تھا ان میں کتف یعنی شانے کی ہڈی بھی شامل تھی۔

3(النساء: 96)

إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ [4911]

یہی روایت حضرت زید بن ثابتؓ سے بھی مروی ہے۔ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ [1] مومنوں میں سے گھر بیٹھ رہنے والے ... برابر نہیں ہو سکتے۔

3503{143} و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ بِشْرٍ عَنْ مِسْعَرٍ حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ كَلَّمَهُ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ فَنَزَلَتْ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ [4912]

3503: حضرت براءؓ سے روایت ہے جب یہ (آیت) نازل ہوئی کہ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ [2] مومنوں میں سے گھر بیٹھ رہنے والے ... برابر نہیں ہو سکتے۔ تو ابن امّ مکتومؓ نے آپؐ سے بات کی۔ تب یہ نازل ہوا غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ بغیر کسی بیماری کے۔

## [41]14: بَاب: ثُبُوتُ الْجَنَّةِ لِلشَّهِيدِ

## شہید کے لئے جنت کے ہونے کا بیان

3504{144} حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ وَاللَّفْظُ لِسَعِيدٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ قَالَ رَجُلٌ أَيْنَ أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ قُتِلْتُ قَالَ فِي الْجَنَّةِ فَأَلْقَى تَمَرَاتٍ كُنَّ فِي

3504: حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اگر میں مارا جاؤں تو میں کہاں ہوں گا؟ آپؐ نے فرمایا جنت میں تو اُس نے وہ چند کھجوریں جو اس کے ہاتھ میں تھیں پھینک دیں پھر وہ لڑا یہانتک کہ شہید ہوگیا۔

1، 2 (النساء:96)

**3503 : اطراف : مسلم** کتاب الامارۃ باب سقوط فرض الجہاد عن المعذورین 3502

**تخریج : بخاری** کتاب الجہاد والسیر باب قول اللہ تعالیٰ لا یستوی القٰعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر ... 2831 ، 2832 کتاب التفسیر باب لا یستوی القٰعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر ... 4592 ، 4593 ، 4594 ،4595 کتاب فضائل القرآن باب کاتب النبیؐ ﷺ 4990 **ترمذی** کتاب الجہاد باب ماجاء فی الرخصۃ لاہل العذر فی القعود 1670 کتاب تفسیر القرآن ومن سورۃ النساء 3031 ، 3032 ، 3033 **نسائی** کتاب الجہاد ،فضل المجاھدین علی القٰعدین 3099 ، 3100 ، 3101 ، 3102

**3504 : تخریج : بخاری** کتاب المغازی باب غزوۃ أحد 4046 **نسائی** کتاب الجہاد،ثواب من قتل فی سبیل اللہ عز وجل 3154

يَده ثُمَّ قَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ وَفِي حَدِيث سُوَيْد قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُد [4913]

ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص نے احد کے دن نبی علیہ سے پوچھا تھا...

3505{145}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي النَّبِيت إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَنَاب الْمصِّيصِيُّ حَدَّثَنَا عيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ منْ بَنِي النَّبِيت قَبِيلٍ منَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّكَ عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ عَمِلَ هَذَا يَسِيرًا وَأُجِرَ كَثِيرًا [4914]

3505: حضرت براءؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں انصار کی ایک شاخ بنی نبیت کا ایک شخص نبی علیہ کے پاس آیا اور عرض کیا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ آپؐ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ پھر وہ آگے بڑھا اور لڑا یہانتک کہ شہید ہوگیا۔ اس پر نبی علیہ نے فرمایا اس نے تھوڑا عمل کیا اور زیادہ اجر دیا گیا۔

3506{146}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ بْنِ أَبِي النَّضْرِ وَهَارُونُ بْنُ عَبْد اللَّه وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالُوا حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ الْمُغِيرَة عَنْ ثَابِت عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

3506: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ علیہ نے بُسَیْسَہ کو خبریں معلوم کرنے کے لئے بھیجا کہ ابوسفیان کے قافلہ نے کیا کیا؟ جب وہ آیا تو گھر میں میرے اور رسول اللہ علیہ کے علاوہ اور کوئی نہ تھا– راوی کہتے ہیں مجھے علم نہیں کہ (حضرت انسؓ نے) آپؐ کی کس زوجہ مطہرہؓ (کی

3505 : تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسیر باب عمل صالح قبل القتال 2808

3506 : تخریج : ابو داؤد کتاب الجهاد فی بعث العیون 2618

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُسَيْسَةَ عَيْنًا يَنْظُرُ مَا صَنَعَتْ عِيرُ أَبِي سُفْيَانَ فَجَاءَ وَمَا فِي الْبَيْتِ أَحَدٌ غَيْرِي وَغَيْرُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا أَدْرِي مَا اسْتَثْنَى بَعْضَ نِسَائِهِ قَالَ فَحَدَّثَهُ الْحَدِيثَ قَالَ فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ لَنَا طَلِبَةً فَمَنْ كَانَ ظَهْرُهُ حَاضِرًا فَلْيَرْكَبْ مَعَنَا فَجَعَلَ رِجَالٌ يَسْتَأْذِنُونَهُ فِي ظُهْرَانِهِمْ فِي عُلْوِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ لَا إِلَّا مَنْ كَانَ ظَهْرُهُ حَاضِرًا فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ حَتَّى سَبَقُوا الْمُشْرِكِينَ إِلَى بَدْرٍ وَجَاءَ الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقَدِّمَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلَى شَيْءٍ حَتَّى أَكُونَ أَنَا دُونَهُ فَدَنَا الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُومُوا إِلَى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَوَاتُ وَالْأَرْضُ قَالَ يَقُولُ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ الْأَنْصَارِيُّ يَا رَسُولَ اللَّهِ جَنَّةٌ عَرْضُهَا السَّمَوَاتُ وَالْأَرْضُ قَالَ نَعَمْ قَالَ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكَ عَلَى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ قَالَ لَا وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِلَّا رَجَاءَةَ أَنْ أَكُونَ

موجودگی کا ذکر کیا)۔راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ (گھر سے باہر) تشریف لائے اور گفتگو کرتے ہوئے فرمایا ہمیں کام ہے۔اس لئے جس کے پاس سواری موجود ہے وہ ہمارے ساتھ سوار ہو جائے تو بعض لوگ بالائی مدینہ سے اپنی سواریاں لانے کی اجازت مانگنے لگے۔آپؐ نے فرمایا نہیں جس کی سواری موجود ہو۔ پھر رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ چلے مشرکوں سے پہلے میدانِ بدر جا پہنچے اور مشرک بھی آ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی بھی کسی بات کے لئے آگے نہ بڑھے یہانتک کہ میں اس سے آگے ہوں پھر مشرک قریب آ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس جنت کے لئے آگے بڑھو جس کی وسعت آسمانوں اور زمین کے برابر ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ عمیر بن الحمام نے کہا یا رسولؐ اللہ! وہ جنت جس کی وسعت آسمانوں اور زمین کے برابر ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں اس نے کہا بَخٍ بَخٍ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم بَخٍ بَخٍ کس وجہ سے کہہ رہے ہو؟ انہوں نے کہا نہیں نہیں خدا کی قسم یا رسولؐ اللہ! میں تو صرف اس خواہش کی وجہ سے کہہ رہا ہوں کہ میں اس کے باسیوں میں سے ہو جاؤں۔آپؐ نے فرمایا تُو اس کے باسیوں میں سے ہے۔ اس نے اپنے ترکش سے کھجوریں نکالیں اور انہیں کھانے لگا پھر اس نے کہا اگر میں اپنی یہ کھجوریں

مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَإِنَّكَ مِنْ أَهْلِهَا فَأَخْرَجَ تَمَرَاتٍ مِنْ قَرَنِهِ فَجَعَلَ يَأْكُلُ مِنْهُنَّ ثُمَّ قَالَ لَئِنْ أَنَا حَيِيتُ حَتَّى آكُلَ تَمَرَاتِي هَذِهِ إِنَّهَا لَحَيَاةٌ طَوِيلَةٌ قَالَ فَرَمَى بِمَا كَانَ مَعَهُ مِنَ التَّمْرِ ثُمَّ قَاتَلَهُمْ حَتَّى قُتِلَ [4915]

کھانے تک زندہ رہوں تو یہ بڑی لمبی زندگی ہے۔ راوی کہتے ہیں پھر اس نے وہ کھجوریں جو اس کے پاس تھیں پھینک دیں اور وہ ان سے لڑا یہانتک کہ شہید ہوگیا۔

3507{147}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى قَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا و قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي وَهُوَ بِحَضْرَةِ الْعَدُوِّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ فَقَامَ رَجُلٌ رَثُّ الْهَيْئَةِ فَقَالَ يَا أَبَا مُوسَى آنْتَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ هَذَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَرَجَعَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ أَقْرَأُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ ثُمَّ كَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهِ فَأَلْقَاهُ ثُمَّ مَشَى بِسَيْفِهِ إِلَى الْعَدُوِّ فَضَرَبَ بِهِ حَتَّى قُتِلَ [4916]

3507: ابوبکر بن عبد اللہ بن قیس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں میں نے اپنے والد سے سنا اور وہ دشمن کے سامنے تھے۔ وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً جنت کے دروازے تلواروں کے سایہ تلے ہیں۔ ایک معمولی کپڑوں والا شخص کھڑا ہوا اور کہا اے ابوموسیٰؓ! کیا آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں۔ راوی کہتے ہیں وہ شخص اپنے ساتھیوں کی طرف گیا اور کہا کہ میں تمہیں سلام کہتا ہوں۔ پھر اس نے اپنی تلوار کی نیام توڑ دی اور اسے پھینک دیا پھر اپنی تلوار کے ساتھ دُشمنوں کی طرف گیا اور اُس سے مارنے لگا یہانتک کہ شہید ہوگیا۔

3508{148}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ

3508: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کچھ لوگ نبی ﷺ کے پاس آئے اور

**3507** : تخریج : ترمذی کتاب فضائل الجهاد باب ماذکر ان ابواب الجنة تحت ظلال السیوف 1659

**3508** : اطراف : مسلم کتاب المساجد ومواضع الصلاة باب استحباب القنوت فی جمیع الصلاة اذا نزلت بالمسلمین نازلة 1077، 1078، 1079، 1080، 1081، 1082، 1083، 1084 =

أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ نَاسٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا أَنِ ابْعَثْ مَعَنَا رِجَالًا يُعَلِّمُونَا الْقُرْآنَ وَالسُّنَّةَ فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ سَبْعِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُمُ الْقُرَّاءُ فِيهِمْ خَالِي حَرَامٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ وَيَتَدَارَسُونَ بِاللَّيْلِ يَتَعَلَّمُونَ وَكَانُوا بِالنَّهَارِ يَجِيئُونَ بِالْمَاءِ فَيَضَعُونَهُ فِي الْمَسْجِدِ وَيَحْتَطِبُونَ فَيَبِيعُونَهُ وَيَشْتَرُونَ بِهِ الطَّعَامَ لِأَهْلِ الصُّفَّةِ وَلِلْفُقَرَاءِ فَبَعَثَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ فَعَرَضُوا لَهُمْ فَقَتَلُوهُمْ قَبْلَ أَنْ يَبْلُغُوا الْمَكَانَ فَقَالُوا اللَّهُمَّ بَلِّغْ عَنَّا نَبِيَّنَا أَنَّا قَدْ لَقِينَاكَ فَرَضِينَا عَنْكَ وَرَضِيتَ عَنَّا قَالَ وَأَتَى رَجُلٌ حَرَامًا خَالَ أَنَسٍ مِنْ خَلْفِهِ فَطَعَنَهُ بِرُمْحٍ حَتَّى أَنْفَذَهُ فَقَالَ حَرَامٌ فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ إِنَّ إِخْوَانَكُمْ قَدْ قُتِلُوا وَإِنَّهُمْ قَالُوا اللَّهُمَّ بَلِّغْ عَنَّا نَبِيَّنَا أَنَّا قَدْ لَقِينَاكَ فَرَضِينَا عَنْكَ وَرَضِيتَ عَنَّا [4917]

عرض کیا کہ ہمارے ساتھ کچھ لوگوں کو بھیجئے جو ہمیں قرآن اور سنت سکھائیں ۔تو آپؐ نے ان کی طرف انصارؓ میں سے ستر اشخاص جنہیں قرّ اء کہا جاتا تھا روانہ فرمائے ان میں میرے ماموں حرامؓ بھی تھے ۔ وہ رات کو قرآن پڑھتے اور ایک دوسرے کو پڑھ کر سناتے اور سیکھتے اور دن کو پانی لاتے اور اسے مسجد میں رکھتے اور لکڑیاں اکٹھی کرتے اور انہیں بیچتے اور اس سے اہلِ صُفّہ کے لئے اور فقراء کے لئے کھانا خریدتے تو نبی ﷺ نے انہیں ان کی طرف بھیجا۔ انہوں نے ان کا راستہ روک لیا اور اصل جگہ پر پہنچنے سے پہلے ہی انہیں قتل کر دیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اے اللہ! ہماری طرف سے ہمارے نبی ﷺ کو (یہ بات) پہنچا دے کہ ہم تجھ سے مل گئے ہیں اور ہم تجھ سے راضی ہو گئے اور تو ہم سے راضی ہو گیا۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت حرامؓ جو حضرت انسؓ کے ماموں تھے کے پاس ایک شخص پیچھے سے آیا اور اس نے انہیں اپنا نیزہ مارا اور ان کے پار کر دیا۔ اس پر حضرت حرامؓ نے کہا ربِّ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہؓ سے فرمایا تمہارے بھائی شہید ہو گئے ہیں اور انہوں نے اللہ سے دعا کی کہ اے اللہ! ہماری طرف سے ہمارے نبی ﷺ کو (یہ بات) پہنچا دے یقیناً ہم

= تخريج : بخاری كتاب الجمعة باب القنوت قبل الركوع وبعده 1002 كتاب الجزية والموادعة باب دعاء الامام على من نكث عهداً 3170 كتاب المغازى باب غزوة الرجيع ورعل وذكوان.... 4088 ، 4090 ، 4091 ، 4092 ، 4096

تجھ سے مل گئے ہیں اور ہم تجھ سے راضی اور تو ہم سے راضی ہے۔

3509{149} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ أَنَسٌ عَمِّيَ الَّذِي سُمِّيتُ بِهِ لَمْ يَشْهَدْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدْرًا قَالَ فَشَقَّ عَلَيْهِ قَالَ أَوَّلُ مَشْهَدٍ شَهِدَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُيِّبْتُ عَنْهُ وَإِنْ أَرَانِيَ اللَّهُ مَشْهَدًا فِيمَا بَعْدُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَرَانِي اللَّهُ مَا أَصْنَعُ قَالَ فَهَابَ أَنْ يَقُولَ غَيْرَهَا قَالَ فَشَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ قَالَ فَاسْتَقْبَلَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ لَهُ أَنَسٌ يَا أَبَا عَمْرٍو أَيْنَ فَقَالَ وَاهًا لِرِيحِ الْجَنَّةِ أَجِدُهُ دُونَ أُحُدٍ قَالَ فَقَاتَلَهُمْ حَتَّى قُتِلَ قَالَ فَوُجِدَ فِي جَسَدِهِ بِضْعٌ وَثَمَانُونَ مِنْ بَيْنِ ضَرْبَةٍ وَطَعْنَةٍ وَرَمْيَةٍ قَالَ فَقَالَتْ أُخْتُهُ عَمَّتِيَ الرُّبَيِّعُ بِنْتُ النَّضْرِ فَمَا عَرَفْتُ أَخِي إِلَّا بِبَنَانِهِ وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ

3509: حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میرے چچا جن کے نام پر میرا نام رکھا گیا وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر میں شامل نہ ہوئے تھے۔ وہ کہتے ہیں یہ بات ان پر بہت گراں گذری تھی۔ وہ کہتے تھے پہلا میدانِ جنگ جہاں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے مَیں اس میں شامل نہ ہوسکا۔ اگر اس کے بعد اللہ نے رسول اللہ ﷺ کی معیت میں کوئی میدانِ جنگ مجھے دکھایا تو اللہ دیکھے گا کہ میں کیا کرتا ہوں اور اس کے علاوہ کچھ اور کہنے سے انہوں نے خوف محسوس کیا۔ راوی کہتے ہیں وہ غزوہ اُحد میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شامل ہوئے۔ راوی کہتے ہیں سعد بن معاذؓ ان کے سامنے سے آئے تو حضرت انسؓ بن نضر نے ان سے کہا اے ابوعمرو کہاں؟ پھر کہا واہ جنت کی خوشبو جو مَیں اُحد کی طرف سے پا رہا ہوں۔ راوی کہتے ہیں پھر وہ ان سے لڑے یہانتک کہ شہید ہو گئے۔ راوی کہتے ہیں کہ ان کے جسم پر تلوار اور نیزے اور تیر کے اسی سے کچھ اوپر نشان تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ ان کی بہن میری پھوپھی رُبَیّعُ بِنت نَضر کہتی ہیں کہ میں اپنے بھائی کو صرف اس کی انگلی کے پورے سے پہچان سکی

**3509 : تخریج :** **بخاری** کتاب الجھاد والسیر باب قول اللہ تعالیٰ من المؤمنین رجال صدقوا.....2805 کتاب المغازی باب غزوۃ أحد4048 سورۃ الاحزاب باب: فمنھم من قضی نحبه4783 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورۃ الاحزاب3200، 3201

وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا قَالَ فَكَانُوا يُرَوْنَ أَنَّهَا نَزَلَتْ فِيهِ وَفِي أَصْحَابِهِ [4918]

اور یہ آیت نازل ہوئی رِجَالٌ صَدَقُوا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيْلًا ☆ مومنوں میں ایسے مرد ہیں جنہوں نے جس بات پر اللہ سے عہد کیا تھا اسے سچا کر دکھایا۔ پس ان میں سے وہ بھی ہے جس نے اپنی منّت کو پورا کر دیا اور ان میں سے وہ بھی ہے جو ابھی انتظار کر رہا ہے اور انہوں نے ہرگز (اپنے طرز عمل میں ) کوئی تبدیلی نہیں کی۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگ خیال کرتے تھے کہ یہ (آیت) ان کے اور ان کے ساتھیوں کے بارہ میں اتری تھی۔

## [42]15: بَاب مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

## اس بات کا بیان کہ جو شخص اس لئے لڑتا ہے کہ اللہ کا کلمہ بلند ہو تو وہی ہے جو اللہ کی راہ میں ہے

3510{150} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا

**3510**: حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے بیان کیا کہ ایک بدوی شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا

---

☆ (الاحزاب: 24)

**3510**: **اطراف: مسلم** کتاب الامارة باب من قاتل لتكون كلمة الله هى العلياء.... 3511، 3512

**تخریج : بخاری** كتاب العلم باب من سأل وهو قائم عالماً جالساً 123 كتاب الجهاد والسير باب من قاتل لتكون كلمة الله هى العلياء 2810 كتاب فرض الخمس باب من قاتل للغنم هل ينقص من اجره؟ 3126 كتاب التوحيد باب قوله تعالىٰ ولقدسبقت كلمتنا لعبادنا المرسلين 7458 **ترمذی** كتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فيمن يقاتل رياء وللدنيا 1646 **نسائی** كتاب الجهاد من قاتل لتكون كلمة الله هى العلياء 3136 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب من قاتل لتكون كلمة الله هى العلياء 2517 **ابن ماجه** كتاب الجهاد باب النية فى القتال 2783

مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ أَنَّ رَجُلًا أَعْرَابِيًّا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُذْكَرَ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُرَى مَكَانُهُ فَمَنْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ أَعْلَى فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ [4919]

یا رسولؐ اللہ! ایک شخص مالِ غنیمت کے حصول کے لئے لڑتا ہے اور ایک شخص لڑتا ہے کہ اس کا ذکر ہو اور ایک شخص اپنا مقام دکھانے کے لئے لڑتا ہے تو اللہ کی راہ میں کون ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اس لئے لڑتا ہے کہ اللہ کا کلمہ بلند ہو تو وہی ہے جو اللہ کی راہ میں (لڑتا) ہے۔

3511{151}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يُقَاتِلُ شَجَاعَةً وَيُقَاتِلُ حَمِيَّةً وَيُقَاتِلُ رِيَاءً أَيُّ ذَلِكَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ

**3511**: حضرت ابوموسیٰ ؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے اس شخص کے بارہ میں پوچھا گیا جو اپنی بہادری کے لئے لڑتا ہے اور غیرت کی وجہ سے لڑتا ہے اور دکھاوے کے لئے لڑتا ہے، ان میں سے کون سا اللہ کی راہ میں لڑتا ہے؟ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اس لئے لڑتا ہے کہ اللہ کا کلمہ بلند ہو تو وہی ہے جو اللہ کی راہ میں (لڑتا) ہے۔

حضرت ابوموسیٰ ؓ سے ایک اور روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

---

**3511** : **اطراف** : **مسلم** كتاب الامارة باب من قاتل لتكون كلمة الله هي العلياء.... 3510 ، 3512

**تخريج** : **بخاری** كتاب العلم باب من سأل وهو قائم عالماً جالساً 123 كتاب الجهاد والسير باب من قاتل لتكون كلمة الله هي العلياء 2810 كتاب فرض الخمس باب من قاتل للغنم هل ينقص من اجره؟ 3126 كتاب التوحيد باب قوله تعالىٰ ولقدسبقت كلمتنا لعبادنا المرسلين 7458 **ترمذی** كتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فيمن يقاتل رياء وللدنيا 1646 **نسائی** كتاب الجهاد من قاتل لتكون كلمة الله هي العلياء 3136 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب من قاتل لتكون كلمة الله هي العلياء 2517 **ابن ماجه** كتاب الجهاد باب النية في القتال 2783

بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ أَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ مِنَّا شَجَاعَةً فَذَكَرَ مِثْلَهُ [4920,4921]

ہم نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ایک شخص ہم میں سے بہادری دکھانے کے لئے لڑتا ہے۔۔۔باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

3512{152} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِتَالِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ غَضَبًا وَيُقَاتِلُ حَمِيَّةً قَالَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَيْهِ وَمَا رَفَعَ رَأْسَهُ إِلَيْهِ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ قَائِمًا فَقَالَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ [4922]

3512: حضرت ابوموسیٰؓ اشعری سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے اللہ بزرگ و برتر کی راہ میں لڑنے کے بارہ میں پوچھا اور اس شخص نے عرض کیا کہ ایک شخص غصہ کی وجہ سے لڑتا ہے اور ایک شخص غیرت کی وجہ سے لڑتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ اس پر آپؐ نے اپنا سر اس کی طرف اُٹھایا۔ آپؐ نے اپنا سر صرف اس لئے اس کی طرف اُٹھایا کہ وہ کھڑا تھا۔ آپؐ نے فرمایا جو شخص اس لئے لڑتا ہے کہ اللہ کا کلمہ بلند ہو تو وہی ہے جو اللہ کی راہ میں (لڑتا) ہے۔

## [43]16: بَاب: مَنْ قَاتَلَ لِلرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ اسْتَحَقَّ النَّارَ

## باب: وہ شخص جو دکھاوے اور شہرت کے لئے لڑتا ہے وہ آگ کا مستحق ہو جاتا ہے

3513{153} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا

3513: سلیمان بن یسار سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ لوگ حضرت ابو ہریرہؓ کے پاس سے اٹھ کر

**3512** : **اطراف** : **مسلم** كتاب الامارة باب من قاتل لتكون كلمة الله هي العلياء.... 3510 ، 3511

**تخريج** : **بخاری** كتاب العلم باب من سأل وهو قائم عالماً جالساً 123 كتاب الجهاد والسير باب من قاتل لتكون كلمة الله هي العلياء 2810 كتاب فرض الخمس باب من قاتل للغنم هل ينقص ... 3126 كتاب التوحيد باب قوله تعالى ولقدسبقت كلمتنا لعبادنا ... 7458 **ترمذی** كتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فيمن يقاتل رياء وللدنيا 1646 **نسائی** كتاب الجهاد من قاتل لتكون كلمة الله هي العلياء3136 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب من قاتل لتكون كلمة الله ... 2517 **ابن ماجه** كتاب الجهاد باب النية في القتال 2783

**3513** :**تخريج**: **نسائی** كتاب الجهادمن قاتل ليقاتل فلان جرىء3137 **ترمذی** كتاب الزهد باب ماجاء في الرياء ... 2382

ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ تَفَرَّقَ النَّاسُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ لَهُ نَاتِلُ أَهْلِ الشَّامِ أَيُّهَا الشَّيْخُ حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَوَّلَ النَّاسِ يُقْضَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهِ رَجُلٌ اسْتُشْهِدَ فَأُتِيَ بِهِ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيهَا قَالَ قَاتَلْتُ فِيكَ حَتَّى اسْتُشْهِدْتُ قَالَ كَذَبْتَ وَلَكِنَّكَ قَاتَلْتَ لِأَنْ يُقَالَ جَرِيءٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ حَتَّى أُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَعَلَّمَهُ وَقَرَأَ الْقُرْآنَ فَأُتِيَ بِهِ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيهَا قَالَ تَعَلَّمْتُ الْعِلْمَ وَعَلَّمْتُهُ وَقَرَأْتُ فِيكَ الْقُرْآنَ قَالَ كَذَبْتَ وَلَكِنَّكَ تَعَلَّمْتَ الْعِلْمَ لِيُقَالَ عَالِمٌ وَقَرَأْتَ الْقُرْآنَ لِيُقَالَ هُوَ قَارِئٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ حَتَّى أُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ وَسَّعَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَعْطَاهُ مِنْ أَصْنَافِ الْمَالِ كُلِّهِ فَأُتِيَ بِهِ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيهَا قَالَ مَا تَرَكْتُ مِنْ سَبِيلٍ تُحِبُّ أَنْ يُنْفَقَ فِيهَا إِلَّا أَنْفَقْتُ فِيهَا لَكَ قَالَ كَذَبْتَ

گئے تو ان سے اہلِ شام کے ناتل (نامی) نے کہا کہ اے شیخ! ہم سے ایسی حدیث بیان کریں جسے آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہو۔ انہوں نے کہا اچھا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے پہلا شخص جس کے خلاف قیامت کے دن فیصلہ ہوگا وہ ایسا ''شہید'' ہوگا جسے لایا جائے گا تو وہ (اللہ) اسے اپنی نعمتوں سے آگاہ کرے گا اور وہ انہیں پہچان لے گا۔ وہ (اللہ) کہے گا تو نے ان کے لئے کیا کام کیا؟ وہ کہے گا میں تیری راہ میں لڑا یہاںتک کہ شہید ہوگیا اللہ فرمائے گا تو نے غلط کہا تو تو اس لئے لڑا تھا کہ تجھے بہادر کہا جائے۔ چنانچہ ایسا کہا گیا پھر اس کے بارہ میں حکم دیا جائے گا تو وہ اپنے منہ کے بل گھسیٹا جائے گا یہاں تک کہ اسے آگ میں ڈال دیا جائے گا اور ایک اور شخص جس نے علم سیکھا اور اسے دوسروں کو سکھایا اور قرآن پڑھا اسے لایا جائے گا تو وہ (اللہ) اسے اپنی نعمتوں کے بارہ میں بتائے گا تو وہ انہیں پہچان لے گا۔ اللہ فرمائے گا تو نے ان کے لئے کیا کام کیا؟ وہ کہے گا میں نے علم سیکھا اور اسے دوسروں کو سکھایا اور میں نے تیرے لئے قرآن کی تلاوت کی۔ وہ (اللہ) فرمائے گا تو نے غلط کہا بلکہ تو نے تو اس لئے علم سیکھا تا کہ تجھے عالم کہا جائے اور تو نے قرآن پڑھا تا کہ یہ کہا جائے کہ وہ قاری ہے۔ چنانچہ ایسا کہا گیا پھر اس کے بارہ میں حکم دیا جائے گا۔ تو وہ

وَلَكِنَّكَ فَعَلْتَ لِيُقَالَ هُوَ جَوَادٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ ثُمَّ أُلْقِيَ فِي النَّارِ و حَدَّثَنَاه عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ تَفَرَّجَ النَّاسُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ لَهُ نَاتِلٌ الشَّامِيُّ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ [4923,4922]

منہ کے بل گھسیٹا جائے گا حتی کہ وہ آگ میں پھینک دیا جائے گا اور ایک وہ شخص جسے اللہ نے وسعت عطا فرمائی اور اسے مال کی سب قسموں سے عطا فرمایا۔ وہ بھی (اللہ کے پاس) لایا جائے گا۔ تو اللہ اسے اپنی نعمتوں کے بارہ میں بتائے گا تو وہ انہیں پہچان لے گا وہ (اللہ) فرمائے گا تو نے ان کے لئے کیا کام کیا؟ وہ کہے گا میں نے خرچ کی کوئی راہ جس کے بارہ میں تو پسند کرتا تھا کہ اس راہ میں خرچ کیا جائے۔ نہیں چھوڑی بلکہ میں نے اس میں تیرے لئے خرچ کیا۔ اللہ فرمائے گا تو غلط کہتا ہے بلکہ تو نے اسلئے ایسا کیا کہ کہا جائے کہ وہ سخی ہے چنانچہ کہا گیا۔ پھر اسکے بارہ میں حکم دیا جائے گا تو وہ منہ کے بل گھسیٹا جائے گا پھر آگ میں پھینک دیا جائے گا۔

ایک اور روایت میں (تَفَرَّقَ النَّاسُ کی بجائے) تَفَرَّجَ النَّاسُ کے الفاظ ہیں اور (نَاتِلُ اَهْلِ الشَّامِ کی بجائے) نَاتِلٌ الشَّامِيُّ کے الفاظ ہیں۔

## [44]17: بَاب: بَيَانُ قَدْرِ ثَوَابِ مَنْ غَزَا فَغَنِمَ وَمَنْ لَمْ يَغْنَمْ

## باب: اس شخص کے ثواب کی مقدار کا بیان جو جہاد کرتا ہے اور مالِ غنیمت حاصل کرتا ہے اور وہ جو مالِ غنیمت حاصل نہیں کرتا

3514{154} حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا

**3514:** حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر لشکر جو اللہ کی راہ میں

**3514** : اطراف : مسلم کتاب الامارۃ باب بیان قدر ثواب من غزا.... 3515 =

حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِي هَانِئٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُصِيبُونَ الْغَنِيمَةَ إِلَّا تَعَجَّلُوا ثُلُثَيْ أَجْرِهِمْ مِنَ الْآخِرَةِ وَيَبْقَى لَهُمُ الثُّلُثُ وَإِنْ لَمْ يُصِيبُوا غَنِيمَةً تَمَّ لَهُمْ أَجْرُهُمْ [4925]

جہاد کرتا ہے اور مالِ غنیمت حاصل کرتا ہے تو اس نے آخرت کے اجر میں سے دو تہائی پہلے ہی لے لیا اور اب ان کے لئے ایک تہائی باقی رہا اور اگر وہ مالِ غنیمت نہ پائیں تو اُن کا اجر پورے کا پورا ہوگا۔

3515{155} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنِي أَبُو هَانِئٍ حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ إِلَّا كَانُوا قَدْ تَعَجَّلُوا ثُلُثَيْ أُجُورِهِمْ وَمَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ إِلَّا تَمَّ أُجُورُهُمْ [4925]

**3515**: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی بھی بڑا یا چھوٹا لشکر جو غزوہ کرتا ہے اور مالِ غنیمت حاصل کرتا ہے اور سلامت رہتا ہے تو انہوں نے اپنے اجر کا دو تہائی حصہ حاصل کر لیا اور جو بڑا یا چھوٹا لشکر مالِ غنیمت حاصل نہ کرے اور اُن کو تکلیف پہنچے تو اُن کا اجر پورے کا پورا ہوگا۔

---

= **تخریج: نسائی** کتاب الجهاد باب ثواب السرية التی تخفق 3125 ، 3126 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی السرية تخفق2497 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب النية فی القتال 2785

**3515** : **اطراف : مسلم** کتاب الامارةباب بيان قدرثواب من غزا.... 3514

**تخريج : نسائی** کتاب الجهاد باب ثواب السرية التی تخفق 3125 ، 3126 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی السرية تخفق2497 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب النية فی القتال 2785

## [45]18: بَاب: قَوْلُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَأَنَّهُ يَدْخُلُ فِيهِ الْغَزْوُ وَغَيْرُهُ مِنَ الْأَعْمَالِ

## باب: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد کہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور یہ کہ اس میں غزوہ وغیرہ تمام اعمال شامل ہیں

**3516{156}** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ

**3516:** حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور انسان کے لئے وہی کچھ ہے جس کی اس نے نیت کی۔ پس جس شخص کی ہجرت اللہ اور اس کے رسولؐ کے لئے ہے تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسولؐ کے لئے ہے۔ اور جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہے کہ وہ اُسے حاصل کرے یا کسی عورت کے لئے جس سے وہ شادی کرے تو اس کی ہجرت اسی کے لئے ہے جس کے لئے اس نے ہجرت کی۔ اور سفیان کی روایت میں ہے کہ میں نے حضرت عمر بن خطابؓ کو منبر پر سنا وہ نبی ﷺ سے بیان کررہے تھے۔

---

**3516 :** **تخریج: بخاری** کتاب بدء الوحی ، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول الله ﷺ 1 کتاب الایمان باب ماجاء انّ الاعمال بالنیة والحِسبة ... 54 کتاب العتق باب الخطاء والنسیان فی العتاقة والطلاق ... 2529 کتاب المناقب باب هجرة النبی ﷺ واصحابه... 3898 کتاب النکاح باب من هاجر او عمل خیراً لتزویج امرأة ... 5070 کتاب الایمان والنذور باب النیة فی الایمان 6689 کتاب الحیل باب فی ترک الحیل وان لکل امریء... 6953 **ترمذی** کتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فیمن یقاتل ریاء و للدنیا 1647 **نسائی** کتاب الطهارة باب النیة فی الوضوء 75 کتاب الطلاق باب الکلام اذا قصد به.... 3437 کتاب الایمان والنذور،النیة فی الیمین 3794 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فیما عنی به الطلاق.... 2201 **ابن ماجه** کتاب الزهد باب النیة 4227

الْوَهَّابِ يَعْنِي الثَّقَفِيَّ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ بِإِسْنَادِ مَالِكٍ وَمَعْنَى حَدِيثِهِ وَفِي حَدِيثِ سُفْيَانَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلَى الْمِنْبَرِ يُخْبِرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [4928,4927]

## [46]19: بَاب: اسْتِحْبَابُ طَلَبِ الشَّهَادَةِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ تَعَالَى

### باب: اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہادت طلب کرنا مستحب ہے

3517{157} حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا أُعْطِيَهَا وَلَوْ لَمْ تُصِبْهُ [4929]

**3517:** حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سچے دل سے شہادت طلب کی تو وہ اسے دے دی گئی اگرچہ وہ (ظاہری طور پر) اسے نہ پہنچے۔

3518{158} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى وَاللَّفْظُ لِحَرْمَلَةَ قَالَ أَبُو الطَّاهِرِ

**3518:** سہل بن ابی امامہ بن سہل بن حنیف نے اپنے باپ اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں

---

**3518** : تخریج : **ترمذی** کتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فيمن سأل الشهادة 1653 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب في الاستغفار 1520 **ابن ماجه** كتاب الجهاد باب القتال في سبيل الله سبحانه وتعالىٰ 2797

أَخْبَرَنَا و قَالَ حَرْمَلَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي أَبُو شُرَيْحٍ أَنَّ سَهْلَ بْنَ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَأَلَ اللَّهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللَّهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ وَلَمْ يَذْكُرْ أَبُو الطَّاهِرِ فِي حَدِيثِهِ بِصِدْقٍ [4930]

کہ نبی ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ سے صدق سے شہادت مانگتا ہے اللہ اسے شہادت کے درجات تک پہنچادے گا اگر چہ وہ اپنے بستر پر فوت ہو۔
ایک اور روایت میں بِصِدْقٍ کا ذکر نہیں کیا۔

## [48]20: بَاب: ذَمِّ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِالْغَزْوِ

## اس شخص کی مذمت کا بیان جو مر گیا اور اس نے جہاد نہیں کیا اور اپنے دل میں بھی جہاد کا خیال نہ کیا

3519 {159} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ وُهَيْبٍ الْمَكِّيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ نَفْسَهُ مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِنْ نِفَاقٍ قَالَ ابْنُ سَهْمٍ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ فَنُرَى أَنَّ ذَلِكَ كَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [4931]

3519: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو بغیر جہاد کئے مر گیا اور اپنے دل میں بھی جہاد کا خیال نہ کیا وہ نفاق کی ایک قسم پر مرا۔
عبداللہ بن مبارک کہتے ہیں کہ ہمارا خیال ہے یہ بات رسول اللہ ﷺ کے عہد کے متعلق ہے۔

3519 : تخریج : نسائی کتاب الجهاد ،الشدید فی ترک الجهاد3097 ابو داؤد کتاب الجهاد باب کراهیة ترک الغزو 2502

## [48]21:بَاب ثَوَابِ مَنْ حَبَسَهُ عَنِ الْغَزْوِ مَرَضٌ أَوْ عُذْرٌ آخَرُ

### اس کے ثواب کا بیان جسے بیماری یا کوئی اور عذر غزوہ سے روک دے

3520{160}حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَقَالَ إِنَّ بِالْمَدِينَةِ لَرِجَالًا مَا سِرْتُمْ مَسِيرًا وَلَا قَطَعْتُمْ وَادِيًا إِلَّا كَانُوا مَعَكُمْ حَبَسَهُمُ الْمَرَضُ و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ وَكِيعٍ إِلَّا شَرِكُوكُمْ فِي الْأَجْرِ[4932,4933]

3520:حضرت جابرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم ایک غزوہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے آپؐ نے فرمایا یقیناً مدینہ میں بعض ایسے لوگ ہیں کہ تم کوئی سفر نہیں کرتے یا کوئی وادی طے نہیں کرتے مگر وہ تمہارے ساتھ ہوتے ہیں انہیں بیماری نے روک لیا ہے۔

ایک اور روایت میں ( اِلَّا کَانُوا مَعَکُمْ کی بجائے ) اِلَّا شَرِکُوکُمْ فِی الْاَجْرِ کے الفاظ ہیں یعنی مگر وہ تمہارے ساتھ اجر میں شریک ہیں۔

## [49]22:بَاب فَضْلِ الْغَزْوِ فِي الْبَحْرِ

### سمندر میں جہاد کرنے کی فضیلت کا بیان

3521{161}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ

3521:حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ام حرامؓ بنت ملحان کے ہاں

**3520** : تخریج : **ابن ماجه** كتاب الجهاد باب من حبسه العذر عن الجهاد 2764، 2765

**3521** : اطراف : **مسلم** كتاب الامارة باب فضل الغزو فى البحر 3522

**تخریج** : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب الدعاء بالجهاد والشهادة للرجال والنساء 2788، 2789 باب فضل من يصرع فى سبيل الله فمات فهو منهم 2799، 2800 باب غزو المرأة فى البحر 2877، 2878 باب ركوب البحر 2894، 2895 باب ماقيل فى قتال الروم 2924 كتاب الاستئذان باب من زار قوماً فقال عندهم 6282، 6283 كتاب التعبير باب الرؤيا بالنهار 7001، 7002 **ترمذی** كتاب فضائل الجهاد باب ماجاء فى غزو البحر 1645 **نسائی** كتاب الجهاد فضل الجهاد فى البحر 3171، 3172 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فضل الغزو فى البحر 2490، 2491

بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَتُطْعِمُهُ وَكَانَتْ أُمُّ حَرَامٍ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَأَطْعَمَتْهُ ثُمَّ جَلَسَتْ تَفْلِي رَأْسَهُ فَنَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللَّهِ يَرْكَبُونَ ثَبَجَ هَذَا الْبَحْرِ مُلُوكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ مِثْلَ الْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ يَشُكُّ أَيَّهُمَا قَالَ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ فَدَعَا لَهَا ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَا قَالَ فِي الْأُولَى قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ فَرَكِبَتْ أُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ الْبَحْرَ فِي زَمَنِ مُعَاوِيَةَ فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِينَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ فَهَلَكَتْ [4934]

جاتے تھے وہ آپؐ کو کھانا پیش کرتی تھیں اور ام حرامؓ حضرت عبادہ بن صامتؓ کے نکاح میں تھیں۔ایک دن رسول اللہ ﷺ ان کے ہاں گئے۔انہوں نے آپؐ کو کھانا پیش کیا۔پھر وہ بیٹھ کر آپؐ کا سر دیکھنے لگیں اور رسول اللہ ﷺ سو گئے۔پھر آپؐ ہنستے ہوئے بیدار ہوئے۔وہ کہتی ہیں میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کیوں ہنس رہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا میری امت کے کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کی غرض سے اِس سمندر کی لہروں پر اس طرح سوار تھے جیسے بادشاہ تختوں پر یا فرمایا بادشاہوں کی طرح تختوں پر—راوی کو شک ہے کہ ان دونوں میں سے کون سے الفاظ فرمائے— راوی کہتے ہیں وہ کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اللہ سے دعا کیجئے کہ اللہ مجھے بھی اُن میں سے بنا دے تو آپؐ نے اُن کے لئے دعا کی۔پھر آپؐ نے سر رکھا اور سو گئے۔پھر آپؐ بیدار ہوئے تو ہنس رہے تھے۔وہ کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کیوں ہنس رہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا میری امت کے بعض لوگ میرے سامنے اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے پیش کئے گئے جیسا کہ پہلی بار فرمایا تھا۔وہ کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اللہ سے دعا کیجئے کہ مجھے ان میں سے بنا دے۔تو آپؐ نے فرمایا تم پہلوں میں سے ہو۔پھر حضرت ام حرامؓ بنت ملحان

امیر معاویہ کے زمانہ میں سمندری سفر پر گئیں۔ جب سمندر سے باہر نکلیں تو اپنی سواری سے گر کر فوت ہو گئیں۔

3522{162}حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أُمِّ حَرَامٍ وَهِيَ خَالَةُ أَنَسٍ قَالَتْ أَتَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ عِنْدَنَا فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي قَالَ أُرِيتُ قَوْمًا مِنْ أُمَّتِي يَرْكَبُونَ ظَهْرَ الْبَحْرِ كَالْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ فَقُلْتُ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ فَإِنَّكِ مِنْهُمْ قَالَتْ ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ أَيْضًا وَهُوَ يَضْحَكُ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ فَقُلْتُ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ قَالَ فَتَزَوَّجَهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ بَعْدُ فَغَزَا فِي الْبَحْرِ فَحَمَلَهَا مَعَهُ فَلَمَّا أَنْ جَاءَتْ قُرِّبَتْ لَهَا بَغْلَةٌ فَرَكِبَتْهَا فَصَرَعَتْهَا فَانْدَقَّتْ عُنُقُهَا

**3522**:حضرت انسؓ بن مالک حضرت ام حرامؓ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت انسؓ کی خالہ تھیں وہ کہتی ہیں ایک دن نبی ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمارے ہاں قیلولہ فرمایا۔ پھر آپؐ ہنستے ہوئے بیدار ہوئے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان آپؐ کو کس بات نے ہنسایا ہے؟ آپؐ نے فرمایا مجھے اپنی امت کے بعض افراد سمندر میں سوار دکھائے گئے جیسے بادشاہ تختوں پر۔ میں نے عرض کیا اللہ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے ان میں سے بنادے۔ آپؐ نے فرمایا تم ان میں سے ہو۔ وہ کہتی ہیں پھر آپؐ سو گئے اور اسی طرح ہنستے ہوئے بیدار ہوئے۔ میں نے آپؐ سے پوچھا آپؐ نے اپنی اسی بات کی طرح فرمایا۔ میں نے عرض کیا میرے لئے دعا کیجئے کہ اللہ مجھے ان میں سے بنادے۔ آپؐ نے فرمایا تم پہلوں میں سے ہو۔ راوی کہتے ہیں اس کے بعد ان سے حضرت عبادہؓ بن صامت نے شادی

**3522** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الامارة باب فضل الغزو فی البحر3521

**تخریج** : **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب الدعاء بالجهاد والشهادة للرجال والنساء2788 ، 2789 باب فضل من یصرع فی سبیل الله فمات فهو منهم 2799 ، 2800 باب غزو المرأة فی البحر 2877 ، 2878 باب رکوب البحر 2894 ، 2895 باب ماقیل فی قتال الروم 2924 کتاب الاستئذان باب من زار قوماً فقال عندهم 2282 ، 6283 کتاب التعبیر باب الرؤیا بالنهار 7001 ، 7002 **ترمذی** کتاب فضائل الجهادباب ماجاء فی غزو البحر 1645 **نسائی** کتاب الجهاد،فضل الجهاد فی البحر 3171 ، 3172 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فضل الغزو فی البحر 2490 ، 2491

گئے اور انہیں تقسیم کیا۔ راوی نے ''تقسیم کیا'' کے لئے فَتَوَزَّعُوهَا کا لفظ استعمال کیا یا فَتَجَزَّعُوهَا کا لفظ۔ رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی پھر آپؐ نے خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا جس نے نماز سے پہلے (جانور) ذبح کیا ہے وہ دوبارہ (ذبح) کرے۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

اسی طرح ایک اور روایت حضرت انس بن مالکؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عید الاضحی کے دن ہمیں خطبہ دیا۔ راوی کہتے ہیں آپؐ نے گوشت کی خوشبو محسوس کی۔ آپؐ نے انہیں ذبح کرنے سے منع فرمایا۔ آپؐ نے فرمایا جس نے (جانور) ذبح کر لیا ہے وہ دوبارہ (جانور) ذبح کرے۔

## [2]2: بَاب سِنِّ الْأُضْحِيَّةِ

## قربانی کے جانوروں کی عمر کا بیان

3617{13}حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْبَحُوا إِلَّا مُسِنَّةً إِلَّا أَنْ يَعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوا جَذَعَةً مِنَ الضَّأْنِ [5082]

3617: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مُسِنّہ (سال سے بڑا جانور) کے علاوہ (کوئی جانور) ذبح نہ کرو، سوائے اس کے کہ تم ایسا جانور نہ پاؤ تو دنبہ میں سے جذعہ (ایک سال سے کم اور چھ ماہ سے زیادہ) ذبح کر سکتے ہو۔

**3617** : تخریج: نسائی کتاب الضحایا المسنة والجذعة 4378 ابو داؤد کتاب الضحایا باب ما یجوز فی الضحایا من السن2797 ابن ماجه کتاب الاضاحی باب ما تجزئ من الاضاحی ...3141

3618{14} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ بِالْمَدِينَةِ فَتَقَدَّمَ رِجَالٌ فَنَحَرُوا وَظَنُّوا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَحَرَ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ نَحَرَ قَبْلَهُ أَنْ يُعِيدَ بِنَحْرٍ آخَرَ وَلَا يَنْحَرُوا حَتَّى يَنْحَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [5083]

3618: ابوزبیر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے سنا وہ کہتے ہیں نبی ﷺ نے ہمیں قربانی کے دن مدینہ میں نماز پڑھائی بعض لوگوں نے جلدی سے قربانی کر لی اور انہوں نے خیال کیا کہ نبی ﷺ نے قربانی کر لی ہے۔ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے آپؐ سے پہلے قربانی کی ہے وہ دوسری قربانی کرے اور جب تک نبی ﷺ قربانی نہ کر لیں وہ قربانی نہ کریں۔

3619{15} و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهُ غَنَمًا يَقْسِمُهَا عَلَى أَصْحَابِهِ ضَحَايَا فَبَقِيَ عَتُودٌ فَذَكَرَهُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ضَحِّ بِهِ أَنْتَ قَالَ قُتَيْبَةُ عَلَى صَحَابَتِهِ [5084]

3619: حضرت عُقبہؓ بن عامر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں قربانی کے لئے اپنے ساتھیوں میں بکریاں تقسیم کرنے کے لئے دیں۔ ایک سال کا جانور بچ گیا۔ انہوں نے اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا۔ آپؐ نے فرمایا اسے تم ذبح کرلو۔

---

**3619** : **اطراف: مسلم** کتاب الاضاحی باب سن الاضحیة 3620

**تخریج: بخاری** کتاب الوکالة باب وکالة الشریک ...2300 کتاب الشرکة باب قسمة الغنم والعدل فیها.. 2500 کتاب الاضاحی باب اضحیة النبی ﷺ بکبشین اقرنین 5555 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ما جاء فی الجذع من الضان فی الاضاحی ..1500 **نسائی** کتاب الضحایا المسنة والجذعة 4379 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب ما تجزئ من الاضاحی 3138

3620{16}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ بَعْجَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِينَا ضَحَايَا فَأَصَابَنِي جَذَعٌ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ أَصَابَنِي جَذَعٌ فَقَالَ ضَحِّ بِهِ و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ حَسَّانَ أَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ وَهُوَ ابْنُ سَلَّامٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَخْبَرَنِي بَعْجَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ ضَحَايَا بَيْنَ أَصْحَابِهِ بِمِثْلِ مَعْنَاهُ [5086,5085]

**3620**: حضرت عُقبہؓ بن عامر جہنی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ہمارے درمیان قربانی کے جانور تقسیم فرمائے۔ مجھے جذعہ ملا۔ میں نے کہا یارسولؐ اللہ! مجھے جذعہ ملا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اسے ذبح کرلو۔

ایک روایت میں (قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فِينَا ضَحَايَا کی بجائے) أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَسَمَ ضَحَايَا بَينَ اَصْحَابِهِ کے الفاظ ہیں۔

---

**3620** : اطراف: **مسلم** کتاب الاضاحی باب سن الاضحیة 3619

**تخریج** : **بخاری** کتاب الوکالة باب وکالة الشریک ...2300 کتاب الشرکة باب قسمة الغنم والعدل فیها.. 2500 کتاب الاضاحی باب اضحیة النبی ﷺ بکبشین اقرنین 5555 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ما جاء فی الجذع من الضان فی الاضاحی ..1500 **نسائی** کتاب الضحایا المسنة والجذعة 4379 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب ما تجزئ من الاضاحی 3138

## [3]3:بَاب:اسْتِحْبَابُ الضَّحِيَّةِ وَذَبْحِهَا مُبَاشَرَةً بِلَا تَوْكِيلٍ وَالتَّسْمِيَةِ وَالتَّكْبِيرِ

## باب: قربانی کرنے اوراس کوکسی دوسرے کے سپرد کرنے کی بجائے خود کرنے اوراللہ کا نام لینے اور تکبیر کہنے کا مستحب ہونا

3621{17}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيد حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَس قَالَ ضَحَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ ذَبَحَهُمَا بِيَدِه وَسَمَّى وَكَبَّرَ وَوَضَعَ رِجْلَهُ عَلَى صِفَاحِهِمَا[5087]

3621: حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں نبی ﷺ نے دو چتکبرے سینگوں والے مینڈھوں کی قربانی دی۔ آپؐ نے ان دونوں کو اپنے ہاتھ سے ذبح کیا اور بسم اللہ پڑھی اور تکبیر کہی اور اپنا پاؤں ان کے پہلو پر رکھا۔

3622{18}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ

3622: حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے دو چتکبرے سینگوں والے

---

**3621** : **اطراف: مسلم** کتاب الاضاحی باب استحباب الضحیة وذبحها... 3622

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التحمید والتسبیح والتکبیر قبل الاهلال... 1551 باب من نحر هدیه بیده... 1712 کتاب الاضاحی باب ما یشتهی من اللحم یوم النحر 5549 باب اضحیة النبی ﷺ بکبشین اقرنین 5553 ، 5554 باب من ذبح الاضاحی بیده 5558 باب من ذبح قبل الصلاة اعاد 5561 باب وضع القدم علی صفح الذبیحة ... 5564 باب التکبیر عند الذبح 5565 کتاب التوحید باب السؤال باسماء الله تعالیٰ والاستعاذة بها ... 7399 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ما جاء فی الاضحیة بکبشین 1494 **نسائی** کتاب الضحایا الکبش 4385 ، 4386 ، 4387، 4388، 4389 وضع الرجل علی صفحة الضحیحة 4415 تسمیة الله عزوجل علی الضحیة 4416 التکبیر علیها 4417 ذبح الرجل اضحیة بیده 4418 **ابوداؤد** کتاب الضحایا باب ما یستحب من الضحایا 2793 ، 2794 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب اضاحی رسول الله ﷺ 3120 باب من ذبح اضحیة بیده 3155

**3622** : **اطراف: مسلم** کتاب الاضاحی باب استحباب الضحیة وذبحها... 3621

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التحمید والتسبیح والتکبیر قبل الاهلال... 1551 باب من نحر هدیه بیده... 1712 کتاب الاضاحی باب ما یشتهی من اللحم یوم النحر 5549 باب اضحیة النبی ﷺ بکبشین اقرنین 5553 ، 5554 باب من ذبح الاضاحی بیده 5558 باب من ذبح قبل الصلاة اعاد 5561 باب وضع القدم علی صفح الذبیحة ... 5564 باب التکبیر عند الذبح 5565 کتاب التوحید باب السؤال باسماء الله تعالیٰ والاستعاذة بها ...7399 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ما جاء فی الاضحیة بکبشین 1494 **نسائی** کتاب الضحایا الکبش 4385 ، 4386 ، 4387، 4388، 4389 وضع الرجل علی صفحة الضحیحة 4415 تسمیة الله عزوجل علی الضحیة 4416 التکبیر علیها 4417 ذبح الرجل اضحیة بیده 4418 **ابوداؤد** کتاب الضحایا باب ما یستحب من الضحایا 2793 ، 2794 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب اضاحی رسول الله ﷺ 3120 باب من ذبح اضحیة بیده 3155

ضَحَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ قَالَ وَرَأَيْتُهُ يَذْبَحُهُمَا بِيَدِهِ وَرَأَيْتُهُ وَاضِعًا قَدَمَهُ عَلَى صِفَاحِهِمَا قَالَ وَسَمَّى وَكَبَّرَ و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَخْبَرَنِي قَتَادَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ ضَحَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ قَالَ قُلْتُ آنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ أَنَسٍ قَالَ نَعَمْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَيَقُولُ بِاسْمِ اللَّهِ وَاللَّهُ أَكْبَرُ [5090,5089,5088]

مینڈھوں کی قربانی دی وہ کہتے ہیں میں نے آپ ﷺ کو ان دونوں کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرتے ہوئے دیکھا اور میں نے یہ (بھی) دیکھا کہ آپؐ نے اپنا پاؤں ان دونوں کے پہلوؤں پر رکھا۔ وہ کہتے ہیں آپؐ نے بسم اللہ پڑھی اور تکبیر کہی۔ شعبہ بیان کرتے ہیں۔ قتادہ کہتے تھے میں نے حضرت انسؓ کو کہتے سنا رسول اللہ ﷺ نے قربانی دی وہ کہتے ہیں میں نے کہا کیا آپؓ نے یہ بات (خود) حضرت انسؓ سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا ہاں۔ ایک دوسری روایت میں (قَالَ وَسَمَّى وَ كَبَّرَ کی بجائے) وَيَقُولُ بِسْمِ اللَّهِ وَاللَّهُ اَكْبَرُ کے الفاظ ہیں۔

3623{19} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ قَالَ حَيْوَةُ أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِكَبْشٍ أَقْرَنَ يَطَأُ فِي سَوَادٍ وَيَبْرُكُ فِي سَوَادٍ وَيَنْظُرُ فِي سَوَادٍ فَأُتِيَ بِهِ لِيُضَحِّيَ بِهِ فَقَالَ لَهَا يَا عَائِشَةُ هَلُمِّي الْمُدْيَةَ ثُمَّ قَالَ اشْحَذِيهَا بِحَجَرٍ

**3623:** حضرت عائشہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ایک سینگوں والا مینڈھا جو سیاہی میں چلتا ہو اور سیاہی میں بیٹھتا ہو اور سیاہی میں دیکھتا ہو☆ لانے کا ارشاد فرمایا۔ وہ آپؐ کے پاس قربانی کے لئے لایا گیا۔ آپؐ نے انہیں فرمایا اے عائشہؓ! چھری لاؤ پھر فرمایا اسے پتھر پر تیز کرو۔ انہوں نے (تیز) کر دی۔ آپؐ نے چھری پکڑی اور مینڈھے کو پکڑ لیا اور اسے لٹایا اور پھر اسے ذبح کیا اور آپؐ نے فرمایا اللہ کے نام

☆ یعنی اس کے پاؤں پیٹ اور آنکھیں سیاہ ہوں۔

**3623:** تخریج: ابو داؤد کتاب الضحایا باب ما یستحب من الضحایا...2792

فَفَعَلَتْ ثُمَّ أَخَذَهَا وَأَخَذَ الْكَبْشَ فَأَضْجَعَهُ ثُمَّ ذَبَحَهُ ثُمَّ قَالَ بِاسْمِ اللَّهِ اللَّهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَمِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ ضَحَّى بِهِ [5090]

کے ساتھ اے اللہ! اسے محمدؐ اور آلِ محمدؐ اور محمدؐ کی امت کی طرف سے قبول فرما۔ اس کے بعد اسے ذبح کیا۔

## [4]4: بَاب: جَوَازُ الذَّبْحِ بِكُلِّ مَا أَنْهَرَ الدَّمَ إِلَّا السِّنَّ وَالظُّفُرَ وَسَائِرَ الْعِظَامِ

## باب: ہر اس چیز سے ذبح کرنا جائز ہے جو اچھی طرح خون بہائے سوائے دانت اور ناخن اور دوسری تمام ہڈیوں کے

3624{20} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيد عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا لَاقُو الْعَدُوِّ غَدًا وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْجِلْ أَوْ أَرْنِي مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ فَكُلْ لَيْسَ

3624: حضرت رافعؓ بن خدیج سے روایت ہے کہ میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! ہم کل دشمن سے ملنے والے ہیں اور ہمارے پاس چھریاں نہیں ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جلدی کرو یا فرمایا ہوشیاری سے کام لو۔ جو اچھی طرح خون بہائے اور اللہ کا نام لیا جائے تو اسے کھا سکتے ہو۔ ہاں مگر دانت اور ناخن سے نہیں۔ میں☆ تمہیں بتاتا ہوں کہ جہاں تک دانت کا تعلق ہے

---

**3624** : **تخریج** : **بخاری** کتاب الشرکة باب قسمة الغنم 2488 باب من عدل عشرة من الغنم 2507 کتاب الجهاد والسير باب ما يكره من ذبح الابل والغنم فی المغانم 3075 کتاب الذبائح والصيد باب التسمية علی الذبيحة ومن ترک متعمدا 5498 باب ما انهر الدم من القصب والمروة والحديد... 5503 باب لا يذکی بالسن والعظم والظفر ... 5506 باب ما ند من البهائم فهو بمنزلة الوحش 5509 باب اذا اصاب قوم غنيمة فذبح بعضهم غنما او ابلا بغير امر اصحابه 5543 باب اذا ند بعير لقوم فرماه بعضهم بسهم فقتله ... 5544 **ترمذی** کتاب الصيد باب ماجاء فی الزکاة بالقصب وغيره 1491 **نسائی** کتاب الصيد والذبائح الانسية تستحوش ...4297 کتاب الضحايا النهی عن الذبح بالظفر 4403 باب فی الذبح بالسن 4404 ذکر المنفلته التی لا يقدر علی اخذها 4409، 4410 **ابوداؤد** کتاب الضحايا باب فی الذبيحة بالمروة 2821 **ابن ماجه** کتاب الضحايا النهی عن ذبح ذوات الدر...3183

☆ ہوسکتا ہے کہ یہ فقرہ راوی کا قول ہو۔

السِّنَّ وَالظُّفُرَ وَسَأُحَدِّثُكَ أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ قَالَ وَأَصَبْنَا نَهْبَ إِبِلٍ وَغَنَمٍ فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيرٌ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِهَذِهِ الْإِبِلِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ فَإِذَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا شَيْءٌ فَاصْنَعُوا بِهِ هَكَذَا {21}و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ مِنْ تِهَامَةَ فَأَصَبْنَا غَنَمًا وَإِبِلًا فَعَجِلَ الْقَوْمُ فَأَغْلَوْا بِهَا الْقُدُورَ فَأَمَرَ بِهَا فَكُفِئَتْ ثُمَّ عَدَلَ عَشْرًا مِنَ الْغَنَمِ بِجَزُورٍ وَذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيثِ كَنَحْوِ حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ {22}و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبَايَةَ عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ ثُمَّ حَدَّثَنِيهِ عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا لَاقُو الْعَدُوِّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى فَنُذَكِّي بِاللِّيطِ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِقِصَّتِهِ وَقَالَ فَنَدَّ

وہ ہڈی ہے اور جو ناخن ہیں وہ حبشہ کی چھریاں ہیں۔ وہ کہتے ہیں ہمیں (مالِ غنیمت کے طور پر) اونٹ اور بکریاں ملیں۔ان میں سے ایک اونٹ بدک کر بھاگا۔ایک شخص نے اسے تیر مارا تو اس نے اسے روک دیا۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان اونٹوں میں سے بھی بعض جنگلی جانوروں کی طرح بگڑ جاتے ہیں۔ جب ان میں سے کوئی تم پر غالب آ جائے تو اس کے ساتھ ایسا کیا کرو۔حضرت رافعؓ بن خدیج سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم ذوالحلیفہ جو تہامہ کا ایک مقام ہے میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے تو ہمیں (مالِ غنیمت میں) بکریاں اور اونٹ ملے۔ لوگوں نے جلدی کی اور ان کو ہنڈیا میں اُبالا۔آپؐ نے ان کے بارہ میں ارشاد فرمایا تو وہ اُلٹا دی گئیں۔ پھر دس دس بکریاں ایک ایک اونٹ کے برابر ٹھہرائیں۔ پھر باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں ہم نے کہا یا رسولؐ اللہ! ہم کل دشمن سے ملنے والے ہیں اور ہمارے پاس چھریاں نہیں ہیں تو (کیا) ہم بانس وغیرہ کی دھار سے ذبح کرلیں؟ راوی کہتے ہیں ان میں سے ایک اونٹ بے قابو ہو گیا تو ہم نے اُسے تیر مارا یہانتک کہ اُسے گرا دیا۔حضرت رافعؓ بن خدیج سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! ہم کل دشمن سے

عَلَيْنَا بَعِيرٌ مِنْهَا فَرَمَيْنَاهُ بِالنَّبْلِ حَتَّى وَهَصْنَاهُ و حَدَّثَنِيه الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ الْحَدِيثَ إِلَى آخِرِهِ بِتَمَامِهِ وَقَالَ فِيهِ وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ {23}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا لَاقُو الْعَدُوِّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَلَمْ يَذْكُرْ فَعَجِلَ الْقَوْمُ فَأَغْلَوْا بِهَا الْقُدُورَ فَأَمَرَ بِهَا فَكُفِئَتْ وَذَكَرَ سَائِرَ الْقِصَّةِ [5092 5096,5095,5094,5093]

ملنے والے ہیں اور ہمارے پاس چھریاں نہیں اور اس روایت میں یہ ذکر نہیں ہے کہ لوگوں نے جلدی کی اور اس کے ساتھ ہانڈیاں ابلنے لگیں اور آپؐ نے اُنہیں الٹانے کا حکم دیا اور وہ الٹا دی گئیں۔

## [5]5:بَاب: بَيَانُ مَا كَانَ مِنَ النَّهْيِ عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ بَعْدَ ثَلَاثٍ فِي أَوَّلِ الْإِسْلَامِ وَبَيَانِ نَسْخِهِ وَإِبَاحَتِهِ إِلَى مَتَى شَاءَ

## باب: ابتداء اسلام میں تین دن کے بعد قربانیوں کے گوشت کھانے کی ممانعت ہوئی تھی اس کی وضاحت اور اس (حکم) کے منسوخ ہونے اور (قربانیوں کا گوشت کھانے کی) جب تک کوئی چاہے اجازت کا بیان

3625{24}حَدَّثَنِي عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ

**3625**:ابوعبید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں عید (کی نماز) میں حضرت علیؓ بن ابی طالب کے ساتھ

**3625** : اطراف : مسلم کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النهی عن اکل... 3626 ، 3627 ، 3628 =

قَالَ شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِب فَبَدَأَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ وَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نَأْكُلَ مِنْ لُحُومِ نُسُكِنَا بَعْدَ ثَلَاثٍ [5097]

تھا۔آپؓ نے خطبہ سے پہلے نماز سے ابتداء کی اور فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہمیں تین دن کے بعد اپنی قربانیوں کے گوشت کھانے سے منع فرمایا تھا۔

3626{25} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي أَبُو عُبَيْدٍ مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ أَنَّهُ شَهِدَ الْعِيدَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِب قَالَ فَصَلَّى لَنَا قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهَاكُمْ أَنْ تَأْكُلُوا لُحُومَ نُسُكِكُمْ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ فَلَا تَأْكُلُوا و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ ح و حَدَّثَنَا حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [5099,5098]

**3626**: ابن شہاب سے روایت ہے کہ مجھے ابوعبید نے جو ابن ازھر کے آزاد کردہ غلام تھے بتایا کہ وہ عید (کی نماز) میں حضرت عمرؓ بن خطاب کے ساتھ تھے وہ کہتے ہیں پھر میں نے حضرت علیؓ بن ابی طالب کے ساتھ نماز پڑھی ۔وہ کہتے ہیں آپؓ نے ہمیں خطبہ سے پہلے نماز پڑھائی۔ پھر لوگوں کو خطبہ دیا اور فرمایا یقیناً رسول اللہ ﷺ نے تمہیں تین سے زائد (دن) اپنی قربانیوں کے گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔

**تخریج : بخاری** کتاب الاشربة باب ما یوکل من لحوم الاضاحی وما یتزود منها 5573 ، 5574 **نسائی** کتاب الضحایا النهی عن الاکل من لحوم الاضاحی بعد ثلاث وعن امساکه 4423 ، 4424 ، 4425 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ماجاء فی کراهية اکل الاضحية فوق ثلاثة ايام ... 1509

**3626 : اطراف : مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النهی عن اکل... 3625 ، 3627 ، 3628

**تخریج : بخاری** کتاب الاشربة باب ما یوکل من لحوم الاضاحی وما یتزود منها 5573 ، 5574 **نسائی** کتاب الضحایا النهی عن الاکل من لحوم الاضاحی بعد ثلاث وعن امساکه 4423 ، 4424 ، 4425 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ماجاء فی کراهية اکل الاضحية فوق ثلاثة ايام ... 1509

3627{26} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يَأْكُلْ أَحَدٌ مِنْ لَحْمِ أُضْحِيَّتِهِ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنَا الضَّحَّاكُ يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ كِلَاهُمَا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ اللَّيْثِ [5101,5100]

**3627**: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کوئی شخص تین دن کے بعد اپنی قربانی کا گوشت نہ کھائے۔

3628{27} وحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا وَقَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ تُؤْكَلَ لُحُومُ الْأَضَاحِيِّ بَعْدَ ثَلَاثٍ قَالَ سَالِمٌ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَأْكُلُ لُحُومَ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ وَقَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ بَعْدَ ثَلَاثٍ [5102]

**3628**: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تین دن کے بعد قربانیوں کے گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ سالم کہتے ہیں حضرت ابن عمرؓ تین دن کے بعد قربانی کا گوشت نہیں کھاتے تھے۔ راوی ابن ابی عمر کی روایت میں (فَوقَ ثَلَاثٍ کی بجائے) بَعْدَ ثَلَاثٍ کے الفاظ ہیں۔

---

**3627** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النھی عن اکل... 3625 ، 3626 ، 3628

**تخریج** : **بخاری** کتاب الاشربة باب ما یوکل من لحوم الاضاحی وما یتزود منها 5573 ، 5574 **نسائی** کتاب الضحایا النھی عن الاکل من لحوم الاضاحی بعد ثلاث وعن امساکه 4423 ، 4424 ، 4425 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ماجاء فی کراھیة اکل الاضحیة فوق ثلاثة ایام ... 1509

**3628** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النھی عن اکل... 3625 ، 3626 ، 3627

3629{28}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعَمْرَةَ فَقَالَتْ صَدَقَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ دَفَّ أَهْلُ أَبْيَاتٍ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ حَضْرَةَ الْأَضْحَى زَمَنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادَّخِرُوا ثَلَاثًا ثُمَّ تَصَدَّقُوا بِمَا بَقِيَ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ النَّاسَ يَتَّخِذُونَ الْأَسْقِيَةَ مِنْ ضَحَايَاهُمْ وَيَجْمُلُونَ مِنْهَا الْوَدَكَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا ذَاكَ قَالُوا نَهَيْتَ أَنْ تُؤْكَلَ لُحُومُ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ فَقَالَ إِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ مِنْ أَجْلِ الدَّافَّةِ الَّتِي دَفَّتْ فَكُلُوا وَادَّخِرُوا وَتَصَدَّقُوا [5103]

3629: عبداللہ بن واقد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے تین دن کے بعد قربانیوں کے گوشت کھانے سے منع فرمایا تھا عبداللہ بن ابی بکر کہتے ہیں میں نے اس بات کا ذکر عمرۃ سے کیا وہ کہنے لگیں عبداللہ نے درست بات کہی ہے۔ میں نے حضرت عائشہؓ کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں عید کی نماز پڑھنے کے لئے کچھ لوگ بادیہ نشینوں میں سے آ گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (قربانیوں کے گوشت) تین دن کے لئے رکھ لو اور باقی صدقہ کر دو۔ بعد میں یوں ہوا لوگوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! لوگ اپنی قربانیوں سے مشکیں بناتے اور چربی پگھلاتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تو کیا ہوا؟ انہوں نے عرض کیا آپؐ نے ہمیں قربانیوں کے گوشت تین دن کے بعد کھانے سے منع فرمایا ہے۔ آپؐ نے فرمایا میں نے تمہیں صرف ان کمزور آ جانے والوں کی وجہ سے منع کیا تھا۔ پس اب تم کھاؤ اور ذخیرہ کرو اور صدقہ خیرات کرو۔

= **تخریج : بخاری** کتاب الاشربة باب ما یوکل من لحوم الاضاحی وما یتزود منها 5573، 5574 **نسائی** کتاب الضحایا النهی عن الاکل من لحوم الاضاحی بعد ثلاث وعن امساکه 4423، 4424، 4425 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ماجاء فی کراهية اکل الاضحية فوق ثلاثة ايام ... 1509

**3629 : تخریج : بخاری** کتاب الاشربة باب ما یؤکل من لحوم الاضاحی ... 5570 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ماجاء فی الرخصة فی اکلها بعد ثلاث 1510 1511 **نسائی** کتاب الضحایا الادخار من الاضاحی 4431، 4432، 4433 **ابو داؤد** کتاب الاضحایا باب فی ذبائح اهل الکتاب 2812، 2813 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب ادخار لحوم الاضاحی 3159، 3160

3630{29}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ ثُمَّ قَالَ بَعْدُ كُلُوا وَتَزَوَّدُوا وَادَّخِرُوا [5104]

**3630**: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے قربانیوں کے گوشت تین دن کے بعد کھانے سے منع فرمایا تھا پھر بعد میں فرمایا کھاؤ اور زاد راہ لو اور ذخیرہ کرو۔

3631{30}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَا عَطَاءٌ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ كُنَّا لَا نَأْكُلُ مِنْ لُحُومِ بُدْنِنَا فَوْقَ ثَلَاثِ مِنًى فَأَرْخَصَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوا وَتَزَوَّدُوا قُلْتُ لِعَطَاءٍ قَالَ جَابِرٌ حَتَّى جِئْنَا الْمَدِينَةَ قَالَ نَعَمْ [5105]

**3631**: ابن جریج سے روایت ہے کہ ہمیں عطاء نے بتایا وہ کہتے ہیں میں نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہم منٰی میں اپنی قربانیوں کا گوشت تین دن سے زیادہ نہیں کھاتے تھے پھر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اجازت دے دی اور فرمایا کھاؤ اور زادراہ لو راوی کہتے ہیں میں نے عطاء سے کہا حضرت جابرؓ نے کہا تھا ''یہاںتک کہ ہم مدینہ آئے'' انہوں نے کہا ہاں۔

---

**3630** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النھی عن اکل لحوم الاضاحی .. 3631 ، 3632
**تخریج** : **بخاری** کتاب الحج باب وما یاکل من البدن وما یتصدق 1719 کتاب الجھاد والسیر باب حمل الزاد فی الغزو 2980 کتاب الاطعمة باب ما کان السلف یدخرون فی بیوتھم .. 5424 کتاب الاضاحی باب ما یؤکل من لحوم الاضاحی ..5567 **نسائی** کتاب الضحایا الاذن فی ذلک 4426

**3631** : **اطراف**: **مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النھی عن اکل لحوم الاضاحی .. 3630 ، 3632
**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب وما یاکل من البدن وما یتصدق 1719 کتاب الجھاد والسیر باب حمل الزاد فی الغزو 2980 کتاب الاطعمة باب ما کان السلف یدخرون فی بیوتھم .. 5424 کتاب الاضاحی باب ما یؤکل من لحوم الاضاحی .. 5567 **نسائی** کتاب الضحایا الاذن فی ذلک 4426

3632{31} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا لَا نُمْسِكُ لُحُومَ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَتَزَوَّدَ مِنْهَا وَنَأْكُلَ مِنْهَا يَعْنِي فَوْقَ ثَلَاثٍ {32}و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نَتَزَوَّدُهَا إِلَى الْمَدِينَةِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [5107,5106]

**3632**: حضرت جابرؓ بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ ہم تین دن سے زائد قربانیوں کے گوشت روک نہیں رکھتے تھے۔ پھر ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہم اس میں سے زادِراہ لیں اور اس سے تین دن کے بعد بھی کھائیں۔ حضرت جابرؓ بن عبد اللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم اس میں سے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مدینہ تک زادِراہ لیتے تھے۔

3633{33}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَهْلَ الْمَدِينَةِ لَا تَأْكُلُوا لُحُومَ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ و قَالَ ابْنُ

**3633**: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے مدینہ کے رہنے والو! تین دن سے زائد قربانیوں کے گوشت نہ کھاؤ۔ اور ابن مثنٰی کہتے ہیں تین دن۔ پس لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس شکایت کی کہ ان کے اہل وعیال اور نوکر چاکر ہیں تو آپؐ نے فرمایا کھاؤ اور کھلاؤ اور روک سکتے ہو یا فرمایا ذخیرہ کر سکتے ہو۔

---

**3632** : **اطراف**: **مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النھی عن اکل لحوم الاضاحی .. 3630 ، 3631

**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب وما یاکل من البدن وما یتصدق 1719 کتاب الجھاد والسیر باب حمل الزاد فی الغزو 2980 کتاب الاطعمۃ باب ما کان السلف یدخرون فی بیوتھم .. 5424 کتاب الاضاحی باب ما یؤکل من لحوم الاضاحی .. 5567 **نسائی** کتاب الضحایا الاذن فی ذلک 4426

الْمُثَنَّى ثَلَاثَة أَيَّامٍ فَشَكَوْا إِلَى رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ لَهُمْ عِيَالًا وَحَشَمًا وَخَدَمًا فَقَالَ كُلُوا وَأَطْعِمُوا وَاحْبِسُوا أَوِ ادَّخِرُوا قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى شَكَّ عَبْدُ الْأَعْلَى [5108]

3634{34} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ضَحَّى مِنْكُمْ فَلَا يُصْبِحَنَّ فِي بَيْتِه بَعْدَ ثَالِثَة شَيْئًا فَلَمَّا كَانَ فِي الْعَامِ الْمُقْبِلِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّه نَفْعَلُ كَمَا فَعَلْنَا عَامَ أَوَّلَ فَقَالَ لَا إِنَّ ذَاكَ عَامٌ كَانَ النَّاسُ فِيهِ بِجَهْدٍ فَأَرَدْتُ أَنْ يَفْشُوَ فِيهِمْ [5109]

**3634**:حضرت سلمہؓ بن اکوع سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جوتم میں سے قربانی کرے تو تیسرے دن کے بعد اس کے گھر میں قربانی کے گوشت میں سے کچھ نہیں ہونا چاہیئے۔ جب اگلا سال آیا تو انہوں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! ہم ویسا ہی کریں جیسا (اس سے) پہلے سال کیا تھا؟ آپؐ نے فرمایا نہیں اس سال تو لوگ تنگی میں تھے۔ میں نے چاہا کہ (گوشت) ان میں پھیل جائے۔

3635{35}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّة عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ ذَبَحَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِيَّتَهُ ثُمَّ قَالَ يَا ثَوْبَانُ أَصْلِحْ لَحْمَ هَذِه فَلَمْ أَزَلْ أُطْعِمُهُ مِنْهَا حَتَّى قَدِمَ الْمَدِينَةَ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ

**3635**:حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اپنی قربانی کا جانور ذبح کیا پھر فرمایا اے ثوبان! اس کا گوشت اچھی طرح بناؤ۔ تو میں آپؐ کو اس میں سے کھلاتا رہا یہانتک کہ آپؐ مدینہ آئے۔

**3635** : **اطراف: مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النهی عن اکل لحوم الاضاحی .. 3636

**تخریج : ابوداؤد** کتاب الضحایا باب فی المسافر یضحی 2814

رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ كِلَاهُمَا عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [5111,5110]

3636{36} و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْهِرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنِي الزُّبَيْدِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ أَصْلِحْ هَذَا اللَّحْمَ قَالَ فَأَصْلَحْتُهُ فَلَمْ يَزَلْ يَأْكُلُ مِنْهُ حَتَّى بَلَغَ الْمَدِينَةَ و حَدَّثَنِيهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَقُلْ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ [5113,5112]

3636: رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھے رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع میں فرمایا یہ گوشت اچھی طرح سے بناؤ۔ وہ کہتے ہیں میں نے اسے اچھی طرح بنایا۔ آپؐ مدینہ پہنچنے تک اس میں سے کھاتے رہے۔ ایک اور روایت میں فِی حَجَّةِ الوَدَاعِ کے الفاظ نہیں ہیں۔

3637{37} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ عَنْ أَبِي سِنَانٍ و قَالَ

3637: عبد اللہؓ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا اب ان کی

**3636** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاضاحی باب بیان ما کان من النھی عن اکل لحوم الاضاحی .. 3635

**تخریج** : **ابوداؤد** کتاب الضحایا باب فی المسافر یضحی 2814

**3637**: **اطراف**: **مسلم** کتاب الجنائز باب استئذان النبی ﷺ ربه عزوجل فی زیارة قبر امه 1610

**تخریج**: **نسائی** کتاب الجنائز زیارة القبور 2032، 2033 کتاب الضحایا الاذن فی ذلک 4429، 4430 کتاب الاشربة الاذن فی شیء منھا 5651، 5652، 5653 **ابوداؤد** کتاب الجنائز باب فی زیارة القبور 3234، 3235 کتاب الاشربة باب فی الاوعية 3698

ابْنُ الْمُثَنَّى عَنْ ضِرَارِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مُحَارِبٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ أَبُو سِنَانٍ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَأَمْسِكُوا مَا بَدَا لَكُمْ وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ إِلَّا فِي سِقَاءٍ فَاشْرَبُوا فِي الْأَسْقِيَةِ كُلِّهَا وَلَا تَشْرَبُوا مُسْكِرًا و حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ فَذَكَرَ بِمَعْنَى حَدِيثِ أَبِي سِنَانٍ [5115,5114]

زیارت کر سکتے ہو اور میں نے تمہیں تین دن سے زائد قربانیوں کے گوشت کھانے سے منع کیا تھا، اب جتنا تم مناسب سمجھو رکھ سکتے ہو اور میں نے تمہیں مَشک کے علاوہ نبیذ (پینے سے) منع کیا تھا۔ اب تم دوسرے تمام برتنوں سے پی سکتے ہو اور نشہ آور چیز نہ پیو۔

ایک اور روایت میں (قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ نَهَيْتُكُمْ کی بجائے) اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ کے الفاظ ہیں۔

## [6]6:بَاب الْفَرَعِ وَالْعَتِيرَةِ

## فرع اور عتیرہ کا بیان

3638{38} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو

3638: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہ کوئی فرع ہے اور نہ

**3638 : تخریج: بخاری** کتاب العقیقة باب الفرع 5473 باب العتیرة 5474 **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ما جاء فی الفرع والعتیرة ...1512 **نسائی** کتاب الفرع والعتیرة 4221، 4222، 4223 **ابوداؤد** کتاب الضحایا باب فی العتیرة ...2831 **ابن ماجه** کتاب الذبائح باب الفرعة والعتیرة 3168، 3169

النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا فَرَعَ وَلَا عَتِيرَةَ زَادَ ابْنُ رَافِعٍ فِي رِوَايَتِهِ وَالْفَرَعُ أَوَّلُ النِّتَاجِ كَانَ يُنْتَجُ لَهُمْ فَيَذْبَحُونَهُ[5116]

عتیرہ ہے۔ابن رافع نے اپنی روایت میں یہ بات زائد بیان کی کہ فرع پہلا بچہ ہے جسے مشرک ذبح کیا کرتے تھے۔☆

## [7]7:بَاب: نَهْيُ مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِ عَشْرُ ذِي الْحِجَّةِ وَهُوَ مُرِيدُ التَّضْحِيَةِ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ شَعْرِهِ أَوْ أَظْفَارِهِ شَيْئًا

## باب: جس پر ذوالحجہ کا عشرہ آجائے اور وہ قربانی کا ارادہ رکھتا ہو، اس کے لئے اپنے بالوں یا ناخنوں میں سے کچھ بھی کاٹنے کی ممانعت

3639{39}حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ

**3639**:حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جب (ذی الحجہ کا پہلا) عشرہ آجائے اور تم میں سے کسی کا ارادہ قربانی کرنے کا ہوتو وہ اپنے بال

☆فرع (اونٹنی کا پہلا بچہ جسے معبودوں کی خاطر ذبح کیا جاتا تھا) اور عتیرہ (رجب میں ذبح کی جانے والی بکری)

**3639** : **اطراف**: **مسلم** کتاب الاضاحی باب نہی من دخل علیہ عشر ذی الحجۃ 3640، 3641، 3642

**تخریج** : **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ترک الشعر لمن اراد ان یضحی ... 1523 **نسائی** کتاب الضحایا 4361، 4362، 4363، 4364 **ابو داؤد** کتاب الضحایا باب الرجل یاخذ من شعرہ فی العشر وھو یرید ان یضحی ... 2791 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب من اراد ان یضحی فلا یاخذ فی العشر من شعرہ واظفارہ 3149، 3150

الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلَتِ الْعَشْرُ وَأَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يُضَحِّيَ فَلَا يَمَسَّ مِنْ شَعَرِهِ وَبَشَرِهِ شَيْئًا قِيلَ لِسُفْيَانَ فَإِنَّ بَعْضَهُمْ لَا يَرْفَعُهُ قَالَ لَكِنِّي أَرْفَعُهُ[5117]

اور جسم سے کچھ نہ کاٹے۔ راوی سفیان[1] سے کہا گیا کہ بعض لوگ اس روایت کو مرفوع بیان نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا لیکن میں تو کرتا ہوں۔

3640{40} و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ تَرْفَعُهُ قَالَ إِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ وَعِنْدَهُ أُضْحِيَّةٌ يُرِيدُ أَنْ يُضَحِّيَ فَلَا يَأْخُذَنَّ شَعْرًا وَلَا يَقْلِمَنَّ ظُفُرًا[5118]

**3640**:حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے وہ اسے مرفوع بیان کرتی ہیں آپؐ نے فرمایا جب (تم میں سے کسی پر ذی الحجہ کا پہلا) عشرہ آجائے اور اس کے پاس قربانی کا جانور ہو جسے وہ ذبح کرنا چاہتا ہو تو وہ نہ بال کاٹے اور نہ ناخن تراشے۔[2]

3641{41} و حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ أَبُو غَسَّانَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ

**3641**:حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جب تم ذی الحجہ کا ہلال دیکھو اور تم میں سے کسی کا ارادہ قربانی کرنے کا ہو تو وہ اپنے بال

**3640** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاضاحی باب نهی من دخل علیه عشر ذی الحجة 3639، 3641، 3642

**تخریج** : **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ترک الشعر لمن اراد ان یضحی ... 1523 **نسائی** کتاب الضحایا 4361، 4362، 4363، 4364 **ابو داؤد** کتاب الضحایا باب الرجل یاخذ من شعره فی العشر وهو یرید ان یضحی ...2791 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب من اراد ان یضحی فلا یاخذ فی العشر من شعره واظفاره 3149، 3150

1۔ یہ مدّنظر رہے کہ یہ سفیان تبع تابعی تھے۔

2۔ بخاری میں حضرت عائشہؓ کی روایت سے اس روایت کی تصدیق نہیں ہوتی۔

**3641** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاضاحی باب نهی من دخل علیه عشر ذی الحجة 3639، 3640، 3642

**تخریج** : **ترمذی** کتاب الاضاحی باب ترک الشعر لمن اراد ان یضحی ...1523 **نسائی** کتاب الضحایا 4361، 4362، 4363، 4364 **ابو داؤد** کتاب الضحایا باب الرجل یاخذ من شعره فی العشر وهو یرید ان یضحی ...2791 **ابن ماجه** کتاب الاضاحی باب من اراد ان یضحی فلا یاخذ فی العشر من شعره واظفاره 3149، 3150

مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمْ هِلَالَ ذِي الْحِجَّةِ وَأَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يُضَحِّيَ فَلْيُمْسِكْ عَنْ شَعْرِهِ وَأَظْفَارِهِ و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَكَمِ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ عُمَرَ أَوْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ[5120,5119]

(کاٹنے) اور ناخن (تراشنے) سے رکا رہے۔

3642{42} و حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو اللَّيْثِيُّ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ أُكَيْمَةَ اللَّيْثِيِّ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهُ ذِبْحٌ يَذْبَحُهُ فَإِذَا أُهِلَّ هِلَالُ ذِي الْحِجَّةِ فَلَا يَأْخُذَنَّ مِنْ شَعْرِهِ وَلَا مِنْ أَظْفَارِهِ شَيْئًا حَتَّى يُضَحِّيَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارٍ

3642: عمر بن مسلم بن عمار بن اکیمہ لیثی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے سعید بن مسیّب کو کہتے سنا کہ میں نے نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص کے پاس قربانی کا جانور ہو جسے وہ قربان کرنا چاہتا ہے تو جب ذی الحجہ کی پہلی رات کا چاند نکل آئے تو جب تک وہ قربانی نہ کرلے اپنے بال اور ناخن ہرگز نہ کاٹے۔عمرو بن مسلم بن عمار بن لیثی نے بیان کیا کہ ہم قربانیوں سے کچھ پہلے حمام میں تھے بعض لوگوں نے بال صاف کئے۔حمام کے بعض لوگوں نے کہا کہ سعید بن مسیّب اسے ناپسند کرتے ہیں یا کہا اس سے منع کرتے ہیں (راوی کہتے ہیں)

**3642 : اطراف : مسلم** کتاب الاضاحی باب نھی من دخل علیہ عشر ذی الحجۃ 3639، 3640، 3641

**تخریج : ترمذی** کتاب الاضاحی باب ترک الشعر لمن اراد ان یضحی ...1523 **نسائی** کتاب الضحایا 4361، 4362، 4363، 4364 **ابو داؤد** کتاب الضحایا باب الرجل یاخذ من شعرہ فی العشر وھو یرید ان یضحی ...2791 **ابن ماجہ** کتاب الاضاحی باب من اراد ان یضحی فلا یاخذ فی العشر من شعرہ واظفارہ 3149، 3150

اللَّيْثِيُّ قَالَ كُنَّا فِي الْحَمَّامِ قُبَيْلَ الْأَضْحَى فَاطَّلَى فِيهِ نَاسٌ فَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْحَمَّامِ إِنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَكْرَهُ هَذَا أَوْ يَنْهَى عَنْهُ فَلَقِيتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ يَا ابْنَ أَخِي هَذَا حَدِيثٌ قَدْ نُسِيَ وَتُرِكَ حَدَّثَتْنِي أُمُّ سَلَمَةَ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ مُعَاذٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَخِي ابْنِ وَهْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي حَيْوَةُ أَخْبَرَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُسْلِمٍ الْجُنْدَعِيِّ أَنَّ ابْنَ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ وَذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِهِمْ[5123,5122,5121]

میں سعید بن مسیّب سے ملا اور ان سے اس بات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا اے میرے بھتیجے! یہ تو ایسی روایت ہے جسے بھلا دیا گیا ہے اور چھوڑ دیا گیا۔ مجھے نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہؓ نے بتایا انہوں نے کہا کہ نبی ﷺ نے فرمایا۔۔۔

## [8]8:بَاب: تَحْرِيمُ الذَّبْحِ لِغَيْرِ اللَّهِ تَعَالَى وَلَعْنِ فَاعِلِهِ

## باب: غیراللہ کے لئے ذبح کرنے کی حرمت اور ایسا کرنے والے پر لعنت

3643{43} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَسُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ كِلَاهُمَا عَنْ مَرْوَانَ قَالَ

3643: ابوطفیل عامر بنؓ واثلہ بیان کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت علیؓ بن ابی طالب کے پاس

**3643** : اطراف : مسلم كتاب الاضاحى باب تحريم الذبح لغير الله ولعن فاعله 3644 ، 3645

تخریج : نسائی كتاب الضحايا من ذبح لغير الله 4422

زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنَا أَبُو الطُّفَيْلِ عَامِرُ بْنُ وَاثِلَةَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسِرُّ إِلَيْكَ قَالَ فَغَضِبَ وَقَالَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسِرُّ إِلَيَّ شَيْئًا يَكْتُمُهُ النَّاسَ غَيْرَ أَنَّهُ قَدْ حَدَّثَنِي بِكَلِمَاتٍ أَرْبَعٍ قَالَ فَقَالَ مَا هُنَّ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ قَالَ لَعَنَ اللَّهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهُ وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللَّهِ وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ آوَى مُحْدِثًا وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ غَيَّرَ مَنَارَ الْأَرْضِ [5124]

تھا کہ آپؓ کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ نبی ﷺ آپؓ سے کیا راز کی باتیں کیا کرتے تھے۔ وہ کہتے ہیں آپؓ ناراض ہوئے اور کہا نبی ﷺ مجھ سے کوئی ایسی راز کی بات نہیں کرتے تھے جسے وہ دوسرے لوگوں سے چھپاتے ہوں۔ ہاں مگر آپؐ نے مجھے چار باتیں بتائیں۔ وہ کہتے ہیں پھر اس نے کہا کہ اے امیر المؤمنین! وہ کیا ہیں؟ وہ کہتے ہیں آپؐ نے فرمایا اللہ اس پر لعنت کرے جو اپنے باپ پر لعنت کرے اور اللہ اس پر لعنت کرے جو غیر اللہ کے لئے ذبح کرتا ہے۔ اور اللہ اس پر لعنت کرے جو کسی بدعتی کو پناہ دے اور اللہ لعنت کرے اس پر جو زمین کے نشان کو بدلے۔

3644{44}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ قُلْنَا لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَخْبِرْنَا بِشَيْءٍ أَسَرَّهُ إِلَيْكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا أَسَرَّ إِلَيَّ شَيْئًا كَتَمَهُ النَّاسَ وَلَكِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ لَعَنَ اللَّهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللَّهِ وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ آوَى مُحْدِثًا وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَيْهِ وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ غَيَّرَ الْمَنَارَ[5125]

**3644**: ابو طفیلؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم نے حضرت علیؓ بن ابی طالب سے کہا کہ ہمیں کچھ بتائیں جو رسول اللہ ﷺ نے آپؓ سے علیحدگی میں کیں۔ انہوں نے کہا مجھے آپؐ نے کوئی ایسی راز کی بات نہیں بتائی جو دوسروں سے چھپائی ہو، ہاں میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا اللہ اس پر لعنت کرے جو غیر اللہ کے لئے ذبح کرتا ہے۔ اور اللہ لعنت کرے اس پر جو کسی بدعتی کو پناہ دیتا ہے۔ اور اللہ لعنت کرے اس پر جو اپنے والدین پر لعنت کرتا ہے۔ اور اللہ لعنت کرے اس پر جو (زمین کے لئے) نشان تبدیل کرتا ہے۔

---

**3644** : **اطراف** : مسلم کتاب الاضاحی باب تحریم الذبح لغیر اللہ ولعن فاعله 3643 ، 3645

**تخریج** : نسائی کتاب الضحایا من ذبح لغیر الله 4422

3645{45}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ أَبِي بَزَّةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ سُئِلَ عَلِيٌّ أَخَصَّكُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ فَقَالَ مَا خَصَّنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ يَعُمَّ بِهِ النَّاسَ كَافَّةً إِلَّا مَا كَانَ فِي قِرَابِ سَيْفِي هَذَا قَالَ فَأَخْرَجَ صَحِيفَةً مَكْتُوبٌ فِيهَا لَعَنَ اللَّهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللَّهِ وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْأَرْضِ وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهُ وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ آوَى مُحْدِثًا[5126]

**3645:** ابوطفیلؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت علیؓ سے سوال کیا گیا کہ کیا رسول اللہ ﷺ نے آپؓ لوگوں کو کسی بات میں خاص کیا ہے؟ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے ہمیں کوئی ایسی خاص بات نہیں بتائی جو دوسرے سب لوگوں کو عام طور پر نہ بتائی ہو سوائے اس کے کہ جو میری اس تلوار کے میان میں ہے۔ وہ کہتے ہیں پھر انہوں نے صحیفہ نکالا جس میں لکھا ہوا تھا اللہ اس پر لعنت کرے جو غیر اللہ کے لئے ذبح کرتا ہے اور اللہ لعنت کرے اس پر جو زمین کے نشان چوری کرتا ہے۔ اور اللہ لعنت کرے اس پر جو اپنے والد پر لعنت کرتا ہے۔ اور اللہ لعنت کرے اس پر جو کسی بدعتی کو پناہ دیتا ہے۔

**3645** : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاضاحی باب تحریم الذبح لغیر اللہ ولعن فاعلہ 3643 ، 3644

**تخریج** : **نسائی** کتاب الضحایا من ذبح لغیر اللہ 4422

❁❁❁

الحمدللہ دسویں جلد مکمل ہوئی۔ گیارہویں جلد ''کتاب الاشربۃ'' سے شروع ہوگی۔ ان شاء اللہ

# انڈیکس

# آیات قرآنیہ

# احادیث

حروف تہجی کے اعتبار سے

# مضامین

ا،ب،پ،ت،ٹ،ث

**اللہ**



**رسول اللہ ﷺ**



**آگ**



**اتحاد**

**امام/آئمہ**



**امیر/امراء**

## انصاف



## اونٹ



## اونٹنی



## اہل کتاب



## بکری



## بھوک



## بیعت

### تحفہ/تحائف



### تضمیر



### تعریف



### تیراندازی

### قاری/قرّاء



### قرآن



### قربانی

## گھوڑے



### ل،م،ن

## لشکر



## لعنت



## مال



## مجاہد



## مرغی

❁❁❁

# اسماء

# مقامات

# کتابیات

قرآن کریم

بخاری

ترمذی

نسائی

ابوداؤد

ابن ماجہ